الحديث عن الامام علي الرضي ومحمد بن صدقة ومحمد بن تميم عن الامام الكاظم
فلا يصلح فساد حديث الهروي لما ذكره ابن السبكي من ان الادلة مجاهيل
وما استشهد بقول تمام في الفوائد والعطار لابي محمد ان في فوائده فهو ايضا لا يخلو
عن شيء لان مجرد ذكر الرواية بدون ذكر الرواة صحتها ومقبوليتها لا يكفي بلا
استشهاد كما صرح به في المقدمة منقولا عن التحفة وما نقل به من رواية ابن
مردويه فسنده ضعيف كما صرح به السيوطي فليراجع واما قوله بالجملة فما
الحديث له عن المولى علي المرتضى طرق جمة عند الائمة الجلة فنقول في جوابه ان
كلها مجروحة مطعونة بالوضع او المجهولية او الضعف فلا تصلح للاعتبار والاستشهاد
والاستدلال بها في باب العقائد وكذا رواية الشيرازي والديلمي عن عائشة
ورواية ابن الجوزي عن النبي ﷺ فاسنادهما ضعيف فلا تستدل بهما في باب
العقائد وما اعترض به على البيهقي في قوله وشاهد هذا الحديث ما انبأ
ابو نصر ابن قتادة بسنده عن ابي قتادة من شهد ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله
فذل بها لسانه واطمان بها قلبه لم تطعمه النار بقوله قلت بل هو شاهد الحديث

اور خدا کا احسان ہے اور اوس کی طرف سے خطا سے حفاظت ہے اور لیکن مصنف کا قول (۲) (او یفتی بروایت
بعض الرواۃ عن الامام محل السکلام لکون آخر بن ثقات الافاد من الاعلام) پس یہ قول بھی
مغالطہ دہی و بناوٹ سے خالی نہیں ہے اس لئے کہ اوس کے قول بعض الرواۃ عن الامام سے تبادر وہ لوگ
ہیں کہ جن کی روایت امام سے بلا واسطہ ہے اور بلا واسطہ راوی اس حدیث کا امام علی رضا سے بجز ہروی کے
کوئی نہیں ہے اور وہ قطعاً محل کلام ہے جیسا کہ مذکور ہوا اور لیکن بجز ہروی نہیں اوس کی روایت ہروی
ہی سے ہے اور دار قطنی نے اوس کے باب میں کہا ہے کہ اوس نے اس حدیث کو ہروی سے سرقہ
کیا ہے پھر کیونکر صادق آئے گا مصنف کا قول (لکون آخرین ثقات الافاد من الاعلام) غیر ہروی
پر کیونکہ وہ باب وہین ہین سرقہ کرنے والوں میں سے ہے اور جو کہ اس حدیث کے لئے مصنف نے استشہاد
کیا ہے ہیثم بن عبد اللہ و علی بن ازہر سرخسی و محمد بن صدقہ و محمد بن اسلم کی حدیثوں سے پس اس سے ہروی کی
حدیث کا ضعف دفع نہیں ہو سکتا ہے اس لئے کہ ابن جوزی نے کہا ہے کہ یہ چاروں مجہول الحال ہیں اور جو کہ تمام
قول کو اور ابو محمد جعفر ان کے منسوب کرنے کو فوائد میں تابع بنایا ہے یہ بھی شبہ سے خالی نہیں ہے اس لئے کہ مجرد روایت
کو ذکر کرنا بدون ذکر کرنے راوی کے اوسکی صحت و مقبولیت کو استشہاد کیلئے کفایت نہیں کرتا ہے جیسا کہ مقدمہ
میں تحفہ کی عبارت سے اس کی تصریح ہو چکی ہے اور جو کہ ابن مردویہ کی روایت کو نقل کیا ہے پس اوسکی سند ضعیف ہے
جیسا کہ سیوطی نے اوسکی تصریح کی ہے پس قول سیوطی کی طرف رجوع کیا جائے اور لیکن مصنف کا قول (و بالجملۃ فالحدیث الذی یدل
علی المدعی طرق جمۃ عند الائمۃ الحفاظ) ہم اسکے جواب میں کہتے ہیں کہ وہ سب کی سب مجروح و مطعون ہیں ساتھ وضع حدیث یا مجہول
ہونیکے یا ضعف کے پس اعتبار و استشہاد و استدلال کے قابل نہیں ہیں باتفاق محدثین اور اسیطرح شیرازی و دیلمی کی روایت مرفوع
عائشہ صدیقہ سے اور ابن جوزی کی روایت مرفوع حضرت انس سے ان دونوں کی سند ضعیف ہے پس یاب شمار میں آنے کے لیے
نہ لائی جائیگی اور جو کہ مصنف نے بیہقی پر اعتراض کیا ہے اسکے اس قول میں (و شاہد ھذا الحدیث ما انا ابو نصر بن قتادۃ بسندہ عن
ابی قتادہ من شہد ان لا الہ الا اللہ و ان محمد الرسول اللہ قال بہا لسانہ و اطمأن بہا قلبہ لم تطعمہ النار) — اپنے اس
قول سے (قلت بل ھو شاھد الحدیث الاول فی فرض الایمان الاجمالی)

الاوثق في فرض الايمان الا اجمل فالجمل فتأمل انتهى فانما يتوجه عليه لو استشهد
البيهقي به على حديث الهروي وليس كذلك بل هو استشهد به ومنه على
الحديث الاولي الذي رواه الحافظان ابوزرعة ومحمد بن اسلم لانه المقبول عند
اهل السنة والذي رواه ابو الصلت متروك من جهته فلا يستدل به
ولا يستشهد عليه عندهم فالنسبة الى البيهقي بالاستشهاد على حديث
الهروي لهذا الحديث والاعتراض عليه بعد صحته بناء الفاسد
على الفاسد فتفكر واما قوله وصح هذا كله فقيل الدارقطني وذكروا في
الهروي له وهو متهم بوضعه لم يحدث به الا من سرقه منه فهو الآفة
في حديث وقيل ابن الجوزي موضوع كلاهما مما لا يعول عليه ولا
يلتفت اليه انتهى فهو دليل على جادته على الائمة وجرأته على الاجلة
وصرالطاله منافي ابتداء هذا الرد فليتذكر واما قوله وكذا في ابن السبكي
هنا فقصور لما اعتبر بما ذكر في الهروي واقتصر السخاوي على روايته ابن ماجة
وحكم ابن الجوزي وقصته رواية الامام له نيسابور وعند الديلمي بلا سند
وكل ذلك قصور في الشوا انتهى فاقول بتوفيق الله تعالى وعونه انه ليس كما
قال المصنف بل هو يدل على كمال عثورهم في الروايات وجلالة عبورهم في
احوال الرواة وعلى انهما قد نزل الناس على منازلهم حيث تشبثا بالمقبول وتركا
المردود والمجهول واعتمدا على اقوال ائمة الفن في باب الذين واعرضا عن ما روي
عن المردودين او المجهولين والعجب من المصنف انه مع علمه بهذه الاقاويل و
دعواه بانه من اهل السنة كيف يعترض على ائمتهم واجلتهم في الدراية والرواية
وكيف يتمسك باقوال المردودة التي صدرت من الرواة المجروحة وكيف يفتري

فالمجمل فتأمل انتہی) پس یہ اعتراض بیہقی پر جب متوجہ ہوتا کہ جب وہ اس قول سے ہروی کی حدیث
پر شاہد لاتا اور ایسا نہیں ہے بلکہ اس قول میں استشہاد ہے حدیث الہی پر جس کے راوی دو حافظ
ابو زرعہ و محمد بن اسلم ہیں کیونکہ اہل سنت کے یہاں وہی حدیث مقبول ہے اور ہروی کی حدیث بجہت
ہروی متروک ہے تو اوس کو دلیل بنایا جاتا ہے اور نہ اوس پر شاہد لایا جاتا ہے اہل سنت کے نزدیک
پس بیہقی کی طرف حدیث ہروی کے لئے شاہد بنانے کی نسبت کرنا اور پھر عدم صلاحیت استشہاد ہذا
کا اوس پر اعتراض کرنا بناء فاسد علی الفاسد ہے اس کو سمجھ لے اور لیکن قول مصنف کا (وضع ھذا
کله فقیل الدارقطني وضعه رواية الهروي له وهو متهم بوضعه لم يحدث به
الا من سرقه منه فهو الابتداء في هذا الحديث وقال ابن الجوزي موضوع
كلاهما لا يعول عليه ولا يلتفت اليه انتهى) پس یہ دلیل ہے مصنف کے بیباک ہونے
اور دلیری کرنے کی ائمہ و اکابر دین پر اور اس کا بطلان تو ہم اس رد کے شروع میں کر چکے ہیں پس
وہاں دیکھ لیا جاوے اور لیکن مصنف کا قول (ولكن اقتصر ابن السبكي لما اعترض ما ذكره في الهروي
واقتصر السخاوي في المقاصد الحسنة على رواية ابن ماجة وحكم ابن الجوزي في قصة
رواية الامام لا نفسها او عند الديلمي بلا سند وكل ذلك في الغثو انتهى) پس میں کہتا ہوں خدا
کی توفیق و مدد سے کہ امر مذکور ایسا نہیں ہے کہ جیسا مصنف نے کہا ہے بلکہ اس سے اون کا کمال علمی روایا میں
اور اون کی جلالت شان احوال رواۃ میں ثابت ہے اور یہ کہ وہ دونوں لوگوں کو اون کے مراتب میں رکھتے تھے
اس لئے کہ ان دونوں نے مقبول حدیث کو دستاویز بنایا اور مردود و مجہول چھوڑ دیا اور دین کے باب میں ائمہ فن
اقوال پر اعتماد کیا ہے اور مردود و مجہول اشخاص کے مرویات سے اعتراض کیا ہے اور تعجب تو مصنف سے ہے کہ وہ ان
اقوال کا علم رکھتا ہے اور اہل سنت میں اپنے داخل ہونے کا دعوے کرتا ہے پھر کیونکر اہل سنت کی ائمہ و اکابر پر درایت
یا روایت میں اعتراض کرتا ہے اور کیونکر دستاویز بناتا ہے ان مردود اقوال کو کہ جو
مجروح راویوں سے صادر ہوئے ہیں اور کس طرح پہ افترا و کذب

ويكذب على اهل بيت النبوة ويأمرهم بعض الاقوال المردودة الههم فالى الله المشتكى
من صنيع هذا المفترى وجسارته وفضيحته هذا المدعى وجراءته واما تمسك
بإيراد السيوطي حديث الهروي في الجامع الصغير وانه ابن ماجه
والطبراني مع رمزه اياه بالضعف فمما يضحك الطلبة فضلا عن الكملة وايضا
يسقط به تمسكه بما نقله من اللآلي المنثورة واللآلي المصنوعة للسيوطي لان غاية
ما يفهم من هذين الكتابين له ان حديث الهروي عنده ليس بموضوع
ولكنه لا يخلو عن الضعف لا يتمسك به في العقائد فبطل ما رامه المصنف
من هذا النقل من الاحتجاج وكسد متاعه الفاسد في سوق الناقدين
وما راج واما قوله وقال ابن الجزري في اسنى المطالب في حديث الهروي
حديث حسن اللفظ والمعنى رجال اسناده ثقات غير الهروي وهو خادم
الامام الرضى فانهم ضعفوه وصلاحه انتهى فلا يفيده لان هذا القول مصرح
بان الهروي غير ثقة لان المحدثين ضعفوه وما رواه الضعيف فلا يعتبر
ولا يحتج به واما قوله مع صلاحه في الحديث منه لا في الرواية يخالف
تصريح المحدثين بوضع الهروي وكذبه لان الصلاح في الشرع ضد
الفسق والفسق هو المعصية في العمل دون الاعتقاد لانه داخل في البدعة
والبدعة اعتقاد الامر المحدث الذي لم يوجد في القرون الثلاثة على
خلاف ما عرف في الدين كما في عقائد اهل السنة والهروي مع كونه شيعيا
كيف يراد صلاحه الشرعي لان التشيع ابتداع في الاعتقاد بعصمة الائمة وبغض
الشيخين واختصاص الامامة في العدد المعلوم ولما لم يجتمع الصلاح مع الفسق
فكيف يجتمع مع الابتداع الذي هو اعلى من الفسق وقوله وقد روى ايضا

کرتا ہے اہل بیت نبوت اور اون کے اماموں پر اقوال مردودہ کی نسبت کرنے مین اون کی طرف۔ پس خدا ہی
کے سامنے ہماری شکایت ہے اس افترا پردازی کی حرکت اور اس مدعی کی جسارت وفضیحت وجرأت کے باب مین
اور لیکن دلیل لانا مصنف کا کہ اس امر کو کہ سیوطی نے ہروی کی حدیث کو ابن ماجہ وطبرانی کی روایت سے جامع صغیر
مین نقل کیا ہے اور اوس کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے۔ پس کاملین تو کجا طالب العلموں کو اسپر
ہنسی آتی ہے اور نیز قول سیوطی سے ساقط ہو گیا تمسک کرنا مصنف کا اس کلام سے کہ جس کو
مصنف نے در منثور و لآلی مصنوعہ مولفہ سیوطی سے نقل کیا ہے اس لئے کہ غایت کلام ان دونون
کتب سیوطی سے اسی قدر مفہوم ہے کہ حدیث ہروی سیوطی کے نزدیک موضوع نہین ہے اور لیکن
حدیث ہروی ضعف سے خالی نہین ہے اور ضعیف سے عقائد مین تمسک جائز نہین پس مصنف کا جو مقصد
ان نقول سے تھا باطل ہو گیا اور اوس کی نتائج فاسدہ جو انکے اون کے بازارین کاسد ہو گئی اور رائج نہوئی
اور لیکن مصنف کا قول (وقال ابن الجوزی فی اسنی المطالب فی حدیث الہروی ہذا
حسن الالفاظ والمعانی رجال اسنادہ ثقات غیر الہروی فہو وان اتہم فانہ مشہور
صح صلاحہ انتہی) پس مصنف کو مفید نہین ہے اس وجہ سے کہ اس قول مین صراحت ہے اس امر کی کہ ہروی
غیر ثقہ ہے کیونکہ محدثین نے اسکو ضعیف کہا ہے اور ضعیف کی روایت غیر معتبر و غیر معتمد ہے رہا قول ابن جوزی کا
صح صلاحہ اس سے مراد خدمت کی صلاحیت ہی نہ کہ صلاحیت فی الروایت تاکہ محدثین کی تصحیح سے مخالفت نہ لازم
آئے جو انہون نے ہروی کی حدیث وضع کرنے اور کذب فی الروایۃ مین فرمائی ہے اس لئے کہ شرع مین صلاح ضد ہے
فسق کا اور فسق نام ہے عمل مین معصیت کرنیکا نہ کہ اعتقاد مین اس لئے کہ معصیت فی الاعتقاد بدعت مین داخل ہے
بدعت اعتقاد کرنا ہے جدید امر کا کہ جس کا وجود قرون ثلاثہ مین نہو اور مخالف ہو دین کو متعارف امر سے جیسا کہ تقدم اول
مین مذکور ہے اور ہروی جبکہ شیعی ہے تو اسکی صلاح سے مراد صلاح شرعی کیونکر ہو سکتی ہے اس لئے کہ تشیع بدعت ہے کالنا
اعتقاد مین اماموں کی معصوم ہونیکے باب مین اور شیخین سے بغض رکھنے اور اماموں کو عدد معین مین منحصر جاننے مین اور جبکہ فسق کیسا
صلاح کا اجتماع نہین تا ہی پس ثابت کیا نہ کیونکر جمع ہو گی کہ جو فسق سے بڑھکر ہے اور مصنف کا یہ قول (وقد روی ایضا)

عن مالك وحماد بن زيد روى عنه احمد بن ابي خيثمة وعبد الله بن احمد ايضاً
اقول هذا ايضاً لا يدفع الفساد ولا يفيد المراد لان الهروى لما كان متهماً بالكذب على
الامام موسى الرضى الذى هو اعلى وافضل من الامام مالك وغيره فكيف لا
تؤمن غلطته فيمن هو ادون منه كالامام مالك وحماد بن زيد
وغيرهما واما الذين رووا عن الهروى كابن ابي خيثمة وعبد الله بن احمد
وغيرهما فروايتهم مسبوقة من الهروى كما صرح به الدارقطني امام فن الجرح
والتعديل وقوله ولكن تابعه على روايته هذا الحديث عن الرضى محمد بن اسلم
فذكره عن البيهقي في الشعب قال فخرج ابو الصلت من عهدته انتهى اقول
بتوفيق الله تعالى وعونه هذا النقل يوهن كيد المصنف ويشفي شيئاً لانه صرح
في ان مخرج هذا الحديث هو ابو الصلت لا غير ومحمد بن اسلم انما هو تابع له
وان كان تبعيته للهروى غير ثابت على الاصح والمصنف قد خالف هذا النقل
عمداً ترويجاً لهذا الحديث حيث جعله حديثاً مجوداً في صدد الاستدلال
وجعل محمد بن اسلم مخرجاً له والهروى تابعاً له وهذا الكيد عظيم لا يعرفه
الا العريف وخروج الهروى عن عهدة هذا الحديث انما يثبت اذا ثبت
تخريج محمد بن اسلم لهذا الحديث وهو بعد غير ثابت قال وقوله سلام الله عليه
وطوله معرفة بالقلب اى بالالوهية للرب والنبوة لرسوله بما اوجب ولاحمد
في المسند عن على قال قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الاسلام ان يسلم
قلبك وان يسلم المسلمون من لسانك ويدك قيل فاى الاسلام
افضل قال الايمان قيل ما الايمان قال ان تؤمن بالله وملائكته وكتبه ورسله والبعث
بعد الموت قيل فاى الايمان افضل قال الهجرة قيل ما الهجرة قال ان تهجر السوء قيل

عن مالك وحماد بن زيد وروى عنه احمد بن ابي خيثمة وعبد الله بن احمد وجماعته
انتہی) مین کہتا ہون کہ یہ قول ہی استدلال مصنف کے فساد کو دفع نہین کرتا ہے اور نہ مفید مرام ہے اس لئے
کہ ہروی پر جبکہ امام علی رضاؑ سے روایت کرنے مین کاذب ہونے کی تہمت ہے کہ جو امام مالکؒ وغیرہ سے
اعلی و افضل ہین پھر اوس کی آمیزش سے کیونکر امن ہو سکتا ہے ان لوگون کے باب مین جو امام علی رضاؑ سے
کم درجہ مین ہین مثل امام مالک وحماد بن زید وغیرہ کے اور لیکن جنہون نے ہروی سے روایت کی ہے جیسے ابن
ابی خیثمہ وعبد اللہ بن احمد وغیرہ لیس اون کی روایت تصریح کی گئی ہے ہروی سے جیسا کہ دارقطنی فن جرح وتعدیل
کے امام نے اس کی تصریح کی ہے اور مصنف کا قول ولكن تابعه مروانا هذا الحديث عن النبي محمد
بن اسلم فذكره عن البيهقي في الشعب قال فخرج ابو الصلت من عهدته انتہی) مین کہتا ہون
خداتعالی کی توفیق ومدد سے کہ یہ نقل مصنف کے کید کو کمزور کرتی ہے اور اوسکے مکر کو ظاہر کر رہی ہے اس لئے کہ اس مین
صراحت ہے اس امر کی کہ اس حدیث کا اصل راوی ابو الصلت ہے اور محمد بن اسلم اوس کا تابع ہے اگرچہ اس باب مین
اوسکا تابع ہونا قول اصح پر ثابت نہین ہے اور مصنف نے جان بوجھکر اس نقل کا خلاف کیا ہے اس حدیث کو رواج
دینے کیواسطے اس طرح پر کہ اس کو استدلال کے شروع مین حدیث محمد قرار دیا اور محمد بن اسلم کو اس کا اصل راوی
قرار دیا اور ہروی کو اوس کا تابع بنایا اور یہ ایک بڑا مکر ہے کہ جس کو بڑا ماہر حدیث جانتا ہے اور ہروی کا اس حدیث کی
ذمہ داری سے خارج ہونا جب ثابت ہوگا کہ جب محمد بن اسلم کا اصل راوی اس حدیث کا ہونا ثابت ہو جاوے اور یہ امر
ہنوز غیر ثابت ہے دکہا مصنف نے) اور قول حضرت صلعم کا پہچاننا دل سے یعنی خدا کی الوہیت اور رسول کی نبوت
کو ساتھ ضروریات دین کے اور امام احمد کی روایت سے مسند مین حضرت علیؑ سے کہ کہا انہون نے فرمایا رسول خدا صلعم نے اسلام
یہ ہے کہ تیرا دل مان لیوے اور یہ کہ مسلمان تیرے دست وزبان سے سلامت رہین پوچھا گیا کہ کون سا اسلام افضل ہے
فرمایا کہ ایمان - پوچھا گیا کہ ایمان کیا شے ہے - فرمایا کہ ایمان یہ ہے کہ تو اعتقاد رکھے اللہ پر اور اوسکے
فرشتون پر اور اوس کی کتابون پر اور اوس کے رسولون پر اور مرنیکے بعد اٹھنے پر - پوچھا گیا پس کون سا
ایمان افضل ہے - فرمایا کہ ہجرت - پوچھا گیا کہ ہجرت کیا شے ہے - فرمایا کہ ہجرت یہ ہے کہ تو بدی کو چھوڑ دے - پوچھا گیا

فاى الهجرة افضل قال الجهاد الحديث واحمد والطبرانى فى الكبير بسند ثقات
عن عمرو بن عبسة نحوه وهذا فى الايمان والاسلام والهجرة والجهاد من الشعبية
والعبد الرزاق وابن ابى شيبة ورستة فى الايمان واللالكائى فى السنة والبيهقى
فى الشعب وابن عساكر عن عمير بن عدى قال حدثنا على بن ابى طالب ان الهوى
نصف الايمان وانى ظاهر هذه الاحاديث والآثار عن اهل البيت الاطهار
ونحوها ذهب اصحاب الحديث ومالك والشافعى واحمد والاوزاعى
كما ذهب اهل البيت ان العمل داخل فى الايمان الا انه لا يزول اصل الايمان
بزوال العمل كما لا يزول اصل الشجرة بزوال الفرع والثمر والرجل لا يخرج عن نوعه
بقطع الايدى والارجل فالمعنى بالايمان فيها هو الايمان الكامل الذى من
يتقرب بعد الاتيان به الى ان يبعده عن صاحبه وهو المقرون بالاسلام دون
المجرد عنه وقوله وهو يزيد وينقص اى فى الاوصاف الثلاثة فالزائد فيها الايمان
الخاصة والناقص ايمان العامة اما فى المعرفة والتصديق فمن جهة القرات
والعادة لا اصل التصديق فانه ان نقص كان شكا محضا من الايمان واما
فى الاقرار فانه حيث القتل ان اقر بالايمان فلم يتقى فهو ناقص وان اقر فهو الايمان
الزائد الكامل واما فى العمل بالاركان فلا يحتاج الى البيان ومما يشيد ما ذكرنا
ما عن المولى المرتضى قال كانت السورة اذا نزلت على عهد رسول الله صلى الله
عليه وآله وسلم او الآية او اكثر زادت المومنين ايمانا وخشوعا ونهيهم فانتهوا
اخرجه محمد بن اسمعيل الوراق فى اماليه والعسكرى فى المواعظ وابن مردويه
فى تفسيره وسنده حسن قاله السيوطى وكذا الحديث الاتى المسلسل
بالائمة العشرة الاكمل فى فضل الايمان انما هو ناظر ظاهر فى عدم دخول العمل

پس کونسی ہجرت افضل ہے فرمایا کہ جہاد (آخر حدیث تک) اور احمد اور طبرانی کی روایت ہے کبیر مین ثقہ راویون کی سند کے
ساتھ عمرو بن عبسہ سے مثل حدیث مذکور کے اور یہ ایمان و اسلام مین اور ہجرت کے باب مین ایک شرعی طریقہ
ہے اور عبد الرزاق و ابن ابی شیبہ و رستہ کی روایت ہے ایمان مین اور لالکائی کی روایت ہے سنت مین
اور بیہقی کی روایت ہے شعب مین اور ابن عساکر کی روایت ہے حجر بن عدی سے کہا اوس نے کہ ہم سے
بیان کیا علی بن ابی طالب نے کہ پاکی کرنا نصف ایمان ہے اور ان احادیث و آثار اہل بیت اطہار اور انکی
مثال کے ظاہر معانی کی طرف محدثین و مالک و شافعی و احمد و اوزاعی کا مذہب ہے مثل مذہب اہل بیت کے
اس مسئلہ مین کہ عمل ایمان مین داخل ہے مگر زوال عمل سے اصل ایمان زائل نہین ہوتا جیسا کہ شاخون
اور ثمر کے زوال سے اصل درخت کا زوال نہین ہوتا ہے اور ہاتھ پیر کاٹنے سے انسان اپنی نوع سے خارج
نہین ہوتا ہے پس ان احادیث مین ایمان سے مراد ایمان کامل ہے کہ جس کے حاصل کرنے کے بعد
مومن کو حذر کرنے کی حاجت نہین ہوتی اور وہ ایسا ایمان ہے کہ اسلام سے ملا ہوا ہے نہ وہ ایمان کہ اسلام
سے مجرد ہے اور قول حضرت کا (اور ایمان گھٹتا بڑھتا ہے) یعنی تینون اوصاف مذکورہ مین پس اوصاف
ثلثہ مین بڑھنے والا خاصہ کا ایمان ہے (یعنے شیعون کا) اور کم ہونے والا عامہ کا ایمان ہے (یعنے
سنیون کا) لیکن معرفت و تصدیق مین پس باعتبار ثمرات و حلاوت کے نہ باعتبار اصل تصدیق کے اسلئے
کہ اگر اصل تصدیق گھٹ جاوے تو وہ شک ہو جائیگا جو ایمان سے نکال دیتا تھا اور لیکن اقرار مین پس جبکہ
قتل سے ڈرایا جاوے اگر ایمان کا اقرار کرے پس اقرار نہ کیا تو وہ ناقص ہے اور اگر اقرار کر لیا تو وہ ایمان
زاید کامل ہے اور لیکن عمل یا لا ارکان کے اعتبار سے پس اوسکے لئے بیان کی حاجت نہین ہے اور منجملہ اون
دلائل کے جو ہمارے اس دعوے کو قوی کرتی ہین وہ حدیث ہے کہ جو مولی مرتضی سے مروی ہے کہا انہون نے
کہ حضرت کے زمانہ مین جب کوئی سورت یا آیت زیادہ نازل ہوتی تو ایمان و خشوع مومنون کا زیادہ ہو جاتا تھا اور وہ سورت
و آیت ان کو ممنوعات سے روکتی تھی روایت کیا اسکو محمد بن اسمعیل وراق نے امالی مین اور عسکری نے مواعظ مین اور ابن مردویہ نے
اپنی تفسیر مین اور اسکی سند حسن بیان کیا اسکو سیوطی نے اور اسیطرح حدیث الہی جو مومن کامل کی نسبت اسلئے اہل ایمان عمل و اعمال ہی کی
طرف ناظر و ظاہر ہے

في اصل الايمان وسيروى ان شاء الله تعالى اقول بتوفيق الله تعالى وعونه لما فرغ عن
سرد الادلة على اثبات دعواه وبيان طرقها وتعديل رواتها شرع في بيان بعض معانيها
وما يترتب على ذلك في زعمه وقد بينا ان الادلة بعضها غير مثبت للدعواه وبعضها
غير ثابت بنفسه فكيف يثبت به مدعاه والان نبين ما في هذا القول من الفساد
ونكشف الغطاء عن وجه ما حكم به على ما اعتقده وما اراده وليعلم قبل بيان
المقصود ان لفظ العامة والخاصة مما اصطلح عليه محمد بن نعمان الذي كان في المائة
الثانية في زمان الخليفة المهدي وكني بابي جعفر الاحول ويلقب بالشيطان
الطاق والشيعة تقول له مؤمن الطاق فانه قد اخترع المذهب النعمانية
وصنف لاثباته كتبا منها افعل لم فعلت ومنها افعل لا تفعل وذكر في بعضها
ان المذاهب اربعة القدرية والخوارج والعامة والخاصة واراد بالعامة اهل
السنة وبالخاصة الشيعة واثبت النجاة للخاصة دون من سواها كما ذكرنا
في المقدمة نقلا عن الملل والنحل ولما سلك المصنف مسلكه في هذا الاصطلاح
نبه اولا على هذا الاصطلاح حيث قال في صفحه (٢) حيث تسموا بالشيعة
والخاصة وسموا اهل السنة بالعامة ثم جرى على هذا الاصطلاح ثانيا
حيث قال في صفحه (٢٠) وهو فقه العلم والايمان العامة يستوي فيه الخاصة
والعامة ثم فضل الخاصة على العامة بالاصطلاح المذكور ثالثا حيث قال
في صفحه (٢٣) فالزائد فيهما ايمان الخاصة والناقص ايمان العامة فوجه اظهر
ان الشيعة عنده اكمل ايمانا من اهل السنة وهو المعني من تجديده للدين
وكونه من المجددين من بين المسلمين اذ تمهد هذا فلنشرع في جواب ما قاله في
قوله هذا اما قوله وقوله سلام الله عليه وطوله ليس على ما ينبغي الطول

اور وہ عنقریب روایت کیجائیگی۔ اگر خدا نے چاہا۔ مین کہتا ہون خدا کی توفیق اور اوس کی مدد سے کہ ہر گاہ مصنف
فارغ ہوا بیان دلائل سے اپنے دعوے پر اور اون کے طرق وتعدیل رواۃ کے بیان سے شروع کیا اون کے
بعض معانی اور احکام کے بیان مین جو مصنف کے زعم مین تھے اور ہم بیان کر چکے ہین کہ بعض دلائل مصنف کے
اوس کے دعوے کو ثابت نہین کرتے ہین اور بعض اون مین سے بذات خود ثابت نہین ہین پھر اون سے
مصنف کا دعوے کیونکر ثابت ہو سکتا ہے اور اب ہم مصنف کے اس قول کا فساد بیان کرتے ہین اور
جس وجہ سے مصنف نے واقتصم پر حکم لگایا ہے اور جو کچھ مراد لیا ہے اوس کے چہرے سے پردہ کھولدیتے
ہین اور بیان مقصود سے پہلے جاننا چاہئے کہ لفظ عامہ وخاصہ محمد بن نعمان کے مصطلحات سے ہے جو کہ دوسری
صدی مین خلیفہ مہدی کے زمانہ مین تھا اور اوس کی کنیت ابوجعفر احول ہے اور لقب اوس کا شیطان طاق
ہے اور شیعہ اوس کو مومن طاق کہتے ہین پس اوس نے مذہب نعمانیہ کو اختراع کیا اور اوس کے اثبات کیلئے
چند کتب تصنیف کی ایک اون مین سے افعل لم فعلت ہی) اور ایک کا نام (افعل لاتفعل ہے) اور اپنی اون بعض
کتب مین ذکر کیا کہ اصل مذہب چار ہین قدریہ وخوارج وعامہ وخاصہ اور عامہ سے اہل سنت کو ارادہ کیا اور خاصہ
سے شیعہ کو اور نجات خاصہ کے واسطے ثابت کی اور پس جیسا کہ ہم نے اس کو مقدمہ مین ملل ونحل سے نقل
کیا ہے اور چونکہ اس اصطلاح مین مصنف نے شیطان طاق کا مسلک اختیار کیا ہے لہذا پہلے
اس اصطلاح کی طرف تنبیہ کی صفحہ (۶) مین اور کہا (حیث تسموا بالشیعة والخاصة وسموا اهل
السنة بالعامة) پھر دوسری مرتبہ اسی اصطلاح پر چلا صفحہ (۲۰) مین اور کہا (وهو فقه العلم والايمان
العامة يستوى فيه الخاصة والعامة) پھر تیسری مرتبہ اسی اصطلاح کے مطابق خاصہ کو عامہ
پر فضیلت دی صفحہ (۳۲) مین اور کہا (فالنا ئد فيها ايمان الخاصة والناقص ايمان العامة) اور اس
حکم سے ظاہر ہوگیا کہ مصنف کے نزدیک ایمان مین شیعہ اکمل ہین سنیون سے اور یہی مطلب ہے مصنف کا دین کی
تجدید سے اور مسلمانون مین مجدد ہتی سے۔ جب یہ تمہید ہو چکی تو اب ہم کو چاہئے کہ جو کچھ مصنف نے اس قول مین کہا ہے اسکا
جواب شروع کرین لیکن قول مصنف کا (وقوله سلام الله عليه وطوله) عربیت کے خلاف ہے اس لئے کہ طول

فى هذا القول معطوف على السلام وعليه فى محل الخبر فلزم ان يكون الطول ايضا
نازلا عليه كالسلام لان وهذا غلط فاحش لان الطول وهو القدرة صفة
لازمة لذات الله تعالى لا تتعدى منه الى غيره تعالى فكيف يصح ان يقال
طول الله عليه كما لا يصح ان يقال حيوة الله عليه وعلم الله عليه وقدرة الله
عليه واما قوله معرفته بالقلب اى بالالوهية للرب والنبوة لرسوله بما اوجب
فهو ايضا لا يخلو عن الفساد لان المتبادر من تفسيره ان يكون تفسير القول بالقلب
والباء فيه للاستعانة كما يقال فى رأيت بالعين وسمعت بالاذن والباء فى قوله
بالالوهية انما هى للصلة فلزم التغاير بين المفسر والمفسر به وهو غير جائز وان
اراد به تفسير مفعول المعرفة المحذوف من نظم الكلام فهو ايضا لا يخلو عن
قبح لان المعرفة لا تتعدى بالباء بل هى متعدية بنفسها كما فى من عرف نفسه
فقد عرف ربه وفى عرفته بنفسى التام وايضا قوله بما اوجب المتبادر منه انه
متعلق بالنبوة والباء فيه للصلة وهو لا يصح لان النبوة صفة لازمة للنبى غير
متعدية بالباء ولا بغيرها واغلاطه من هذا القبيل كثيرة فى هذا الكتاب قد
صفحنا عنها خوفا للاطناب ونظرا الى جواب مقصود الكتاب والله الهادى
الى الحق والموفق للصواب واما قوله ولاحمد فى المسند عن على قال قال رسول الله
صلى الله عليه وآله وسلم الاسلام ان يسلم قلبك وان يسلم المسلمون
من لسانك ويدك الى آخر الحديث ان اراد ان الاشياء المذكورة فى
هذا الحديث اجزاء واركان للاسلام والايمان والحجة كما هو المتبادر من ايراده
هذا الحديث فى هذا الباب فهو ممنوع لان سلامة القلب من السوء وسلامة
المسلمين من يد المسلم ولسانه انما هى من نتائج الاسلام وامارته لا من اركانه

اس قول مین سلام پر معطوف ہے اور علیہ محل خبر مین ہے پس لازم ہوا کہ طول بھی مثل سلام کے نازل ہو اور یہ
کھلی غلطی ہے کیونکہ طول قدرت کا نام ہے ایک ایسی صفت ہے کہ ذات الٰہی کو لازم ہے اور غیر کی طرف
متعدی نہین ہوتی ہے پس طول اللہ علیہ کہنا کیونکر صحیح ہو سکتا ہے جیساکہ حیواۃ اللہ علیہ و علم اللہ علیہ و
قدرۃ اللہ علیہ کہنا صحیح نہین ہے اور لیکن قول اوس کا معرفتہ بالقلب ای بالالوہتہ للرب والنبوۃ لرسولہ
بما اوجب) پس یہ بھی فساد سے خالی نہین اس لئے کہ مصنف کی تفسیر سے متبادر یہ ہے کہ وہ بالقلب کی
تفسیر ہے اور بالقلب مین بے استوانتہ کی ہے جیساکہ رایت بالعین و سمعت بالاذن مین کہا جاتا ہے
اور بے اوس کے قول بالالوہتہ مین صلہ کی ہے پس مفسر و مفسر بہ غیریت لازم آگئی اور یہ ناجایز ہے
اور اگر اس سے مراد مفعول معرفت کی تفسیر ہے جو نظم کلام سے محذوف ہے تو یہ بھی قباحت سے
خالی نہین اس لئے کہ معرفت متعدی بہ بے کے ساتھ نہین ہے بلکہ بذات خود متعدی ہے جیساکہ (من عرفہ
نفسہ فقد عرف ربہ) مین بنفسہ متعدی ہے اور عرفت ربی بفسخ العزایم مین ہے اور نیز اوس کا قول بما اوجب
ظاہر بھی ہے کہ نبوت سے کے متعلق ہے اور بے اوسمین صلہ کی ہے اور یہ بھی صحیح نہین ہے اس لئے کہ نبوت
نبی کی ایک صفت لازم ہے نہ بے کیساتھ متعدی ہوتی ہے نہ غیر با کے ساتھ اور اس قبیل کی غلطیان
اس کتاب مین بہت ہین ہم نے طوالت کے خوف سے اون سے چشم پوشی کی ہے اور نیز ہماری نظر
مقصود کتاب پر ہے اور خدا ہی امر حق کی طرف ہادی ہے اور صواب کی توفیق دینے والا ہے قول
مصنفنا) ولاحمد فی المسند عن علی قال رسول اللہ صلعم الاسلام ان یسلم
قلبک وان یسلم المسلمون من لسانک ویدک تا آخر حدیث) اگر مصنف
کی مراد اس قول سے یہ ہے کہ جو امور اس حدیث مین مذکور ہین اسلام و ایمان و ہجرت کے اجزا و ارکان
ہین جیساکہ اس حدیث کو اس باب مین لانے سے متبادر ہوتا ہے تو یہ امر غیر مسلم ہے اس لئے
کہ دل کا سلامت رہنا بدی سے اور مسلمانون کا سلامت رہنا مسلمان کے دست و زبان سے
ایمان کے نتائج و علامات سے ہے نہ کہ اجزا سے ایمان سے ہے - ورنہ اس سے

والا لزم مخالفت الحديث الصحيح بني الاسلام على خمس الحديث وان اراد منه غيره
فلا يصح اتيانه به في هذا المقام وحمله عليه فيما بعد بقوله والى ظاهر هذه
الاحاديث والآثار عن اهل البيت الاطهار واما استدلاله بحديث على رضى الله عنه
ان الطهور نصف الايمان على جزئية الطهارة للايمان فليس بتام بل لا يكاد يصح لان
المراد من الايمان في هذا الكلام الشريف المومن به والمراد من الطهارة طهارة
القلب والمومن به قسمان العقائد الباطلة والعقائد الحقة فالطهارة من
العقائد الباطلة نصف الايمان اى المومن به وكلام المصنف انما هو في الايمان
بالمعنى المصدرى فايراده هذا في هذا الباب ايضا غير صحيح واما قوله والى ظاهر
هذه الاحاديث والآثار عن اهل البيت الاطهار ونحوها ذهب اصحاب الحديث
ومالك والشافعي واحمد والاوزاعي كما ذهب اهل البيت ان العمل داخل في الايمان
فباطل كل البطلان وناش من سوء الفهم وقلة العرفان لان هذه الاحاديث والآثار
متروكة عندهم لكون بعضها موضوعا وبعضها مجهولا وبعضها ضعيفا عندهم فكيف
يستدلون بظاهرها على جزئية العمل من الايمان وفي ايضا هذا القول كيد عظيم
وتلبيس فخيم يعرفه العريف الماهر والعظريف المشاهر انه يوهم الى ان القول بجزئية
العمل من الايمان الصادر من بعض اجلة الائمة والمحدثين من اهل السنة انما
هو بظاهر هذه الاحاديث والآثار ولما كان كذا فلزمهم ان يقولوا بجزئية المعرفة
من الايمان ايضا لان هذه الاحاديث كما تدل بظاهرها على جزئية العمل كذلك
تدل اكثرها بجزئية المعرفة ايضا وان لم يقولوا بجزئيتها منه لزم كونهم مصداقا
لكريمة افتؤمنون ببعض الكتاب وتكفرون ببعض فلزمهم القول بجزئيتها ايضا لا محالة
وعلى هذا يلزم دخول اهل البيت الاطهار والاكثرين من اهل السنة الاخيار

حدیث صحیح (بنی الاسلام علی خمس الحدیث) کی مخالفت لازم آئے گی اور اگر اس کا غیر مراد ہے تو اس حدیث کو
اس باب میں لانا اور اسپر آگے چلکر حکم لگانا اپنے اس قول سے (والی ظاہر ھذہ الاحادیث
والآثار عن اھل البیت الاطھار) نادرست ہوگا اور لیکن مصنف کا دلیل لانا حدیث ان الطہور
نصف الایمان سے طہارت کے جزو ایمان ہونے پر پس ناتمام ہے بلکہ قریب صحت نہیں ہے اس لئے
کہ اس حدیث میں ایمان سے مراد مومن بہ ہے اور طہارت سے مراد طہارت قلب ہے اور مومن بہ کی
دو قسم ہیں عقائد باطلہ و عقائد حقہ پس پاک کرنا دل کو عقائد باطلہ سے نصف ہے ایمان کا یعنے مومن بہ کا
اور مصنف کا کلام ایمان مصدری میں تھا پس اس حدیث کو اس باب میں لانا بھی صحیح نہیں ہے اور
لیکن مصنف کا قول (والی ظاہر ھذہ الاحادیث والآثار عن اھل البیت الاطھار ذھب
تا آخر) پس محض بے اصل ہے اور سوء فہم و قلت عرفان سے ناشی ہے اس لئے کہ یہ احادیث و آثار ائمہ
مذکورین کے نزدیک متروک ہیں اس لئے کہ بعض ان میں موضوع ہیں اور بعض مجہول اور بعض اون کے
نزدیک ضعیف ہیں پھر وہ کیونکر ان کے ظاہر سے عمل کے جزو ایمان ہونے پر دلیل لائیں گے اور
نیز اس قول میں ایک بڑا مکر اور فریب عظیم ہے کہ جس کو بڑا عارف و ماہر پہچانتا ہے اور وہ مکر یہ ہے
کہ یہ قول وہم دلاتا ہے کہ عمل کے جزو ہونے کا قول اہل سنت کے بعض ائمہ و اجلہ محدثین سے
صادر ہوا ہے اور انہیں احادیث و آثار کے ظاہری معنی پر مبنی ہے اور جبکہ ایسا ہے تو اون کو لازم
ہے کہ معرفت کے جزو ایمان ہونے کے بھی قائل ہوں اس لئے کہ احادیث جس طرح بظاہر عمل کے
جزو ایمان ہونے پر دال ہیں اسی طرح اکثر ان میں سے معرفت کے جزو ایمان ہونے پر بھی دلالت
کرتی ہیں اور اگر معرفت کے جزو ایمان ہونے کا قول نہ کریں تو لازم آئے کہ آیہ کریمہ (کیا تم ایمان لاتے
ہو بعض کتاب پر اور بعض کتاب سے کفر و انکار کرتے ہو) کے مصداق ہو جائیں پس لامحالہ
معرفت کے جزو ایمان ہونے کا قول بھی اونپر لازم ہوا اور اس تقدیر پر لازم آتا ہے کہ اہل بیت
اطہار اور اکثر اہل سنت کے اخیار گروہ مرجیہ ضالہ میں داخل ہو جائیں

في الطائفة المرجئة الضالة نعوذ بالله منه لان القائلين بجزئية المعرفة من الايمان
هم المرجئة كما يظهر من مطالعة الملل والنحل للشهرستاني وهذه الغباوة نتائج تجديد بدعة
للدين وتمويه اقوال المسلمين ولما لزم على حكمه هذا زوال الايمان بزوال العمل لان
العمل لا محالة العمل لما كان جزءا من الايمان والكل من حيث الكل لا يبقى بعد
زوال جزء منه فلزم انتفاء الايمان اراد ان احتج بنظيرين فقال الا انه لا يزول
اصل الايمان بزوال العمل كما لا يزول اصل الشجر بزوال الفروع والثمر والرجل لا يخرج
عن نوعه بقطع الايدي والارجل انتهى وهذا الايراد مع الايراد ايضا لا يخلو
عن الفساد اما الاول فلان انتفاء الكل من حيث الكل بعد زوال جزئه لازم
في هذين النظيرين ايضا لان كل الشجر لا يبقى قطعا بعد زوال الفروع والثمر و
كل الرجل بقي جسد بعد قطع الايدي والارجل وما بقي من الشجر والرجل بعد
زوال ما ذكر ليس بكل انما هو جزء آخر لهما غير ما زال عنهما واما الثاني فلانه
قياس مع الفارق لان الايمان بمعنى التصديق بسيط بالاجماع والذي قاسه
عليه من الشجر والرجل مركب فكيف يصلح هذا التنظير ان يتشبث به الخبير
وان اراد من الايمان المومن به فهو خارج عن البحث ومع ذلك لا يندفع
به الايراد وان دار على هذا التقدير منه الفساد واما قوله فالمعنى بالايمان فيهما
هو الايمان الكامل الذي من يفتقر بعد الاتيان به الى ان يعذر عن صاحبه و
هو المقرون بالاسلام دون المجرد عنه فايضا لا يخلو عن الفساد ولا ينطبق على
المراد اما الاول فلان مقارنة الشيء بالشيء انما تدل على اتصاله به لا على جزئيته
له فالايمان المقرون بالاسلام كيف يكون مركبا منه ومن غيره انما يكون متقرنا
به وموصولا اليه واما الثاني فلان كلامه كان في الايمان بالمعنى المصدري

گروہ مرجیہ ضالین داخل ہو نعوذ باللہ منہ اس لئے معرفت کو ایمان کا جزو کہنے والے صرف مرجیہ ہیں جیسا
کہ ملل ونحل شہرستانی کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے اور یہ ایک نجاست ہے مصنف کی تجدید دین اور مسلمانوں کی
جماعت میں فساد وخرابی ڈالنے کے نتائج سے اور جبکہ مصنف کے اس حکم سے لازم آیا کہ عمل کے زوال سے
ایمان بھی زائل ہو جائے اسلئے کہ عمل جب ایمان کا جز ٹھہرا اور کل بحیثیت کل جز کے زوال سے باقی نہیں
رہتا ہے پس ترک عمل سے ایمان کا عدم ضرور لازم آیا تو مصنف نے اس اعتراض کو دو نظیروں سے دفع کرنا چاہا اور کہا
الا انہ لا یزول اصل الایمان بزوال الاعمال کما لا یزول اصل الشجر بزوال الفروع والثمر والرجل لا یخرج عن
نوعہ بقطع الایدی والارجل انتہی اور یہ کلام نہ تو اعتراض مذکور کو دفع کرتا ہے اور نہ خود فساد سے خالی ہے امر
اول اسوجہ سے کہ کل بحیثیت کل کا زوال اپنے جز کے زوال سے ان دونوں نظیروں میں بھی لازم ہے اسلئے کہ مجموعہ شجر کا
فروع وثمر کے زوال سے باقی نہیں رہتا اور مجموعہ مرد کا قطع اعضا سے کہ قطع ہوا فنا ہو جاتا ہے اور درخت ورجل اون کے
اجزا کے زوال کے بعد جو باقی ہیں وہ کل نہیں ہیں بلکہ وہ دوسرا جز ہے جز معدوم کے سوا اور دوسرا امر اسوجہ سے
ایمان بمعنی تصدیق بسیط ہے اجماع امت ولغت عربی دونوں کے اعتبار سے اور درخت ورجل کہ جس پر مصنف نے
ایمان کو قیاس کیا ہے مرکب ہیں پس بسیط کو مرکب پر قیاس کرنا دانشمندوں کے نزدیک کیونکر صحیح ہوگا اور اگر
ایمان سے مومن کو ارادہ کیا ہے تو بحث سے خارج ہے اور باوجود اسکے اعتراض مذکور اس سے
دفع نہیں ہوتا ہے اگرچہ اس تقدیر پر اس کلام سے فساد دور ہو جائیگا اور لیکن
مصنف کا قول (فالمعنی بالایمان فیہما ہو الایمان الکامل الذی لیس یفتقر بعد الاتیان بہ الی
ان یبعد عن صاحبہ وہو المقرون بالاسلام دون المجرد عنہ انتہی)
پس یہ بھی فساد سے خالی نہیں ہے اور نہ مراد مصنف پر منطبق ہے امر اول اسوجہ سے
کہ مقارنت ایک شئی کی دوسری شئے سے دلالت کرتی ہے متصل ہونے پر نہ کہ جز ہونے پر
پس جس ایمان کہ اسلام کے ساتھ ملا ہوا ہے وہ اسلام غیر اسلام سے مرکب کیونکر ہوگا
ہاں اسلام سے مقرون وموصول ہوگا اور امر ثانی اسوجہ سے کہ مصنف کا کلام ایمان کے بیان میں تھا

وهو بسيط بالاجماع واللغة كما بسطناه في المقدمة وهذا القول مناف له و
يستدعي الخروج عن المبحث ويصم دعوى التجدد فليتفكر اما قوله وقوله وهو
يزيد وينقص اي في الاوصاف الثلاثة فالزائد فيها ايمان الخاصة والناقص
ايمان العامة فقد مر فساده وبطلانه فلا نعيده واما قوله واما في المعرفة والتصديق
ففي جهة الثمرات والحلاوة لا اصل التصديق فانه ان نقص كان شكا مخرجا من
الايمان واما في الاقرار فاذا خيف القتل ان اقر بالايمان فلم يقر فهو ناقص وان اقر
فهو الايمان الزائد الكامل واما في العمل بالاركان فلا يحتاج الى البيان فنقول في جوابه
انه ايضا بين البطلان وغير قابل للاذعان لان عطف التصديق على المعرفة واما التغاير
كما هو الاصل في العطف ففيه ان الاوصاف الثلاثة المذكورة ليس فيها ذكر التصديق
فكيف ادخله في تفصيلها وايضا يلزم منه كونها اربعة لا ثلاثة واما التفسير
كما هو الظاهر من كلامه ولذا فسرها بالتصديق فيما سيأتي من قول الامام الاعظم
المنقول من الوصية فهو خلاف اللغة وقول جمهور اهل السنة لان التصديق
اذعان الشيء اذعانا يحصل بالكسب والاختيار ويقترن بالتسليم والانقياد بخلاف
المعرفة فانها اذعان اضطراري يحصل للكفار ايضا كما قال الله تعالى يعرفونه
كما يعرفون ابناءهم ولا يحصل التصديق لهم اصلا والا لكانوا مؤمنين ويؤيده
ما في شرح العقائد من ان بعض القدرية ذهب الى ان الايمان هو المعرفة واطبق
علماؤنا على فساده لان اهل الكتاب كانوا يعرفون نبوة محمد كما يعرفون ابناءهم مع القطع
بكفرهم لعدم التصديق ولان من الكفار من كان يعرف الحق يقينا وانما كان ينكر عنادا
واستكبارا قال الله تعالى وجحدوا بها واستيقنتها انفسهم فلا بد من بيان الفرق
بين المعرفة الاحكام واستيقانها وبين التصديق بها واعتقادها ليصح كون الثاني

اور وہ باجماع ولغت بسیط ہے جیسا کہ مقدمہ مین ہم نے اُس کو بسیط سے لکھدیا ہے اور یہ قول اُسکے
منافی ہے اور خارج بحیثیت سے ہوا جاتا ہے اور دعوے تجدید کو عیب لگاتا ہے پس فکر کرنا چاہیے
اور لیکن مصنف کا قول (وقوله وهو يزيد وينقص اي في الاوصاف الثلاثة فالزائد فيها ايمان
الخاصة والناقص ايمان العامة) پس اس کا فساد و بطلان گذرچکا لہذا ہم اوسکو اعادہ نہین
کرتے اور لیکن قول مصنف کا (واما في المعرفة والتصديق فمن جهة الثمرات والحلاوة
ولا اصل التصديق تا آخر) پس ہم اس کے جواب مین ہم کہتے ہین کہ یہ بھی بین البطلان وغیرہ
قابل اذعان ہے اس لئے کہ تصدیق کا عطف معرفت پر یا مغایرت کیلئے ہے جیسا کہ عطف
مین اصل ہے تو اس مین یہ کلام ہے کہ اوصاف ثلثہ مذکورہ مین تصدیق کا ذکر نہین ہے پھر
اون کی تفصیل مین مصنف نے تصدیق کو کیونکر داخل کیا اور نیز اوس سے لازم آتا ہے کہ
اوصاف مذکورہ چار ہوجائین نہ کہ تین اور یا عطف تفسیری ہے جیسا کہ کلام مصنف سے
ظاہر ہے اور اسی وجہ سے معرفت کو تصدیق کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے امام اعظم کے قول مین جو
آنیوالا ہے عنقریب اور وصیت سے منقول ہے تو یہ مخالف ہے لغت کے اور جمہور اہل سنت کے قول کے اسلئے کہ تصدیق
ادراک اذعانی ہے کہ کسب واختیار سے حاصل ہوتا ہے اور تسلیم وانقیاد کے مقارن ہے بخلاف
معرفت کے اسلئے کہ معرفت اذعان اضطراری ہے جو کفار کو بھی حاصل ہوتا ہے جیسا کہ حق تعالی
نے فرمایا ہے (يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ اَبْنَاءَهُم) اور تصدیق کفار کو ہرگز حاصل نہین ہوتی ورنہ وے
مومن ہوجاتے اور اوسکی تائید کرتا ہے جو کہ شرح عقاید النسفی مین مذکور ہے کہ بعض قدریہ اس طرف گئے ہین کہ ایمان صرف معرفت
کا نام ہے اور ہمارے علماء متفق ہین اسکے فساد پر اس لئے کہ اہل کتاب کو نبوت محمد صلعم کی معرفت حاصل تھی
جسطرح کہ اونکو اپنی اولاد کی معرفت حاصل تھی باآنکہ وہ قطعاً کافر تھے تصدیق نکرنیکے سبب سے اور اسلئے کہ بعض کفار کو یقینی
طور پر حق کی معرفت تھی اور انکار صرف عناد و تکبر کے سبب سے تھا فرمایا حق تعالی نے (اور انکار کیا انہون نے اوس کا
یقین کرلیا تھا اوسکو اون کے نفسون نے) پس معرفت احکام وتصدیق احکام مین فرق بتانا ضرور ہوا تا یقین کیا جائے

ايمانا دون الاول انتهى تقدر الحاجة تقتضيها به منفض الى عدم صحة المعرفة والتصديق وتخليط بين مذهب اهل السنه والمرجئة وافترائه على الاجلة والائمة معاذ الله منها وقوله فمن جهة القرات والحلاوة ان اراد به زيادة وصف من اوصاف المعرفة فهو ليس من زيادة المعرفة في شيئ لانه انما هو زيادة في وصفه لا عينه وان اراد به زيادة نفس المعرفة فيناقض قوله لا اصل التصديق وقوله واما في الاقرار فاذا خيف القتل ان اقر بالايمان فلم يقر فهو ناقص وان اقر فهو الايمان الزائد الكامل فيه انه مخالف للكتاب وبعيد عن الصواب لان الله تعالى قال في حق المكره وقلبه مطمئن بالايمان فلا اثم عليه فلما كان المكره ماذونا في اجراء كلمة الكفر على اللسان كيف يحكم عليه انه ناقص في الايمان لانه في هذه الحالة غير مكلف بالاقرار وايضا قوله تعالى وقلبه مطمئن بالايمان مصرح بان الايمان محله القلب فالقول بجزئية الاقرار والحكم بنقصان الايمان عند الاضطرار من غير بينة ولا برهان وقوله واما في العمل بالاركان فلا يحتاج الى البيان انتهى فيه انه ليس بينا بنفسه ولا مبينا بالحجة والذى عليه المحققون ان الاعمال تزيد وتنقص ولكن الايمان لا زيادة فيه ولا نقصان كما قال في شرح العقائد فاما الاعمال اى الطاعات فهى تتزائد في نفسها والايمان لا يزيد ولا ينقص اه فالحكم بزيادة حقيقة الايمان بناء على زيادة الاعمال وحالته الى البداهة تحكم جلى وتعسف منجلي وقوله ومما يشيد ما ذكرنا ما عن المولى المرتضى قال كانت السورة اذا نزلت على رسول الله صلى الله عليه واله وسلم والاية او اكثر زادت المومنين ايمانا وخشوعا ونهتهم فانتهوا انتهى فيه ان هذا الاثر ليس مما يوئيد قوله بل هو

ایمان ہونا ثابت ہو جائے نہ معرفت کا تمام ہوا بقدر حاجت لیکن معرفت کی تفسیر تصدیق سے کرنا مقتضی ہے ازالت
علم اقیاز معرفت از تصدیق کے اور رہانے مذہب اہل سنت ومذہب جہمیہ کے اور جرأت کرینگے اکابر و آئمہ پر
خدا کی پناہ اس سے اور مصنف کا قول (فمن جہۃ الثمرات والجلاوۃ) اگر اس قول سے معرفت کے کسی صفت
کا زائد ہونا مراد لیا ہے تو اس سے معرفت کا زیادہ ہونا لازم نہیں آتا ہے اس لئے کہ یہ زیادتی وصف
معرفت کی ہے نہ عین معرفت کی اور اگر اس سے مراد عین معرفت کی زیادتی ہے تو یہ مناقض ہے قول مصنف
(لا اصل التصدیق) کے اور قول مصنف کا (واما فی الاقرار فاذا خیف القتل ان اقر بالایمان
فلم یقر فہو ناقص وان اقر فہو کالایمان الزائد الکامل) اس میں یہ کلام ہے کہ یہ مخالف ہے قرآن کے
اور دور ہے صواب سے اس لئے کہ حق تعالیٰ نے مکرہ کے حق میں فرمایا ہے (او اوسکا دل طمینان رکھتا ہو ایمان
تو اوس پر کچھ گناہ نہیں ہے) پس جبکہ مکرہ کو زبان سے کلمہ کفر کہنے کی اجازت ہوئی تو اوسکو ناقص الایمان
کہنا کیونکر صحیح ہوگا اس لئے کہ وہ اس حالت میں اقرار کا مکلف ہی نہیں اور نیز قول حق تعالیٰ کا (وقلبہ
مطمئن بالایمان) بصراحت بیان کرتا ہے کہ ایمان کا محل قلب ہی ہے پس اقرار کو جز و ایمان کہنا اور اضطرار کے
وقت نقصان ایمان کا حکم کرنا بلا دلیل و بغیر برہان ہے اور مصنف کا قول (واما فی العمل
بالارکان فلا یحتاج الی البیان انتہیٰ) اس میں یہ کلام ہے کہ یہ کلام نہ تو بنفسہ ظاہر ہے اور نہ
دلیل سے بیان کیا گیا ہے اور جس امر پر اہل تحقیق متفق ہیں یہ ہے کہ اعمال میں کمی وبیشی ہوتی
ہے ولیکن ایمان میں نہ کمی ہے نہ بیشی ہے جیسا کہ شرح عقاید میں لکھا ہے (ولیکن اعمال
یعنے طاعات پس وہ بنفسہا زائد ہوتے ہیں اور ایمان کم وبیش نہیں ہوتا ہے آہ) پس زیادت
اعمال کی بناپر زیادتِ حقیقت ایمان کا حکم کرنا اور اوسکو بداہت پر حوالہ کرنا تحکم جلی اور ہٹ دھرمی
روشن ہے اور قول مصنف کا (ومما یشید ما ذکرنا عن الولوالجی فنضی قال کانت السورۃ
اذا انزلت علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والایۃ او اکثر زادت المومنین
ایمانا وخشیۃ وفہما فانتہوا انتہیٰ) اس قول میں یہ کلام ہے کہ یہ اثر مصنف کے قول کا موید نہیں ہے

يرد عليه لان قوله رضى الله عنه ايمانًا وخشوعًا بعطف الخشوع على الايمان عطف
تفسير وقوله لتنهم فانتهوا انما يدل على زيادة الايمان بوصفه واثره وهو الخشوع
والانتهاء عن المعاصى ولا يدل على زيادة نفس الايمان بزيادة جزء فيه وقوله
وكذا الحديث الالهى المسلسل بالائمة العشرة الكمل فى فضل الايمان انما هو ناظر
ظاهر فى عدم دخول العمل فى اصل الايمان وسيرد انشاء الله تعالى اقول فى جوابه
بتوفيق الله وعونه ان هذا الكلام لا يخلوا عن الاسقام اما اولًا فلان قوله وكذا
الحديث المسلسل الخ معطوف على قوله ومما يشيد ما ذكرنا ولا مناسبة بينهما
لان حديث على رضى الله عنه انما اتى به للاستدلال على جزئية العمل للايمان
والحديث الالهى يدل على خلافه ولا بد للمعطوف والمعطوف عليه من المناسبة
بينهما فعلم ان العطف بالواو فههنا غير صحيح واما ثانيًا فلان قوله المسلسل
بالائمة العشرة الكمل ممنوع بعدم الاتصال بين الامام على الرضى وابنه محمد
التقى كما مر فى المقدمة واما ثالثًا فلان هذا القول يناقض دعونه السابق
عليه لانه ادعى فيما مضى ان العمل من الايمان وصرح فى هذا القول بانه ليس
منه وان تشبث بكون العمل داخلا فى الكامل وغيره لخلل فى الناقص فهو مخالف
لما عليه الجمهور اهل السنة ومناقض للمذهب المنصور من ان الايمان مما لا زيادة فيه
ولا نقصان كما مر فى هذا القول منقولًا عن شرح العقائد واما رابعًا فلان هذا
الحديث الالهى والحديث الذى اورده فى صدر البحث ولقبه بالمجود متناقضان
لكون العمل الاول دالًا على خروج العمل من الايمان والثانى دالًا على دخوله فيه
فهما اما مقبولان عند المصنف واما مردودان واما احدهما مقبول والاخر
مردود فعلى الاول يلزم اجتماع النقيضين وعلى الثانى والثالث كان على المصنف

بلکہ اوس کو رد کرتا ہے اس لئے کہ فرمانا علی کا (ایمانا وخشوعا) عطف خشوع کیساتھ ایمان پر عطف تفسیری نہیں ہے اور قول انکا
(نعمھم فانتھوا) ایمان کی زیادت پر دلالت کرتا ہے بلحاظ اوس کے وصف اثر کے اور وہ خشوع اور معاصی
باز رہنا ہے اور نفس ایمان کی زیادت پر باعتبار زیادت کسی جز کے دلالت نہین کرتا ہے اور مصنف کا قول
(وکذا الحدیث الالٰہی المسلسل بالائمۃ العشرۃ الکمل فی فصل الایمان انما ھو ناظر ظاھر فی عدم دخول
العمل فی اصل الایمان وسیروی انشاء اللہ تعالیٰ انتھٰی) ہین اوس کے جواب مین خدا کی توفیق ومدد سے کہتا
ہون کہ یہ کلام چند استقام سے خالی نہین ہے پہلا سقم یہ ہی کہ مصنف کا قول وکذا الحدیث المسلسل آہ معطوف ہے
اوسکے قول (وما یشید) ما ذکرنا پر اور ان دونون قول مین کوئی مناسبت نہین ہے اس لئے کہ حدیث علیؑ کو مصنف
اس غرض سے لایا ہے کہ عمل کو ایمان کا جزو ہونا ثابت کرے اور حدیث الٰہی اسکے خلاف پر دال ہے اور
معطوف ومعطوف علیہ مین مناسبت کا ہونا ضرور ہے پس معلوم ہوا کہ اس مقام مین عطف بالواو غیر
صحیح ہے دوسرا سقم یہ ہے کہ مصنف کا قول (المسلسل بالائمۃ العشرۃ الکمل) غیر مسلم ہے بسبب
عدم اتصال کے امام علی رضا اور اون کے فرزند محمد تقی مین جیسا کہ مقدمہ مین مذکور ہوا
تیسرا سقم یہ ہے کہ یہ قول مناقض ہے مصنف کے دعوے مذکور کے اسلئے کہ سابق مین مصنف
دعوی کر چکا ہے کہ عمل ایمان کا جزو ہے اور اس قول مین تصریح کی ہے کہ عمل جز ایمان نہین ہے اور اگر
وہ ستادیہ بنائے اس امر کو کہ عمل ایمان کامل کا جزو ہے اور ناقص کا جز نہین ہے تو یہ مخالف ہی قول
جمہور ومذہب منصور کے اور وہ یہ ہے کہ نفس ایمان مین زیادت ونقصان نہین ہے جیسا کہ
ہم اسی قول کے رد مین شرح عقائد کی عبارت نقل کر چکے ہین چوتھا سقم یہ ہے کہ یہ حدیث الٰہی اور وہ حدیث
کہ جسکو آغاز بحث مین مصنف نے نقل کیا ہے اور اوسکا نام مجود رکھا ہے یہ دونون حدیثین متناقض ہین کیونکہ
پہلی حدیث عمل کے ایمان سے خارج ہونے پر دلالت کرتی ہے اور دوسری حدیث جز ہونے پر پس دونو یا مقبول ہین
مصنف کے نزدیک یا مردود ہین یا ایک مقبول ہی اور دوسری مردود شق اول پر اجتماع نقیض لازم آتا ہے
اور شق ثانی اور شق ثالث پر یہ اعتراض ہے کہ مصنف کو لازم تھا کہ

ان لا يذكر المردود عنده في هذا الكتاب فالله الهادي الى الحق وملهم الصدق
والصواب قال في فضل الايمان الاكمل قال الله المتعال بعد قوله
أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَهُمْ دَرَجَاتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ
وعن قبيصة بن جابر الاسدي قال قام رجل الى علي فقال يا امير المومنين
ما الايمان قال الايمان على اربع دعائم على الصبر واليقين والجهاد والعدل
فالصبر على اربع شعب على الشوق والشفقة والزهادة والرقب فمن اشتاق الى الجنة
سلا عن الشهوات ومن اشفق على النار رجع عن المحرمات ومن ابصر
بالدنيا تهاون بالمصيبات ومن ارتقب الموت سارع الى الخيرات واليقين على
اربع شعب على تبصرة الفطنة وتأول الحكمة وموعظة العبرة وسنة الاولين
فمن تبصر في الفطنة تأول الحكمة ومن تأول الحكمة عرف العبرة ومن عرف العبرة
فكانما كان في الاولين والعدل على اربع شعب على غائص الفهم وزهرة العلم
وشريعة الحكم وروضة الحلم فمن فهم فسر جميع العلم ومن علم عرف شرائع الحكم
ومن حكم ورد روضة الحلم ومن حلم لم يفرط امره وعاش في الناس وهو
في راحة والجهاد على اربع شعب امر بمعروف ونهي عن المنكر والصدق في المواطن
وشنان الفاسقين فمن امر بالمعروف شد ظهر المومن ومن نهى عن المنكر ارغم انف
المنافق ومن صدق في المواطن قضى ما عليه ومن شنأ الفسقين وغضب لله
غضب الله له فقام السائل عنده هذا فقبل رأس علي اخرجه ابن ابي الدنيا في
الامر بالمعروف ونهي عن المنكر واللكائي في السنة وابن عساكر في تاريخ دمشق
ورواه البيهقي مختصرا عن العلاء بن عبد الرحمن الى اخر الجملة الاولى وعن
خلاس بن عمرو قال كنا جلوسا عند علي بن ابي طالب اذا اتاه رجل من خزاعة

مردود کو اس کتاب مین ذکر نہ کرتا اور خدا ہی حق کے طرف ہادی ہے اور صدق و صواب کا
الہام کرتا ہے (کہا مصنف نے) فضیلت ایمان اکمل کی فرمایا حق تعالےٰ نے اپنے قول اُولٰئِكَ هُمُ
الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا) کے بعد اونہین کے واسطے درجات ہین اونکے پروردگار کے یہان اور مغفرت
ہے اور روزی عزت کی اور قبیصہ بن جابر اسدی سے مروی ہے کہا کہ ایک مرد کھڑا ہوا علی کے
سامنے پھر کہا کہ اے امیر المومنین ایمان کیا شے ہے کہا ایمان کی بنا چار ستونون پر ہے صبر و یقین
و جہاد و عدل پھر صبر کی بنا چار پر ہے شوق و شفقت و زہادت و ترقب پس جو مشتاق ہوا جنت کا
جدا ہو گیا خواہشات سے اور جو خوفناک ہوا آگ سے تائب ہوا محرمات سے اور جس نے دیکھا دنیا
کو سست ہوا مصیبتون مین اور جس نے انتظار کیا موت کا سبقت کی نیکیون کے طرف اور
یقین کی بنا چار شعبون پر ہے تبصر فطنت و تاول حکمت و موعظت و عبرت و سنت اولین
پر پس جسنے بینائی حاصل کی بلتاغی مین متوجہ ہوا حکمت مین اور جو متوجہ ہو حکمت مین اوسنے پہچانا
لیا عبرت کو اور جس نے پہچان لیا عبرت کو پس گویا داخل ہو گیا پہلون مین اور عدل چار شعبون پر مبنی
ہے غائص فہم و زہرت علم و شریعت حکم و روضہ حلم پس جو سمجھدار ہوا بیان کیا اوس نے تمام علم کو
اور جو عالم ہوا پہچان گیا حکم کی راہون کو اور جو حالم ہوا داخل ہوا علم کے باغ مین اور جو حلیم ہوا نہ
افراط کی اوس نے کام مین اور زندہ رہا لوگون مین راحت سے اور جہاد چار شعبون پر ہے امر بالمعروف و نہی عن المنکر
و صدق فی المواطن و شنان فاسقین پس جس نے حکم کیا نیکی کا قوی کیا پشت مومن کو اور جس نے منع کیا بدی
خاک مین ملایا منافق کی ناک کو اور جو صادق ہوا مواقع مین ادا کر دیا اوس نے اپنے حق کو اور جو ناخوش ہوا بدکار و
اور غصہ ناک ہوا خدا کیواسطے غصہ کیا خدا نے اوسکی وجہ سے پھر سائل کھڑا ہو گیا اس کلام کے وقت اور علی کے سر کو بوسہ
دیا روایت کیا اسکو ابن ابی الدنیا نے امر بالمعروف و نہی عن المنکر مین اور لالکائی نے سنت مین اور ابن عساکر نے
تاریخ دمشق مین اور روایت کیا اسکو بیہقی نے اختصار کے ساتھ علاء بن عبد الرحمن سے پہلے جلد کے آخر تک
اور خلاس بن عمرو سے مروی ہے کہا ہم بیٹھے تھے علی بن ابیطالب کے پاس کہ نجران کے قبیلہ کا ایک مرد آیا

فقال يا امير المؤمنين هل سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم ينعت
الاسلام قال نعم سمعت رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يقول بني الاسلام على
اربعة اركان على الصبر واليقين والجهاد والعدل وللصبر اربع شعب الشوق والشفقة
والزهادة والترقب فمن اشتاق الى الجنة سلا عن الشهوات ومن اشفق من النار رجع
عن المحرمات ومن زهد في الدنيا تهاون بالمصيبات ومن ترقب الموت سارع في الخيرات
واليقين اربع شعب تبصرة الفطنة وتأول الحكمة ومعرفة العبرة واتباع السنة فمن
ابصر الفطنة تأول الحكمة ومن تأول الحكمة عرف العبرة ومن عرف العبرة اتبع السنة
فمن اتبع السنة فكانما كان في الاولين وللجهاد اربع شعب الامر بالمعروف والنهي عن
المنكر والصدق في المواطن وشنآن الفاسقين فمن امر بالمعروف شد ظهر المؤمن و
من نهى عن المنكر ارغم انف المنافقين ومن صدق في المواطن قضى الذي عليه واحرز
دينه ومن شنئ الفاسقين فقد غضب لله ومن غضب لله يغضب الله له وللعدل
اربع شعب غوص الفهم وزهرة العلم وشرائع الحكم وروضة الحلم فمن غاص الفهم
فسر جمل العلم ومن رعى زهرة العلم عرف شرائع الحكم ومن عرف شرائع الحكم ورد
روضة الحلم ومن ورد روضة الحلم لم يفرط في امره وعاش في الناس وهو في
راحة اخرجه ابو نعيم في الحلية وقال كذا رواه خلاس بن عمرو مرفوعًا ورواه
الحارث عن علي مرفوعًا مختصرًا ورواه قبيصة بن جابر عن علي من قوله ورواه
العلاء بن عبد الرحمن عن علي من قوله انتهى اقول بتوفيق الله تعالى وعونه
ان المصنف عقد هذا الفصل لبيان فضل الايمان الاكمل واستدل عليه بآية
أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَهُمْ دَرَجَاتٌ عِندَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ
وبالاثرين الذين روى احدهما برواية قبيصة بن جابر الاسدي عن علي رضي الله عنه

پس کہا اوس نے اے امیر المؤمنین کیا آپ نے سنا ہے رسول خدا صلعم سے کہ فرماتے تھے کہ اسلام کی
بنا چار رکنون پر ہے صبر و یقین و جہاد و عدل پر اور صبر کے چار شعبے ہین شوق و شفقت و زہادت و ترقب
پس جو مشتاق ہوا جنت کا جدا ہوا خواہشون سے اور جو خوفناک ہوا آگ سے تائب ہوا محرمات سے اور جو
بے رغبت ہوا دنیا مین سست ہوا مصائب مین اور جو منتظر ہوا موت کا سبقت کی اوس نے نیکیون کی
طرف اور یقین چار شعبہ پر ہے دیکھنا طبیعت کی تیزی کو اور رجوع ہونا حکمت کی طرف اور
پہچاننا عبرت کو اور پیروی سنت کی پس جس نے دیکھا تیزی طبع کو متوجہ ہوا حکمت مین اور جو متوجہ ہوا
حکمت مین پہچان گیا عبرت کو اور جو پہچان گیا عبرت کو پیرو ہوا سنت کا اور جو پیرو ہوا سنت کا
پس گویا داخل ہوا پہلون مین اور جہاد کے چار شعبے ہین حکم کرنا نیکی کا اور منع کرنا بدی سے اور
صادق ہونا مواقع مین اور ناخوشی بدون سے پس جس نے حکم کیا نیکی کا قوی کیا مومن کی پشت کو اور جس نے
منع کیا بدی سے خاک مین ملا دیا منافقون کی ناک کو اور صادق ہوا مواقع مین ادا کر دیا اوس نے جو حق کہ
اوسپر تھا اور محفوظ کر لیا اپنے دین کو اور جو ناخوش ہوا بدون سے پس غضبناک ہوا خدا کیواسطے اور جو غضبناک ہوا
خدا کیواسطے غضبناک ہوگا خدا اوسکے واسطے اور عدل کے چار شعبے ہین ڈوبنا فہم مین اور تازگی علم کی
اور راہین حکم اور باغ حلم کا پس جس نے غوطہ مارا فہم مین کھول دیا علم کی باتون کو اور جس نے نگہبانی کی
تازگی علم کی پہچانا حکم کی راہون کو اور جس نے پہچانا حکم کی راہونکو داخل ہوا حلم کی باغین اور جو داخل ہوا حلم کی باغین نہ
افراط کی اوس نے کام مین اور زندہ رہا لوگونمین آرام سے روایت کیا اسکو ابو نعیم نے حلیہ مین اور کہا کہ ایسا ہی
روایت کیا اسکو خلاس بن عمرو نے رفع کیا تھا اور روایت کیا اسکو حارث نے علی سے رفع و اختصار کیا تھا
اور روایت کیا اسکو قبیصہ بن جابر نے علی سے اون کے کلام سے اور روایت کیا اسکو علا بن عبد الرحمن نے علی سے اون کے
قول سے انتہی مین کہتا ہون حقتعالی کی توفیق و مدد سے کہ مصنف نے اس فصل کو منعقد کیا ہے فضیلت ایمان اکمل کے بیان مین اور اسپر
دلیل لایا آیہ کریمہ أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَهُمْ دَرَجَاتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ
وَرِزْقٌ كَرِيمٌ سے اور دو حدیثون سے کہ اون مین سے ایک کو روایت کیا علی سے بروایت قبیصہ بن جابر اسدی کے

وثانيهما عنه برواية خلاس بن عمرو وكلاهما متحد ان معنىً ومختلفان لفظاً لكنّ
الاوّل ثم علی فی جواب من سأل عن الایمان والثانی حدیث رسول صلّی اللّٰه علیہ
وعلی آلہ وسلم فی جواب من سأله صلعم عن الاسلام وهذه الادلة الثلاثة غیر
مطابقة لدعویه امّا الاوّل فلانّه وارد فی فضل من اتّصفوا بالاعمال التی مرّ
ذکرها قبل هذه الایة فالفضیلة المذکورة فی هذه الایة راجعة الی تلک الاعمال
لا الی نفس الایمان ولا الی آکمله وامّا الثانی فلانّه لیس بوارد فی فضل الایمان الذی
هو صفة للایمان ومترتب علیه بل هو انّما ورد فی بیان مبادیه التی هی الصبر
والیقین والجهاد والعدل کما یظهر من قوله رضی اللّٰه عنه الایمان علی اربع
دعائم علی الصبر والیقین والجهاد والعدل وفی بیان شعب هذه الاربعة کما
یفهم مما بعده ولا بحث فیه عن فضل الایمان ولا عن درجاته وامّا الثالث فلانّه
انما ورد فی بیان مبادی الاسلام وشعبها لما کان الاسلام متفرّعاً علی الایمان
لان الایمان جزئه فمبادی الایمان یکون من مبادی الاسلام ایضاً لا محالة
ولا ذکر فیه ایضاً لفضیلة الایمان فعلم من هذا البیان ان المصنّف لا فقه له
بالمعانی ولا درایة له بمدارک المثانی والمبانی ومن کان کذا لا یصلح للتجدید
للدین وان ادعی انه من المجددین وللّٰه المنّة وهو ولیّ العصمة والعجب منه
انه یدعی نصرة اهل السنّة ومحبة اهل بیت النبوة ویخالفهم فی المذهب والطریقة
لانّه یاتی فی بیان ما هو علیه بالمجاهیل والمناکیر ویترک ما هو ما ثور عنهم بالتواتر
المعنوی والطرق الصحیحة واجماع الامّة کحدیث سوال جبرئیل عن الایمان
والاسلام والاحسان اخرجه الشیخان عن ابی هریرة واحمد عن ابن عباس
وهو من اهل البیت عند اهل السنّة ومسلم عن عمر وابی ذر والبخاری

اور دوسری کو حضرت علیؓ سے بروایت خلاس بن عمرو اور دونون معنی مین یکسان ہین اور لفظون مین مختلف ہین لیکن پہلی حدیث علیؓ کا اثر ہے جواب مین اوس شخص کے کہ جس نے آپ سے ایمان کا سوال کیا تھا اور دوسری رسول خدا صلعم کی حدیث ہی اوس شخص کے جواب مین کہ جس نے سوال کیا نبی صلعم سے اسلام کا اور یہ تینون دلیلین مصنف کے دعوی سے مطابق نہین ہین پہلی دلیل اسوجہ سے کہ وہ وارد ہے فضیلت مین ایسے اشخاص کے کہ جو موصوف ہین اون اعمال سے کہ جو مذکور ہو چکے ہین قبل اوس آیت کے پس جو فضیلت اس آیت مین مذکور ہے وہ راجع ہو اون اعمال کیطرف نہ نفس ایمان کی طرف اور نہ ایمان کامل کیطرف اور دوسری دلیل اسوجہ سے کہ وہ ایمان کی فضیلت مین کہ ایمان کی صفت ہی وارد نہین ہی اور نہ اوسمین مراتب ہین بلکہ وہ وارد ہے فضیلت ایمان کی مبادی کے بیان مین کہ وہ صبر و یقین و جہاد و عدل ہین جیسا کہ ظاہر ہے حضرت علیؓ کے اس قول سے (الایمان علی اربع دعائم علی الصبر والیقین والجهاد والعدل) اور نیز وارد ہے ان چارون مبادی کے شعبون کے بیان مین جیسا کہ قول مذکور کے مابعد سے سمجھا جاتا ہے اور ایمان کی فضیلت اور اوس کے درجات سے اس حدیث مین کچھ بحث نہین اور تیسری دلیل اسوجہ سے کہ وہ وارد ہے اسلام کے مبادی اور اون کے شعبون کے بیان مین اور چونکہ اسلام متفرع ہی ایمان پر اسلئے کہ ایمان جزو اسلام ہے پس ایمان کی مبادی بھی لا محالہ اسلام کے مبادی مین داخل ہونگے اور اس حدیث مین بھی فضیلت ایمان کا ذکر نہین ہی پس اس بیان سے معلوم ہوا کہ مصنف کو نہ معانی کی سمجھ ہے اور نہ مدلول آیات والفاظ کا ادراک ہی اور ایسا شخص تجدید دین کا اہل نہین ہوتا ہے اگرچہ اپنے مجدد ہونیکا مدعی ہوا اور خدا کا احسان ہی اور وہی ہمارا نگہبان ہے اور تعجب تو مصنف سے یہ ہی کہ وہ مدعی ہی اہل سنت کی نصرت اور اہل بیت نبوت کی محبت کا اور اوسی خلاف کرتا ہی مذہب اور طریقہ مین اس لئے کہ اونکی مسلک کو ثابت کرتا ہے مجہولون و منکر حدیثون سے اور ترک کرتا ہی اون احادیث کو جو اون سے منقول ہین بتواتر معنوی و طرق صحیحہ و اجماع امت مرحومہ جیسا کہ وہ حدیث کہ جسمین جبرئیلؑ کا پوچھنا ایمان و اسلام و احسان کو مذکور ہی کہ جس کو روایت کیا شیخین نے ابی ہریرہؓ سے اور امام احمدؒ نے ابن عباسؓ سے اور ابن عباس اہل سنت کے نزدیک اہل بیت مین داخل ہین اور مسلم نے عمرؓ ابوذرؓ اور بخاری نے

في خلق افعال العباد عن انس وابو عوانة عن جرير البجلي وكحديث اكمل المؤمنين
ايمانا احسنهم خلقا اخرجه البخاري عن ابن عمرو والحاكم عن ابي هريرة وعائشة و
رضي الله عنهما من كبار اهل البيت وابن ابي شيبة من مرسل الحسن وهو من كبار
التابعين ومن اجلة الاولياء والطبراني عن عمير بن قتادة وابي سعيد الخدري
وابو يعلى عن انس والبزار عن جابر وعن ابن عمر وكحديث الحياء من الايمان
اخرجه الشيخان عن ابي هريرة وابن عمر والترمذي والحاكم عن ابي امامة و
ابي بكرة وابو يعلى عن عبد الله بن سلام والطبراني عن ابن عباس وهو من كبار
اهل البيت وابن مسعود وعمران بن حصين وابي موسى وقرة بن اياس كذا
في الازهار المتناثرة في اخبار المتواترة للسيوطي رحمه الله تعالى وكحديث ذاق
في دار الدنيا وغاية الامر انه عرف بذلك الاسراء اختلاف المواطن وان الله تعالى
له حضرة خاصة يخاطب بها من شاء من عباده وحضرة لا يخاطب منها احدا
منهم فان قلت فهل كانت رؤيته صلى الله عليه وسلم لربه عز وجل منزهة عن
الاين والكيف والجهة فالجواب نعم قد اجمع على ذلك جميع العلماء بالله عز وجل انتهى
وقد تاول العلماء والمحدثون في النزول والتدلي وليس هذا موضع بسطه والله اعلم
ونزول الملائكة من عند ربهم وصعودهم اليه قال الحلبي الشافعي في رد ابن تيمية
واستدل بنزول الملائكة من عند الله تعالى والجواب عن ذلك ان نزول الملائكة
من السماء انما كان لان السماء مقرهم والعندية لا تدل على ان الله في السماء لانه
يقال في الرسل الادميين انهم من عند الله وان لم يكونوا انزلوا من السماء على
ان العندية قد يراد بها الشرف والرتبة قال الله تعالى وَإِنَّ لَهُ عِندَنَا لَزُلْفَىٰ وَحُسْنَ
مَآبٍ ويستعمل في غير ذلك كما قال صلى الله عليه وسلم حكاية عن ربه عز وجل
انا عند ظن عبدي بي قلت لم يبق حديث نزول الملائكة وصعودها اليه حتى
نجيب عنه نعم قد روى الشيخان عن سهيل بن ابي صالح عن ابيه عن ابي هريرة عن
النبي صلى الله عليه وسلم ان لله ملائكة سيارة فضلا يتبعون مجالس الذكر

پس رسول خدا صلعم کو شب معراج مین آسمانون سے اوپر لیجانے مین کیا فائدہ تھا اسلئے کہ اس قصہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپہی کو خدا سے خصوصیت ہے بہ نسبت پستی کے اور جواب اس شبہہ کا یہہ ہے کہ ارباب تحقیق کے عقیدے مین معراج رسول خدا کو اسلئے ہوئی تھی کہ اونکو اپنے پروردگار کا علم زیادہ ہوجاے بلکہ جو صفات ربانی اونکو آسمان مین معلوم ہوئے وہی صفات بعینہا اونکو زمین مین معلوم تھے اور چنانچہ حق تعالی نے فرمایا ہے تاکہ دکھاوین ہم اوسکو اپنی بعض نشانیان ۔ پس اس کلام مین خداوند کریم نے خبر دی ہے کہ معراج مین جانا بعض نشانیان دیکھنے کیواسطے تھا پس حضرت کے اعتقاد کی حالت اپنے رب کے باب مین متغیر نہین ہوئی اوس کیفیت سے کہ آپ حق تعالی کو دنیا مین پہچانتے تھے اور غایۃ الامر یہہ ہے کہ آپ نے اوس معراج سے مختلف مقامات کو پہچان لیا اور یہہ کہ حق تعالی کے لیے ایک خاص بارگاہ ایسی ہے کہ وہان کسی سے کلام نہین کرتا ہے پس اگر تو کہے کہ پہر کیا حضرت صلعم کا دیکھنا اپنے پروردگار عزوجل کو مکان اور کیفیت اور جہت سے پاک تھا پس جواب یہہ ہے کہ ہان اسی پر تمام علماے ربانی کا اجماع ہے انتہی اور علما و محدثین نے نزدیک ہونے اور نیچے کیطرف اترنے کی تاویل بیان کی ہے یہان اوسکے بسط و تفصیل کا موقع نہین ہے اور خدا زیادہ جاننے والا ہے اور فرشتون کے اوترنے سے اپنے رب کے پاس سے اور اونکے چڑہنے سے اوسکے طرف کہا علامہ حلبی شافعی نے ابن تیمیہ کے رد مین اور دلیل لایا فرشتون کے اوترنے سے خدا کے پاس سے اور جواب اسکا یہہ ہے کہ فرشتونکا اوترنا آسمان سے اسوجہ سے تھا کہ آسمان اوسکا قرارگاہ ہے اور نزدیک ہونا اسپر دلالت نہین کرتا ہے کہ حق تعالی آسمان مین ہے اسلئے کہ آدمیون مین سے رسولون کے باب مین کہا جاتا ہے کہ وے خدا کے پاس سے آئے ہین اگرچہ وہ آسمان سے نہین اوترے ہین اسکے علاوہ کبھی نزدیکی سے بزرگی و مرتبہ مراد لیجاتی ہے فرمایا حق تعالی نے اور ہمارے نزدیک اوسکے لئے تقرب ہے اور اچھا مقام بازگشت اور اسکے غیر مین بھی اسکا استعمال کیا جاتا ہے جیسا کہ نبی صلعم نے فرمایا ہے اپنے رب کیطرف سے کہ مین نزدیک ہون اپنے بندے کے گمان سے جو مجھسے رکھتا ہے مین کہتا ہون کہ ابن تیمیہ نے نزول و صعود ملائکہ کی حدیث کو بیان نہین کیا ہے کہ ہم اوسکا جواب دین ہان شیخین نے سہیل بن ابی صالح سے اونہون نے اپنے باپ سے اونہون نے ابوہریرہ سے اونہون نے نبی صلعم سے روایت کی ہے کہ خدا کے بہت سے فرشتے ہین سیر کرنیوالے فضیلت والے کہ تلاش کرتے ہین ذکر اللہ کی مجلسون کو آخر حدیث تک

الحديث وفيه فاذا تفرقوا عرجوا وصعدوا الى السماء قال فيسئلهم الله وهو اعلم
من اين جئتم فيقولون جئنا من عند عباد لك فى الارض يسبحونك ويكبرونك
الحديث لفظ مسلم وفى رواية البخارى فيحفونهم باجنحتهم الى السماء الدنيا
قال فيسئلهم ربهم الحديث وليس فيهما النزول من عندهم ولا ذكر صعودها
الى الرب والصعود الى ربها يدل ان انتهاءهم الى مقرهم الاعلى ان الله عز وجل
فى السماء فلو فعلتم هذا الهجاء لقول المدعى ان الله فوق العرش وح سواله تعالى
عنهم هل كان من فوق العرش او فى السماء على الثانى يلزم انتقاله من مقره وهو
مستحيل وعلى الاول فلا دلالة فى الحديث وقوله ان الملئكة يتعاقبون بالليل
والنهار فيعرج الذين باتوا فيكم الى ربهم فيسئلهم وهو اعلم بهم قال الحلبى
فى رده وذكر عروج الملئكة قد سبق دماشد فما ظهره وقوى متنه
يلفظ الى جهة وان الى لانتهاء الغاية وانما فى قطع المسافة واذا
سكت عن هذا المتكلم بكلام العرب فان المسافة لا تفهم العرب منها الاما ينتقل
فيه الاجسام وهو نقل انهم لا يقولون بذلك وقد قال الخليل صلى الله عليه وسلم
انى ذاهب الى ربى وليس المراد بذلك الانتهاء الذى عناه المدعى بالاتفاق
ولم يجمعوا على ذلك فى كتاب الله ولا يجابه عنه فى خبر الواحد انتهى قلت هذا
الحديث رواه البخارى ومسلم عن ابى هريرة مرفوعا قال الحافظ العسقلانى
فى شرح هذا الحديث تمسك بظواهر احاديث الباب من زعم ان الحق سبحانه
وتعالى فى جهة العلو وقد ذكرت معنى العلو فى حقه جل وعلا فى الباب الذى
قبله انتهى وهذه اشارة الى ما تقدم نقله عن الكرمانى لما كانت جهة العلو اشرف
من غيرها اضافها اليه اشارة الى علو الذات والصفات انتهى فهكذا الجواب فيه

اور اسی حدیث مین ہے کہ جب ذکر اللہ کرنے والے اپنے مجالس سے متفرق ہو جاتے ہین تو ملائکہ عروج کرتے ہین اور چڑھتے جاتے ہین آسمان کی طرف کہا کہ پھر خدا اون سے پوچھتا ہے اور وہ دانا تر ہے کہ تم کہان سے آئے ہو پس ملائکہ عرض کرتے ہین کہ ہم تیرے چند بندون کے پاس سے کہ زمین مین رہتے ہین آئے ہین وہ تیری تسبیح و تکبیر کا ورد کر رہے تھے آخر حدیث تک یہہ لفظ مسلم کے ہین اور بخاری کی روایت مین ہے پس ملائکہ اون ذاکرین کو اپنے بازوؤن سے آسمان دنیا تک گھیر لیتے ہین کہا کہ پھر اون سے اونکا پروردگار پوچھتا ہے آخر حدیث تک اور ان دونون حدیثون مین نہ پروردگار کے پاس سے اوترنے کا ذکر ہے اور نہ اوسکی طرف چڑھنے کا اور آسمان کی طرف چڑھنا ہے دلالت کرتا ہے اسپر دلالت کرتا ہے کہ اونکی انتہا اپنے قرارگاہ تک ہے نہ اسپر کہ خدا عزوجل آسمان مین ہے پس اگر تمہارا یہہ قول ہے تو یہہ قول مخالف ہے مدعی کے اس قول سے کہ خدا عرش پر ہے اور اسوقت پوچھنا پروردگار کا ملائکہ سے آیا عرش کے اوپر سے ہے یا آسمان مین سے ہے دوسری صورت مین لازم آتا ہے ہٹ جانا پروردگار کا اپنے قرارگاہ سے اور یہہ محال ہے اور پہلی صورت پر حدیث مذکور دلالت نہین کرتی ہے اور قول اونکا کہ ملائکہ آگے پیچھے آمدورفت کرتے ہین رات دن مین پس جو ملائکہ رات مین تمہارے پاس رہے تھے اپنے پروردگار کی طرف عروج کرتے ہین پس اون سے خدا دریافت کرتا ہے اور وہ اونکے حال کو خوب جانتا ہے علامہ حلبی نے اسکے رد مین کہا ہے داور ذکر عروج ملائکہ کا گذر چکا ہے لیکن اوقات ابن تیمیہ نے اپنے مذہب کے فقرونکو باندھا ہے اور اپنی پشت کو قوی کیا ہے الی ربہم کے لفظ سے اور اسوجہ سے کہ الی واسطے انتہائی مسافت کے ہے اور انتہا سے مسافت قطع مسافت سے ہوتی ہے اور جبکہ سکوت کرے اس قول سے نہ کلام کرے گا عرب کی زبان مین اسلئے کہ عرب لفظ الی سے مسافت کو اوسی چیز مین سمجھتے ہین کہ جسمین اجسام منتقل ہوتے ہین اور وہ کہتا ہے کہ عرب اسکے قائل نہین ہین حالانکہ خلیل صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مین اپنی رب کی طرف جانے والا ہون) اور قول مین انتہا سے مراد بالاتفاق وہ انتہا نہین ہے کہ جسکو اس مدعی نے قصد کیا ہے پھر کتاب اللہ مین اسکے لینے پر کیون جرأت کرتا ہے اور خبر واحد کے ذریعے سے کتاب اللہ کا جواب نہین ہوسکتا انتہی مین کہتا ہون کہ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے ابوہریرہ سے مرفوعاً اسطرح پر روایت کیا ہے حافظ عسقلانی نے اس حدیث کی شرح مین کہا ہے کہ دلیل پکڑی ہے اس قسم کی احادیث کے ظاہری معانی سے اون لوگون نے کہ جو قائل ہین کہ حق تعالیٰ جہت علو مین ہے اور مین ذکر کر چکا ہون علو کے معنے خدا کے حق مین اس سے پہلے باب مین انتہی اور یہہ کلام اشارہ ہے اوس قول کی طرف کہ جسکو کرمانی سے سابق مین عسقلانی نے نقل کیا ہے کہ بسبب مسلوب ہونے اشرف اور جہات کے پس اوسکی نسبت کرنا حق تعالیٰ کی طرف اشارہ علو ذات و صفات الٰہی کی طرف ہے انتہی اسیطرح جسپر تنبیہ مین ہوا ہے بمسند مذکور ہین

عن ما استدل به ابن تيمية من الآيات والاحاديث في هذا الباب فرداً فرداً
وما استدل به غيره من الحشوية تفحصاً تفحصاً من شاء التفصيل فليرجع اليه
واما ما تشبث به المصنف في بيان التجلي بحسب اسم الباطن فكله مناقض لقوله فصحح
الاستواء على العرش على ظاهره وكذا سائر المتشابهات لان المتشابهات منها
ما يدل بظاهره على كونه تعالى بائناً من خلقه اقصى بينونة ومنها ما يدل
على كونه تعالى قريباً من عباده غاية القرب والمعية فكيف يصح الحكم بكون
سائر المتشابهات محمولة على ظواهرها الا كونه مستلزماً للاجتماع النقيضين فعلم ان هذا
الحكم لا يخلو عن السفاهة وضع ذلك يدعي ان هذا الحكم في الباب فصل الخطاب المعلوم
بالاحاديث المعصوم من الكتب والناظر البصير والعريف الخبير اذا طالع كتابه هذا
لعرف ان ما ادعى به فيه من احياء علوم اهل البيت وبيان عقائدهم مقتبساً سننهم واثارهم
باطل لانه ملأ هذا الكتاب بعقائده الفاسدة التي يبطلها كلام اجلة
اهل البيت وائمتهم اما رأيت قول الامام جعفر الصادق المنقول عن
القشيرية كيف ينفي كونه تعالى على شيء عرشاً او فرشاً وكيف يبطل كونه
تعالى في شيء جهة كان او سماء وقول علي في خطباته التي نقلها المصنف
كيف ينزهه تعالى عن كونه في الجهات او في الارضين او في السموات
وكيف ينص على كونه غنياً مقدساً عن الزمان والمكان وسائر
صفات الحوادث والاكوان ومع هذا ايدعي غير مرة انهم رضي الله تعالى
عنهم كانوا من مثبتة الجهة ويحملون الصفات المتشابهات على ظواهرها ويدعي
ان هذا مذهب كبراء اهل البيت والائمة الاربعة من اهل السنة والجماعة
ايضاً كانوا على هذه العقيدة وهذا ابين اقوال الائمة الاربعة على التفصيل

اون آیات و احادیث کے کہ جن سے اس بات مین ابن تیمیہ نے استدلال کیا ہے ایک
ایک کرکے اور اون آیات و احادیث سے کہ جن سے ابن تیمیہ کے غیر نے مجسمہ مین سے
استدلال کیا ہے ہر ہر شخص جسکو تفصیل مطلوب ہو تو چاہیے کہ کتب کی طرف رجوع ہو اور لیکن
دلائل کو مصنف نے دستاویز بنایا ہے اسم الباطن کے تجلی کے بیان مین ہر ایک اونمین سے
مناقض ہے مصنف کے اس قول سے کہ پس صحیح ہوگیا استوا علی العرش اپنے ظاہری معنی کے بناپر
اور اسیطرح صحیح ہوگی اور متشابہات) وجہ اس تناقض کی یہہ ہے بعض متشابہات ظاہر معنی کے اعتبار سے
دلالت کرتے ہین اسپر کہ حق تعالے اپنے مخلوق سے دور ہے نہایت درجہ کا دور ہونا اور بعض
دلالت کرتے ہین اسپر کہ حق تعالے اپنے مخلوق کے قریب ہے انتہا درجہ قرب و معیت کے
ساتھہ پھر کیونکر صحیح ہوگا یہہ حکم مصنف کا کہ کل متشابہات محمول ہین اپنے ظاہری معنی پر اسلئے کہ یہہ
حکم مستلزم ہے اجتماع النقیضین کو پس معلوم ہوگیا کہ مصنف کا یہہ حکم سفاہت سے خالی نہین ہے
اور باوجود اسکے دعوی کرتا ہے کہ یہہ حکم اس باب مین فصل خطاب ہے جو معلوم ہے احادیث معصومین سے اور ناظر
بالبصیرہ و عارف بتحریر جیب مصنف کی اسکا مطالعہ کریگا معلوم کر لیگا کہ مصنف نے جو اس کتاب مین علوم اہلبیت کو جمع کرنے
اور اونکا سنن و احادیث کے مطابق بیان کرنیکا دعوی کیا ہے باطل ہے اسلئے کہ اس کتاب کو اپنے فاسد عقائد سے بھر دیا
کہ جنکو اہل بیت کے اکابر و ائمہ کا کلام باطل کرتا ہے کیا نہین دیکھا تو نے امام جعفر صادق کا قول جو رسالہ قشیریہ سے نقل کیا گیا ہے
کسطرح نفی کر رہا ہے خدا تعالی کے کسی شے پر ہونیکی وہ شے عرش ہو یا فرش ہو اور اسیطرح باطل کرتا ہے حق تعالی کے کسی شے
مین ہونیکو بہشت ہو یا آسمان اور قول علی کو اونکے خطبون مین کہ جنکو مصنف نے نقل کیا ہے کسطرح خدا کی پاکی بیان کر رہا ہے اوسکے
موجود ہونے سے جہات مین یا زمینون مین یا آسمانون مین اور کسطرح تصریح کرتا ہے خدا کے غنی و مقدس ہونیکی زمان و مکان سے اور تمام صفات
حوادث و اکوان سے اور باوجود اسکے مصنف بار بار دعوی کرتا ہے کہ ائمہ اہلبیت رضی اللہ عنہم صفات کو ثابت کرنیوالے تھے اور صفات
متشابہات کو اونکے ظاہری معنی پر عمل کرتے تھے اور دعوی کرتا ہے کہ یہہ مذہب ہے اکابر اہلبیت کا اور اہلسنت چارون امام اسی عقیدہ پر تھے اور
اسیوجہ سے چارون امامونکے اقوال کو اس مدعا کے اثبات مین مصنف نے تفصیل کے ساتھ نقل کیا ہے ۔

في اثبات المرام وقال ولما فشى في المتاخرين من المتكلمين والفقهاء التاويل
والتعطيل في الاعتلاء والاستواء استحسنا ان نحكي ما روى اوراى المتقدمون
من المتكلمين والفقهاء الذين شاع بهم الاقتداء وذاع منهم الاهتداء
موافقا لما عليه اهل بيت النبوة الكبراء وان طال المقال دفعا للمراء والتوفيق
من حضرة العظمة والكبرياء قال اعظم الفقهاء الاربعة واقدم متكلمي صغار
التبعة المتبعة ابوحنيفة النعمان في باب الايمان من كتاب مسند الاثار
رواية محمد بن الحسن عنه وهو اشهر مسانيده باظهر اسانيده رواه عن
محمد ابوسليمان الجوزجاني وابوحفص الكبير البخاري واسمعيل الرازي
قال ثنا عطاء بن ابي رباح عن عبد الله بن رواحة انه سمى شاة من غنمه
لرسول الله صلى الله عليه وآله وسلم واوصى بها جارية له كانت في الغنم
فكان يتعاهدها وينظر اليها كلما اتى الغنم حتى سمنت وصلحت فجاء يوم
ففقدها من الغنم فسألها عنها فقالت ضاعت فلطم وجهها فلما سُرّي
ذلك عنه اتى النبي صلى الله عليه وآله وسلم فاخبره بالقصة فقال له
املك لنفسي ان لطمتها قال فاعظم ذلك النبي صلى الله عليه وآله وسلم
وقال لعلها مومنة قال يا رسول الله انها سوداء قال ائت بها فلما جاء
بها قال لها النبي صلى الله عليه وآله وسلم اين الله قالت في السماء قال من
انا قالت انت رسول الله فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم انها
مومنة قال فقال عبد الله بن رولحة فهي حرة يا رسول الله الحديث الى
ان قال بعد الكلام في سنده وتاييده بشواهده فقوله صلى الله عليه
وآله وسلم بعد سؤالها وجوابها انها مومنة حكم منه بانه من لم يقلها

اور کہا اور جملہ متکلمین اور فقہا نے متاخرین میں تاویل اور تعطیل حاصل کی ہے استیلا و استوا سے
باب میں تو سمجھنے بہتر سمجھا ہے کہ بیان کیا جاتا ہے جو کچھ روایت کیا گیا ہے یا راست قائم کی ہے متقدمین
فقہا و متکلمین نے کہ جنکی پیروی شائع ہے اور اون سے راہ پانا مخلوق کا ذائع ہے موافق اعتقاد کبرا سے
اہل بیت نبوت کے اگرچہ کلام دراز ہو جاتے جدال کو دور کرنے کے واسطے اور توفیق بارگاہ عظمت
و کبریا سے ہے کہا فقہا نے ارکو کے اعظم اور معمار تبع تابعین متکلمین کے اقدم ابو حنیفہ نعمان
کتاب مسند آثار کے باب الایمان میں کہ جسکو اون سے محمد بن حسن نے روایت کیا ہے اور بیچ
مسند امام اعظم کے مشہور تر اسانید میں ہے جسے ظاہر تر اسانید سے روایت کیا اوسکو
امام محمد نے ابو سلیمان جوزجانی و ابو حفص کبیر بخاری و اسمٰعیل رازی نے کہا کہ بیان کیا ہمسے عطا بن ابی
رباح نے عبداللہ بن رواحہ سے کہ اونہوں نے اپنے گلہ میں سے ایک بکری کو رسول خدا صلعم کے لیے مقرر
کیا تھا اور اپنی لونڈی کو کہ گلہ کی حفاظت کرتی تھی اوس بکری کے باب میں وصیت کر دی تھی پس وہ لونڈی اوس
بکری کے غور و پرداخت و نگہداری کرتی تھی جب یہ گلہ آتا تھا یہاں تک کہ وہ بکری فربہ اور تیار ہو گئی پس ایک روز
حضرت عبداللہ آئے اور گلہ میں اوس بکری کو نپایا پس لونڈی سے بکری کا حال دریافت کیا تو لونڈی نے کہا کہ
وہ بکری تو گم ہو گئی اسپر اونہوں نے لونڈی کے منہ پر ایک تھپڑ مارا پھر جب کہ وہ غصہ اون سے فرو ہو گیا تو نبی صلعم کے
پاس آکر اس قصہ کی خبر دی اور کہا کہ میں نے بے اختیار ہو کر لونڈی کے تھپڑ مار دیا کہا کہ پس یہ امر نبی صلعم پر شاق گزرا اور
فرمایا کہ شاید وہ لونڈی مومنہ ہے کہا اونہوں نے کہ یا رسول اللہ وہ تو حبشیہ ہے پس حضرت نے فرمایا اوسکو یہاں لاؤ پھر جبکہ
لونڈی کو لائے تو حضرت صلعم نے لونڈی سے فرمایا کہ خدا کہاں ہے لونڈی نے کہا کہ آسمان میں ہے حضرت نے
فرمایا کہ میں کون ہوں لونڈی نے کہا کہ آپ خدا کے رسول ہیں پس رسول خدا صلعم نے فرمایا کہ یہ لونڈی ایماندار ہے
کہا راوی نے کہ پھر عبداللہ بن رواحہ نے کہا کہ تب تو یہ آزاد ہے یا رسول اللہ آخر حدیث تک یہاں تک کہ
مصنف نے اس حدیث کی سند میں کلام کر کے اور اسکے شواہد سے اسکو قوی کر کے کہا پس نبی صلعم کا لونڈی سے
سوال و جواب کے بعد یہ فرمانا کہ یہ ایمان والی ہے ایک حکم آپکا ہے باین طور کہ جو ایسا کہے مومن

ليس بمؤمن انتهى اقول ومن الله التوفيق ان هذا الحديث مما تمسك به الذهبي
وقال وفيه جواز السوال باين الله وجواز الاخبار بانه في السماء والجواب انه
مصروف عن ظاهره كما هو شان سائر المتشابهات ولهذا قال الامام ابن فورك
في تاويل هذا الخبر ان الكلام في ذلك من وجهين احدهما في تاويل قوله صلى الله
عليه وسلم اين الله مع استحالة كونه في المكان والثاني قوله انها مومنة من
غير فحص وبحث منها ثم قال في التوجيه لهذا الحديث ان معنى قوله صلى الله عليه وسلم
اين الله استعلام لمنزلته وقدره عندها وفي قلبها وقولها في السماء يحمل على طريق
الاشارة اليها تنبيها على محله في قلبها ومعرفتها به على قول القائل اذا اراد ان
يخبر عن رفعة وعلو منزلة فلان في السماء اى هو رفيع الشان عظيم المقدار واذا كان كذلك
لم يجز ان يحمل على غيره مما يقتضي الحد والتشبيه والتمكين في المكان والتكييف انتهى ملخصا مما في التنبيه
وقال الامام النووي في شرح مسلم هذا الحديث من احاديث الصفات وفيها مذهبان تقدم ذكرهما ثم قال بعدما
اى في تاويله بما يليق به قال كان المراد امتحانها هل هي موحدة تقر بان الخالق المدبر الفعال هو الله
وحده وهو الذي اذا دعاه الداعي استقبل السماء كما اذا صلى المصلي استقبل الكعبة
وليس ذلك لانه منحصر في السماء كما انه ليس منحصرا في جهة الكعبة بل ذلك لان
السماء قبلة الداعين كما ان الكعبة قبلة المصلين ام هي من عبدة الاوثان التي بين ايديهم
فلما قالت في السماء علم انها موحدة وليست عابدة الاوثان انتهى قال القاضي عياض
لا خلاف بين المسلمين قاطبة فقيههم ومحدثهم ومتكلمهم ونظارهم ومقلدهم ان الظواهر
الواردة بذكر الله تعالى في السماء كقوله تعالى ءامنتم من في السماء ان يخسف بكم الارض
ونحوه ليست على ظاهرها بل متاولة عند جميعهم انتهى ملخصا مما في التنبيه وهذا
القول مطابق لما قاله المصنف في مقتوله المذكور ولما في المتاخرين من المتكلمين

ہو تین نہیں ہے اپنی بیٹی کہتا ہوں اور خدا کی کیطرف سے توفیق ہے کہ اس حدیث کے ظاہر کو قبول کر کے صفات دینا
ہے اور کہا ہے کہ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے این اللہ کہنے کا جواز اور جایز ہوتا ہے خبر دینے کا کہ خدا آسمان میں ہے
اور جواب یہ ہے کہ یہ حدیث بسبب ظاہر ہونے اس کے ظاہر ہے کہ جیسا کل متشابہات کا حال ہے اور اسی وجہ سے امام ابن
فورک نے اس حدیث کی تاویل کی ہے اب میں کہتا ہوں کہ کلام اس حدیث میں دو طرح ہے ایک ان میں سے تاویل کرنا ہے
قول این اللہ کے باوجود محال ہونے خدا کے مکان میں ہونے کے دوسرے حضرت کے اس قول میں کہ یہ مومنہ ہے باوجود
ظاہر ہونے کسی دلیل کے اوس عورت کے پھر اس حدیث کی توجیہ میں کہا کہ حضرت صلعم نے قول این اللہ سے دریافت کرنا چاہا
خدا کی قدر و منزلت کو اوس عورت کے نزدیک اور اوسکے دل میں اور اوسکا یہ کہنا کہ آسمان میں ہے بطور اشارہ کے آسمان کی طرف
واقع ہے تنبیہ کے لیے خدا کی منزلت پر اوسکے لیے ہوا اوس عورت کے بھی انتہی پر خدا کو جیسا کہ جب کسی کی بڑی مرتبت و قدر و منزلت بیان
کرنا منظور ہو تو بیان کرنیوالا کہتا ہے کہ فلان شخص آسمان میں ہے یعنی وہ رفیع الشان و عالی قدر ہے اور جبکہ ایسا ہو تو جائز نہیں ہے کہ اس
معنی کے غیر پر جاریہ کا قول محمول کیا جاوے کہ جس سے حد و تشبیہ اور مکان میں ہونا اور کیفیت سے موصوف کرنا لازم آوے تمام ہوا خلاصہ
اس قول کا جو کہ تنبیہ میں منقول ہے اور امام نووی نے مسلم کی شرح میں کہا ہے کہ یہ حدیث صفات متشابہات کی احادیث میں سے ہے اور
اون میں دو مذہب ہیں کہ جنکا ذکر گزر چکا ہے پھر کہا کہ جو لوگ قایل ہیں اسکی تاویل کے ایسے معنی میں کہ جو شان الہی کے لایق ہیں اونکا قول یہ
ہے کہ حضرت کو اوس لونڈی کا امتحان منظور تھا کہ کیا وہ موحد ہے اقرار کرتی ہے اس امر کا کہ پیدا کرنیوالا تدبیر کرنیوالا سب کام کا کرنیوالا صرف
خدا ہی ہے اور اوسی کیطرف دعا کرنیوالا آسمان کے جانب مونہہ کر لیتا ہے جیسا کہ جب نمازی نماز پڑھتا ہے تو کعبہ کیطرف متوجہ ہوتا ہے اور
اوس توجہ سے یہ غرض نہیں ہوتی ہے کہ خدا آسمان کے اندر گھرا ہوا ہے جسطرح کہ وہ جہت کعبہ میں بھی گھرا ہوا نہیں ہے بلکہ یہ توجہ اسلیے کی
آسمان دعا کرنیوالوں کا قبلہ ہے جسطرح کہ کعبہ نمازیوں کا قبلہ ہے یا یہ لونڈی بت پرستوں میں سے ہے کہ جنکو وہ سامنے رکھتے ہیں
پس جبکہ لونڈی نے کہا کہ خدا آسمان میں ہے تو معلوم ہو گیا کہ وہ موحد ہے اور بتوں کی پوجنے والی نہیں ہے انتہی علامہ قاضی عیاض نے فرمایا ہے کہ نہیں خلاف
ہے تمام مسلمانوں محدثین اور ان میں فقیہ و محدث و اہل کلام و ان کے مقلد و منتسب سب اس میں کہ ظواہر آیات و احادیث جو وارد ہیں خدا کا آسمان میں ہونے کی ذکر میں
وہ اپنے ظاہر معنی پر محمول نہیں ہیں بلکہ کل مسلمانوں کے نزدیک بغیر ظاہر کے تاویل کرنے کے اول میں تمام ہوا یہ قول ... اور کلام ... میں
کرتے ہیں اور اس قول سے باطل ہو گیا جو کہ مصنف نے اپنے قول ... شروع میں ... کہ مراد جہت ... فوق ...

والفقهاء التأويل الامر بها بذلك انه دأب المتأخرين واما القدماء فلا يرون حمل المتشابه
على ظاهره وترك التأويل فيه قال البيضاوي في توجيه حديث الجارية لم يرد به السؤال
عن مكانه فانه منزه عنه والرسول اعلى من ان يسئل ذلك بل اراد ان يتعرف انها
مشركة ام موحدة لان قالت قالت في السماء وفي رواية اشارت الى السماء فهم
منها انها موحدة تريد بذلك نفي الالهة الارضية التي هي الاصنام لا اثبات السماء
مكانا له تعالى عما يقول الظالمون علوا كبيرا او لانه كان مأمورا بان يكلم الناس
على قدر عقولهم ويهديهم الى الحق على حسب فهمهم ووجدها تعتقد ان المستحق
للعبودية اله يدبر الامر من السماء الى الارض لا الالهة التي يعبدها المشركون فقنع منها
بذلك ولم يكلفها اعتقاد ما هو صرف التوحيد وحقيقة التنزيه انتهى وقال الامام
الشعراني في اليواقيت والجواهر فان قيل فما الحكمة في سؤال رسول الله صلى الله عليه وسلم
الجارية التي شكوا في اسلامها وارادوا عتقها بالاينية حين قال لها اين الله
فاشارت الى السماء فقال هي مؤمنة وفي الكعبة مع انه صلى الله عليه وسلم يعلم قطعا استحالة الاين
على الباري جل وعلا فالجواب كما قاله الشيخ في الباب الخامس والثلاثين ان النبي صلى الله عليه وسلم
ما سأل الجارية بالاينية الا لقصور عقلها والتنزيه لا تعقله فلو سألها على غير ما تعقله
التواطؤ في العالم قال تعالى وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومه ليبين لهم
ثم ان التواطؤ قد يكون على صورة ما هو الحق عليه في نفسه وقد لا يكون والشارع
صلى الله عليه وسلم تابع لهم في ذلك تنزلا لعقولهم احكاما انتهى ثم قال المفتي
العلامة بعد ذكر هذه النقول في التفسير فلما كثيرا ما يستدل المجسمة بنحو
الاحاديث على اثبات الجهة ولا يمكن اجراؤها على ظاهرها باتفاق المسلمين لان
كونه في السماء يقتضي ان يكون السماء ظرفا فيكون السماء محيطا له تعالى من جميع

فقہا و متکلمین مین تاویل شایع ہوگئی ہے تا آخر اور مراد اس قول سے یہہ لی ہے کہ تاویل کرنا پچھلون کی عادت
ہے اور لیکن پہلے پس اونکا طریقہ متشابہ کو حمل کرنا ہے اوسکے ظاہری معنی پر اور اوسمین تاویل نہ کرنا بیضاوی نے
حدیث جاریہ کی توجیہ مین کہا ہے کہ حضرت نے اس حدیث مین خدا کے مکان کو پوچھنے کا ارادہ نہین کیا ہی اسلئے
کہ حق تعالی مکان سے پاک ہے اور رسول مکان کا سوال کرنے سے برتر ہی بلکہ یہہ ارادہ کیا ہے کہ معلوم ہو جاوے کہ وہ عورت
موحد ہے یا مشرک یہان تک کہ کہا پس جبکہ عورت نے کہا کہ آسمان مین ہے اور ایک روایت مین ہے کہ اوسنے اشارہ
کیا آسمان کیطرف تو اس سے معلوم ہوگیا کہ وہ موحد ہے اپنے قول یا اشارہ سے ارادہ کرتی ہے نفی معبودین زمین کی
کہ وہ بت ہین نہ یہہ کہ آسمان خدا کا مکان ہے یہہ برتر ہے خدا ظالمون کے قول سے بہت برتر ہونا اور اسوجہ سے کہ حضرت کو
حکم تھا کہ لوگون سے کلام کرین بقدر اونکے عقلون کے اور اونکی ہدایت کرین جو کچھ مناسب موافق اونکے فہم کے اور اوس عورت
کو حضرت نے پایا کہ وہ معتقد ہے کہ بندگی کا حقدار ایسا معبود کہ جو امر مخلوق تدبیر کرتا ہے آسمان سے لیکر زمین تک نہ کہ وہ معبود مین
کہ جنکو مشرک پوجتے ہین پس اوس عورت سے حضرت نے اسپر قناعت کرلی اور اوسکو تکلیف نہ دی معرفت توحید اور حقیقت تنزیہ کے
اعتقاد کی انتہی اور امام شعرانی نے یواقیت الجواہر مین کہا ہے پس اگر کہا جاوے پھر کیا حکمت ہے رسول خدا صلعم کے پوچھنے
مین مکانکو اوس عورت سے کہ جسکے مسلمان ہونے مین لوگون کو شک تھا اور اونہون نے اوسکو آزاد کرنا چاہا تھا جبکہ حضرت نے
اوس عورت سے فرمایا کہ خدا کہان ہی پس عورت نے آسمان کیطرف اشارہ کیا پس حضرت نے فرمایا کہ یہہ مومنہ ہے قسم رب کعبہ کی اسلئے کہ
حضرت صلعم قطعاً جانتے تھے کہ حق جل وعلا کا مکان مین ہونا محال ہی پس جواب سکا وہی ہی کہ شیخ اکبر نے فتوحات باب [illegible] مین ذکر کیا ہے
کہ حضرت صلعم نے لونڈی سے مکان کا سوال محض اوسکے عقل کے اعتبار سے کیا تھا اور شہر مدینہ کا ورود اسکے نہج پر ہوا ہے کہ جو لوگون
کے زبانون پر شایع ہی حق تعالی نے فرمایا ہے کہ ہمنے جسقدر رسول بھیجے ہین اونکے اقوام کی زبان پر بھیجے ہین تاکہ اونپر امر حق کا اظہار کرین
پھر لوگونکا اتفاق کبھی تو حقایق نفس الامریہ کے مطابق پڑ جاتا ہے اور کبھی نہین ہوتا ہے اور شارع صلعم اسباب مین اونکے تابع ہین احکام
شرع بیان کرنے مین بقدر اونکے عقلونکے انتہی پس دیکھو علامہ نے کہا تنبیہ مین ان نقلونکو ذکر کرنے کے بعد کہ مین کہتا ہون کہ بسا اوقات مجسمہ دلیل
لاتے ہین اثبات جہت کے لیے اس قسم کی حدیثون سے حالانکہ باتفاق کل مسلمانون کے ان حدیثونکو اونکے ظاہری معنی پر جاری
کرنا ممکن نہی اسلئے کہ خدا کا آسمان مین ہونا چاہتا ہے کہ آسمان اوسکا ظرف ہو جاوے پس اس تقدیر پر آسمان نہ تمام

الجوانب فيكون تعالى اصغر من العرش بكثير بلا شك فيكون الله تعالى
شيئا حقيرا بالنسبة الى العرش وذلك باتفاق المسلمين مستحيل
فيصرفه عن الظاهر الى التاويل او يفوض معناه كما هو مذهب
السلف انتهى اقول المراد بالتاويل التاويل التفصيلي والا فالتفويض
مع التنزيه عن الظاهر ايضا لا يخلو عن التاويل الاجمالي والعيضا
التاويل واجب الاذعان بحكم محكم الكتاب فلا بد منه وحكم به
المصنف على الحديث المذكور بانه من لم يقبل مثله ليس بمومن فمردود
عليه للقطع بان من اقر بكلمة التوحيد والرسالة فهو مومن مع
انه ما قال مثل قول الجارية وانما حكم المصنف بهذا الحكم لانه
اشرب في قلبه مذهب المشبهة وقد شغفه حبا وحبك الشئ
يعمى ويصم فلذلك يتخبط خبط العشواء ولا يتميز السوداء عن البيضاء
والله يحق الحق وهو يهدى السبيل قال ومن ههنا ما روى شيخ
الاسلام عبد الله الانصارى فى كتابه الفاروق باسناده
عن ابى بكر بن نصير بن يحيى عن الحكم بن عبد الله ابى مطيع
البلخى صاحب الفقه الاكبر قال سالت ابا حنيفة عمن يقول لا اعرف
ربى فى السماء او فى الارض فقال قد كفر لان الله تعالى يقول
الرحمن على العرش استوى وعرشه فوق سبع سموت فقلت انه
يقول اقول على العرش استوى ولكن لا ادرى العرش فى السماء ام فى الارض قال
اذا انكر انه فى السماء فقد كفر وفى رواية لغيره من قال لا اعرف ربى فى السماء
او فى الارض فقد كفر لان الله تعالى على العرش استوى عرشه فوق سبع سموت قلت فان

جوانب سے حق تعالی کو گہیر لیگا پس بے شک حق تعالے عرش سے بہت چہوٹا ہوجاے گا اور عرش کی
نسبت ایک چہوٹی سی چیز ہوجاے گا اور یہ امر تمام مسلمانون کے اتفاق سے محال ہے پس واجب ہے
کہ اسکو ظاہر معنی سے پہیر دیا جاے تاویل کرکے اور تاویل کا علم حق تعالی کو سونپا جاے جیسا کہ پہلون کا مذہب ہے
انتہی مین کہتا ہون تاویل سے مراد اس قول مین تاویل تفصیلی ہے ورنہ پس سونپ دینا علم تاویل کو ساتہ اعتقاد تنزیہ کے
ظاہر معنی سے نیز تاویل اجمالی سے خالی نہین ہے اور نیز تاویل پر اعتقاد رکہنا ضروری ہے محکم کتاب کے حکم سے
پس تاویل بغیر چارہ نہین ہے اور جو کہ مصنف نے حدیث مذکور پر حکم لگایا ہے کہ جو شخص مثل
قول جاریہ کے نکہے مومن نہین ہے) پس یہ حکم مصنف ہی پر عاید ہے کیونکہ یقینی ہونے
اس امر کے کہ جو شخص اقرار کرے توحید اور رسالت کا پس وہ مومن ہے حالانکہ اوسنے
مثل قول اوس لونڈی کے نہین کہا ہے اور یہ حکم مصنف نے اسی وجہ سے کہا ہے کہ اوسکے
دل مین مشبہہ کا مذہب پلا دیا گیا ہے اور اوس مذہب کی محبت نے اوسکو شیفتہ بنا دیا ہے
اور دستور ہے کہ محبت کسی شے کی تجہکو اندہا اور بہرا بنا دیتی ہے پس اسی سبب سے
مصنف چہچوندر کے طرح بہٹکتا ہے اور سیاہ و سپید مین تمیز نہین رکہتا ہے اور حضرت اللہ
ہی حق کو ثابت کرتا ہے اور وہی راہ حق کے طرف رہنمائے فرماتا ہے کہا مصنف
نے اور اسی جگہ سے ہے جو کہ شیخ الاسلام عبد اللہ انصاری سے اپنی کتاب
الفاروق مین اپنے اسناد سے روایت کی ہے ابو بکر بن نصیر بن یحیی سے
اونہون نے حکم بن عبد اللہ ابو مطیع بلخی سے جو کہ فقہ اکبر حنفی کا مصنف ہے کہ کہا
ابو مطیع نے کہ پوچہا مین نے ابو حنیفہ سے اوس شخص کا حکم جو کہتا ہے کہ مین
نہین پہچانتا ہون کہ میرا رب آسمان مین ہے یا زمین مین پس کہا ابو حنیفہ
نے کہ وہ شخص کافر ہوگیا اس لئے کہ حق تعالے فرماتا ہے کہ رحمن عرش پر
مستوی ہے اور اوسکا عرش سات آسمانون سے اوپر ہے پہر مین نے کہا کہ وہ کہتا ہے کہ

قال انه على العرش ولكنه يقول لا ادرى العرش فى السماء ام فى الارض قال
هو كافر لانه انكر ان تكون فى السماء ومن انكر ان يكون فى السماء فقد كفر لان الله
فى اعلى عليين وهو يدعى من اعلى لا من اسفل انتهى وقال فى هامش الرواية الاولى
سه قال الحاكم فى معرفة انواع علوم الحديث سمعت محمد بن صالح بن هانى يقول
سمعت ابا بكر محمد بن اسحق يقول من لم يقر ان الله تعالى على عرشه قد استوى فوق
سموته فهو كافر به يستتاب فان تاب والا ضربت عنقه والقى على بعض
المزابل حيث لا يتأذى المسلمون ولا المعاهدون بنتن ريح جيفته و
كان ماله فيئا لا يرثه احد من المسلمين اذ المسلم لا يرث الكافر كما قال صلى الله
عليه وآله وسلم ١٢ منه انتهى وقال فى ترجمة الرحمن على العرش استوى فى هامش
صفحه ١٣٥ سه رحمن عرش كے اوپر بیٹھا ہے ١٢ اقول ومن الله التوفيق استدل بحديث
الجارية المروى عن الامام ابى حنيفة اولا على كونه تعالى فى الجهة العالية ثم فرع
عليه بان الامام الاعظم قائل بكونه تعالى فى الجهة بظاهر هذا الحديث ولان احكم
بكفر من انكره كما يفهم من هذين القولين له وهذا كله باطل اما حديث الجارية
فقد مر انه مأول عن الظاهر باجماع اهل السنة خلافا للحشوية فنسبة القول
بظاهر الحديث الى الامام الاعظم من اعظم مفترياته واما القولان اللذان
نقلهما عن الامام وفرعهما على حديث الجارية فحالهما ايضا لا يخلو عن
اغواء العوام باخفاء المرام بيانه ان ابا مطيع البلخى رجل وضاع
عند اهل الحديث كما صرح به غير واحد فروايته عن الامام
لا يخلو عن خدشة وعلى التسليم فسبب الكفر انما هو كون قول القائل
موهما بان للحق مكانا ومن توهم ان للحق مكانا فهو مشبه لا ما فهمه

مین ہی کہتا ہون کہ عرش پر مستوی ہے لیکن مین نہین جانتا ہون کہ عرش آسمان مین ہے یا زمین مین پس کہا
کہ جب اوسنے انکار کیا اوسکے آسمان مین ہونیکا تو بس کافر ہوگیا اور ایک روایت مین اوسکے غیر کی وارد ہے کہ جسنے
کہا مین نہین پہچانتا ہون کہ میرا رب آسمان مین ہے یا زمین مین تو کافر ہوگیا اسلیئے کہ اللہ تعالی عرش پر بیٹھا ہے اور اوسکا
عرش سات آسمانون سے اوپر ہے پہنچے کہا پس اگر وہ کہے کہ وہ عرش پر ہے لیکن مین نہین جانتا ہون کہ عرش آسمان مین ہے
یا زمین مین کہا کہ وہ کافر ہے اسلیئے کہ اوسنے انکار کیا آسمانون مین ہونیسے اور جو انکار کرے آسمان مین ہونیسے کافر ہے اسلیئے کہ حق تعالی
بلندترین مقامات مین ہی اور وہ پکارا جاتا ہے اوپر سے نہ نیچے سے انتہی اور پہلی روایت کے حاشیہ مین کہا ہے کہ کہا حاکم نے معرفت
انواع علوم حدیث مین کہ سنا مین نے محمد بن صالح بن ہانی سے کہ کہتے تھے سنا مین نے ابوبکر محمد بن اسحق سے کہ کہتے تھے جو اقرار
نہ کرے اسکا کہ اللہ تعالی اپنے عرش پر بیٹھا ہے اپنے آسمانون کے اوپر تو اپنے رب کا منکر ہے اوس سے توبہ کرائی جاے اگر توبہ کرے
فبہا ورنہ اوسکی گردن ماردیجاے اور بعض گھوڑے پر پہینک دیا جاتا کہ مسلمانون اور ذمی کافرونکو ایذا نہو اوسکی مردار جنازہ کی بدبو
اور اوسکا ترکہ مال غنیمت ہوگا اور کوئی مسلمان اوسکا وارث نہوگا اسلیئے کہ مسلمان کافر کا وارث نہین ہوتا ہے جیسا کہ حضرت صلعم کا قول
ہے انتہی اور مصنف نے (الرحمن علی العرش استوی) کا ترجمہ صفحہ (١٧٥) کے حاشیہ مین اسطرح کیا ہے کہ رحمن عرش کے اوپر بیٹھا ہے ہم مین کہتا ہون
اور خدا ہی کیطرف سے توفیق ہے کہ مصنف نے اول دلیل لایا ہے لونڈی کی حدیث سے جو مروی ہے امام ابوحنیفہ سے خدا کے موجود ہونے پر
بہت علو مین پہر اوسپر متفرع کیا یہ کہ امام اعظم قائل تھے خدا کے بہت بلندی مین ہونیکے اس حدیث ظاہر معنی کی بنا پر اور اسی وجہ منکر جہت کے
کفر کا انہون نے حکم دیا ہے جیسا کہ اونکے دونون قولونسے سمجھا جاتا ہے اور یہ تمام باطل ہے لیکن حدیث جاریہ پس سابق مین گذر چکا ہے
کہ یہ حدیث ظاہر معنی سے پہیری ہوئی ہے اہل سنت کے نزدیک بالاتفاق بخلاف حشویہ کے پس ظاہر معنی حدیث جاریہ کے مطابق قائل ہونے
کی نسبت امام اعظم کیطرف کرنا مصنف کی بہت بڑی افترا ہے اور لیکن جو دو قول کہ اونکو مصنف نے امام صاحب کیطرف سے نقل کیا ہی اور حدیث جاریہ
پر اونکو متفرع کیا ہے پس اون کا حال بہی خالی نہین ہے عوام کو بہکانے سے مقصود کو چہپا کر اسکا بیان یہ ہے کہ ابومطیع بلخی محدثین کے نزدیک
ضعیف ہے جو حدیثین بنایا کرتا تھا جیسا کہ متعدد اشخاص نے اسکی تصریح کی ہے پس اوسکی روایت امام اعظم کیطرف سے ضعف سے
خالی نہین ہے اور اگر اس روایت کو مان ہی لیا جاے پس سبب کفر کہا ہی ہے قائل کے قول سے وہم پیدا ہوتا ہے اس بات کا کہ خدا کے لیئے
مکان ہے اور جس نے وہم کیا کہ خدا کے لیئے مکان ہے پس اہل تشبیہ سے ہے اور کفر جسکے وہ نہین ہے کہ بسکے

المصنف وبحث عليه مايأتي والدليل على ما قلنا ما نص عليه الفقيه العلامة
في التنبيه (قال علي القاري في الجواب عن الرواية المذكورة انه
ذكر الشيخ الامام ابن عبد السلام في كتاب حل الرموز انه قال الامام
ابو حنيفة رحمه الله من قال لا اعرف الله تعالى في السماء هو ام في
الارض فقد كفر لان هذا القول يوهم ان للحق مكانا ومن توهم
ان للحق مكانا فهو مشبه انتهى ثم قال ولا شك ان ابن عبد السلام
من اجل العلماء واوثقهم فيجب الاعتماد على قوله لا على ما ذكره الشارح
مع ان ابا مطيع رجل وضاع عند اهل الحديث كما صرح به
غير واحد والحاصل ان الشارح (اي شارح عقيدة الطحاوي)
يقول بعلو المكان مع نفي التشبيه وتبع فيه طائفة من اهل البدعة
وقد تقدم عن ابي حنيفة انه يؤمن بالصفات المتشابهات و
يعرض عن تاويلها وينزه الله تعالى عن ظواهرها ويكل علمها
الى عالمها كما هو طريقة السلف وكثير من الخلف ومذهبهم
اسلم واحكم انتهى قول القاري قلت معنى انه في السماء
على حد السمع وقد نقل عن الامام ابي حنيفة في الفقه الاكبر
هذا اي غير المتداول لا يوصف الله تعالى بصفات المخلوقين
البتة وهو يغضب ويرضى غضبه عقوبته ورضاه ثوابه
ونصفه كما وصف نفسه احد صمد لم يلد ولم يولد ولم يكن له
كفوا احد حيّ قادرٌ سميعٌ بصيرٌ عليمٌ يد الله فوق ايديهم
ليست كايدي خلقه ليست بجارحة وهو خالق الايدي وجهه ليس

مصنف نے سمجھا ہے اور مبنی کیا اوسپر جو کچھہ کہ مبنی کیا اور ہمارے قول کی دلیل وہ کلام ہے کہ علامہ
مفتی نے تنبیہ مین براءت بیان کیا ہے کہ کہا ملا علی قاری نے روایت مذکورہ کے جواب
مین کہ ذکر کیا ہے شیخ امام ابن عبد السلام نے کتاب حل الرموز مین کہ کہا امام ابوحنیفہ رح نے
کہ جس نے کہا مین نہین پہچانتا ہون کہ حق تعالی آسمان مین ہے یا زمین مین ہے پس وہ
کافر ہوگیا اس لیے کہ یہہ قول وہم دلاتا ہے کہ خدا کے لئے مکان ہے اور جسنے وہم کیا کہ خدا
کے لئے مکان ہے تو وہ تشبیہ والا ہے انتہی پہر کہا اور اسمین شک نہین کہ ابن عبد السلام بہت
بڑے معتبر علما مین سے ہے پس اوسکے قول پر بہروسا کرنا واجب ہے نہ شارح کے
روایت مذکورہ پر باوجود اسکے کہ ابو مطیع ایک مرد حدیثین گہڑنے والا ہے محدثین کے نزدیک
جیسا کہ بہت سے لوگون نے اسکی تصریح کی ہے اور حاصل کلام یہہ ہے کہ شارح عقیدہ طحاوی کا
قائل ہے جہت علو کا نفی تشبیہ کے ساتہہ اور اسی عقیدہ مین اوسکے تابع ہوگئے ایک جماعت
بدعتیون کی اور تحقیق گذر چکا ہے امام ابوحنیفہ رح سے کہ وہ ایمان لاتے ہین متشابہات پر اور اونکی
تاویل بیان کرنے سے سکوت کرتے ہین اور حق تعالی کو اونکے ظاہری معانی سے
منزہ جانتے ہین اور اونکا علم عالم الغیب کے حوالہ کرتے ہین جیسا کہ سلف اور اکثر خلف
کا طریقہ ہے اور اونکا مذہب سالم تر و محکم تر ہے تمام ہوا قول ملا علی قاری کا مین
کہتا ہون کہ معنے اس قول کے کہ خدا آسمان مین ہے صحیح ہے اور امام
ابوحنیفہ سے منقول ہے فقہ اکبر مشہور مین کہ حق تعالی موصوف نہین ہے
مخلوق کے صفات سے یقیناً اور وہ غضب ہوتا ہے اور راضی ہوتا ہے غضب
اوسکا عذاب ہے اور رضا اوسکی ثواب ہے اور ہم اوسکا وصف بیان کرتے ہین
جیسا کہ خود اوس نے اپنا وصف بیان کیا ہے کہ وہ ایک ہے بے نیاز ہے نہ
اوسنے جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہ اوسکا کوئی ہمسر ہے زندہ ہے قدرت والا ہے سنتا

كوجوه خلقه وهو خالق الوجوه ونفسه ليس كانفس خلقه وهو خالق
النفوس ليس كمثله شيء وهو السميع البصير ارايت لو قيل اين الله
تعالى فقال يقال له كان الله قبل ان يخلق الخلق ويقال له كان الله
ولم يكن اين ولا خلق ولا شيء وهو خالق كل شيء انتهى وهو صريح في نفي
المكان عنه تعالى والتنزيه عن ظواهرها فلو قيل ههنا على الظاهر
المعنى لكان مخالفا له انتهى كلام المفتي العلامة في التنبيه فقد علم
من هذه النقول بطلان قيلة المصنف بالنسبة الى الامام الاعظم
حق بطلانها واما ما نقله عن محمد بن اسحق بن خزيمة في الهامش من
رواية فقتل منكر الجهة والقائه على مزبلة فخالدا انه حكم مخالف
لاهل السنة والجماعة وخلاف للاجماع الامة يجب ان يستتاب
قائله وناقله يريد الاشاعة بين المسلمين والا فالتعزير والضرب واحراق
ما كتب فيه هذا الحكم سارقا من كتاب شيخه ابن تيمية ساترا مذهب
صاحب هذا الحكم فاسم ناقله واسم ما نقل منه ملحقا بكلام الامام الاعظم
بحيث يعلم منه كانه من كلام الامام او من احكام مقلديه فالى الله
المشتكى وهو الموئل والملجأ والشاهد لما قلنا ما نصه المفتي العلامة في التنبيه
رادا على ابن تيمية وهو هذا وقال محمد بن اسحق بن خزيمة امام الائمة من لم
يقل ان الله تعالى فوق سمواته على عرشه بائن من خلقه وجب ان يستتاب فان تاب
والا ضربت عنقه ثم القي على مزبلة لئلا يتاذى بريحه اهل القبلة ولا اهل الذمة قال
ابن تيمية ذكره عنه الحاكم باسناد صحيح قال العلامة الحلبي في رده الجواب عن مثل هذا افترى
على ابن خزيمة فقد علم الخاص والعام كلامه في العقائد والكتب التي صنفها في التنزيه وسماه بالتوحيد رد الائمة عليه

دیکھتا ہے دانائی اور ہے خدا کا ہاتھ بندوں کے ہاتھوں پر ہے پر بندوں کے ہاتھوں کی طرح نہیں ہے جارحہ نہیں ہے اور وہ پیدا کرنیوالا
ہے ہاتھوں کا اوس کا وجہ نہیں ہے نہیں ہے لوگوں کے چہروں کی طرح اور وہ خالق ہے چہروں کا اور نفس اوس کا نہیں ہے مثل
نفوس مخلوق کے اور وہ خالق نفسوں کا ہے نہیں ہے اوس کے مثل کوئی چیز اور وہی سننے والا دیکھتا ہے تم جانتے ہو کہ اگر کہا جاوے
کہاں ہے خدا ہے تعالی بغیر کہا کہ اوس سے کہا جائے گا کہ خدا موجود تھا مخلوق کے پیدا کرنے سے پہلے اور اوس سے کہا جائیگا
کہ خدا تھا اور نہ مکان تھا نہ مخلوق تھی اور نہ کوئی شئے تھی اور وہ پیدا کرنے والا ہے ہر شئے کا انتہی - اور یہہ کلام کھلا ہوا ہے
نفی مکان میں اور ظاہر متشابہات سے حق تعالی کے تنزیہ میں پس اگر یہاں ظاہر شئے کے موافق کہا جاسکتا تو یہہ ظاہر ہو
ہو جاسکیگا کہ فقہ اکبر کی عبارت ختم ہوا کلام مفتی علامہ کا تنبیہ میں پس ان عبارات منقولہ سے مصنف کے
اس کلام کا بخوبی باطل ہونا ظاہر ہوگیا ہے جو نسبتاً امام اعظم کے اوس نے نقل کیا ہے اور لیکن جو کہ مصنف
نے حاشیہ میں محمد بن اسحق بن خزیمہ سے مسئلہ منکر جہت کے مارڈالنے اور اوس کی لاش کو گھورے پر پھینکدینے
کا نقل کیا ہے پس اوس کی کیفیت یہہ ہے کہ یہہ ایک حکم ہے خلاف اہل سنت کے اور برخلاف اجماع
امت کے واجب ہے کہ اس کے قائل اور ناقل سے (جو کہ ارادہ رکھتا ہے اس کی اشاعت کا مطالعین میں)
توبہ کرائی جاوے اگر توبہ نہ کرے تو لازم ہے اخراج بلد اور پیٹنا اور اوس رسالہ کو جلانا کہ جس میں یہہ مسئلہ
لکھدیا ہے آپنے شیخ ابن تیمیہ سے چراکر اور اوس کے قائل و ناقل کا مذہب و نام چھپاکر اور امام اعظم کے کلام
سے ملاکر اس طرح پر کہ جس سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ گویا یہہ مسئلہ امام صاحب کے کلام سے ہے یا اون کے منقول مسئلہ احکام
سے ہے پس خدا ہی کی طرف ہمارا شکوہ ہے اور وہی ہمارا مرجع و ملجا ہے اور شاہد ہمارے اس قول کا وہ کلام ہے کہ جس کی توضیح فرمائی ہے
مفتی علامہ نے تنبیہ میں ابن تیمیہ پر رد کرنے کو اور وہ یہہ ہے (اور کہا محمد بن اسحق بن خزیمہ نے جو کہ اماموں کا امام ہے) کہ جس نے
نہ کہا اللہ تعالی اپنے آسمانوں سے اوپر اپنے عرش پر ہے مخلوق سے جدا ہے تو واجب ہے کہ اوس سے توبہ کرائی جاوے پس اگر
توبہ کرے تو بہتر ہے ورنہ اوس کی گردن ماردیجاوے اور کسی کوڑے پر پھینکدیا جاوے تاکہ اوسکی بدبو سے اہل قبلہ و اہل ذمہ کو اذیت نہو کہا
ابن تیمیہ نے نقل کیا اس سے حاکم نے اسناد صحیح کے ساتھہ کہا علامہ حلبی نے روضین کہ جواب اس طرح کے اقوال کا پہلے گذرچکا ہے
اس کے علاوہ ابن خزیمہ کا کلام عقائد میں اور اوس کی کتاب جس کو اوس نے تشبیہ کے باب میں تصنیف کیا ہے اور اوس کا نام
توحید رکھا ہے عام و خاص کو معلوم ہے اور ائمہ اہل سنت کا رد اوس پر جید اور شمار سے زیادہ ہے ـ ـ ـ

وقولهم فيه ما قاله هو في غيره معروف انتهى فقد علم من هذا ان قائل هذا الكلام
ليس من اهل السنة بل هو من الحشوية الضالة المضلة اعاذنا الله من شرورهم
والحق في هذا الباب ما نقله عن الامام ابي حنيفة بعد هذا القول حيث قال ﴿ وقال ابو
حنيفة في الوصية التي هي عند الحنيفة ثم نقر بان الله تعالى على العرش استوى من غير ان
يكون له حاجة اليه واستقرار عليه وهو الحافظ للعرش وغير العرش فلو كان محتاجا
لما قدر على ايجاد العالم وتدبيره كالمخلوق ولو صار محتاجا الى الجلوس والقرار فقبل
خلق العرش اين كان الله تعالى فهو منزه عن ذلك وتعالى علوا كبيرا نقله الشيخ علي
القاري في شرح الفقه الاكبر انتهى اقول بتوفيق الله تعالى وعونه ان قول الامام ثم
نقر بان الله تعالى على العرش استوى موافق لما عليه التنزيل وهو الايمان بما ورد
في الشرع من المتشابهات ثم قوله من غير ان يكون له حاجة اليه واستقرار عليه
الى آخره نص على التاويل عن الظاهر لانه يستلزم التشبيه والله تعالى مقدس عنه
ففيه تائيد لمذهب اهل السنة ورد على المعتزلة حيث انكروا الصفات وعلى
الحشوية حيث حملوا المتشابهات على ظواهرها فوقعوا في التشبيهات وانما نقله
المصنف ههنا مع انه مناقض لما نقله عن الامام فيما قبله جمعا بين مذهب
الحشوية وبين مذهب اهل السنة وتوفيقا بين القولين الذين نقلهما عن الامام
وتطبيقا بين ادلة التشبيه وادلة التنزيه بان التشبيه حق ثابت على ما اقتضاه
اسم الظاهر من حيث تجليه في المظاهر والتنزيه حق ثابت على ما
اقتضاه اسم الباطن من حيث استتاره في البواطن وهذا كيد عظيم
وشيد فخيم يعرفه الماهرون ويعلم المومنون بان الحق الحقيق عنده
باطل وان الحق من الباطل وقد بيناه سابقا بانه مستلزم لاجتماع
النقيضين وجامع بين المتنافيين لانقسام المتشابه الى القسمين ولا يجد

اور قول ائمہ کا اوس کی نسبت جیسا کہ اوس کا قول ہے اپنے مخالف کی نسبت مشہور ہے انتہی پس اس سے معلوم ہوا کہ قائل
اس حکم کا مستحق نہین ہے بلکہ وہ مجسمہ مین سے ہے جو خود بھی گمراہ ہین اور دوسرون کو گمراہ کرتے ہین ہم کو خدا اپنی پناہ مین رکھے
حشویہ کے شرور سے اور حق اس باب مین وہ قول ہے کہ جس کو مصنف نے امام ابوحنیفہ سے نقل کیا ہے بعد قول
مذکور کے جیسا کہ کہا ہے (اور کہا ابوحنیفہ نے کتاب الوصیۃ مین جو مشہور ہے نزدیک احناف کے پھر ہم اقرار کرتے ہین
کہ اللہ تعالیٰ عرش پر مستوی ہے بدون اس کے کہ اوس کو حاجت ہو عرش کی یا اوس پر قرار پکڑنے والا ہو اور وہی
نگہبان ہے عرش کا بیس اگر وہ حاجت مند ہوتا تو البتہ قادر نہ ہوتا عالم کو موجود کرنے پر اور اوس کی تدبیر پر مانند
مخلوق کے اور اگر محتاج ہوتا بیٹھنے اور ٹھہرنے کا تو عرش پیدا کرنے سے پہلے کہان رہتا تھا حق تعالیٰ پس
وہ اس سے منزہ ہے اور بلند تر ہے بہت بلند ہونا نقل کیا اس کو شیخ علی قاری نے فقہ اکبر کی شرح مین انتہی مین
کہتا ہون خدا کی توفیق و مدد سے کہ قول امام اعظمؒ کا (پھر ہم اقرار کرتے ہین کہ اللہ تعالیٰ عرش پر مستوی ہے) موافق ہے
مضمون قرآن کے اور وہ ایمان لانا ہے متشابہات پر جو شرع مین وارد ہین پھر قول امام کا (بدون اس کے کہ اوس کو
حاجت ہو عرش کی اور اوس کا قرار ہو اوس پر آخر تک) تصریح ہے ظاہر سے ماؤل ہونے کی اس لئے کہ ظاہر معنی سے تشبیہ
لازم آتی ہے اور حق تعالیٰ اس سے پاک ہے پس اس قول مین تائید ہے اہل سنت کے مذہب کی اور رد ہے معتزلہ
پر اس لئے کہ وہ صفات کے منکر ہین اور رد ہے حشویہ پر اس لئے کہ انہون نے متشابہات کو ظاہر معنی پر حمل کیا ہی پس
وہ تشبیہ مین مبتلا ہو گئے اور باوجودیکہ یہ قول مخالف ہے پہلے قول سے کہ جس کو مصنف نے سابق مین نقل کیا ہے پھر
بھی مصنف نے اس قول کو یہان نقل کیا ہے اس غرض سے کہ حشویہ و اہل سنت کے مذہب مین جمع ہو جائے اور تفرقہ
مٹ جائے اور امام اعظمؒ کے دونون قول مین تطبیق ہو جائے اور تشبیہ و تنزیہ کی دلیلون مین مطابقت پیدا ہو جائے بایں طور
تشبیہ حق اور ثابت باعتبار مقتضا ے اسم الظاہر کے مظاہر مین اپنا جلوہ کرنے کی وجہ سے اور تنزیہ حق و ثابت ہے باعتبار مقتضا
اسم الباطن کے بطون مین اوس کے مخفی ہونے کی وجہ سے اور یہ ایک کلمہ عظیم و شدید فہیم ہے کہ جسکو ماہر پہچانتے ہین اور اہل ایمان
جانتے ہین کہ حق ثابت اوس سے کوسون دور ہے اور باطل کو حق سے بہت فاصلہ ہے اور ہم سابق مین بیان کر چکے ہین
کہ مصنف کی یہ رائے مستلزم ہے اجتماع نقیضین کو اور جامع ہے دو منافی کی جہت سے منقسم ہونے
متشابہ کے دو قسمون کی طرف اور مصنف کو نفع نہین دیتا ہے۔ دستاویز یا ؟

التشبيه تبعا لبعض الحشويين الا ان دعوى كون سائر المتشابهات محمولة على ظواهرها
حقيقة بمرفع تفاسير الحشويين من البين فمتد ابد (قال) وقال البيهقى فى كتاب الاسماء
والصفات اناابو بكر بن زكريا بن الحارث الفقيه قال انا ابو محمد بن حبان اى
ابو الشيخ الحافظ انا احمد بن جعفر بن نصر ثنا يحيى بن يعلى قال سمعت
نعيم بن حماد يقول سمعت نوح بن ابى مريم ابا عصمة اى المشهور
بالجامع لجمعه العلوم يقول كنا عند ابى حنيفة اول ما ظهر اذ جاءته
امراة من ترمذ كان تجالس جهما فدخلت الكوفة فاظنى اقل ما رايت
عليها عشرة آلاف من الناس تدعو الى رأيها فقيل لها ان ههنا
رجلا قد نظر فى المعقول يقال له ابو حنيفة فاتته فقالت انت الذى
تعلم الناس المسائل وقد تركت دينك واين الهك الذى تعبد
فسكت عنها ثم مكث عنها سبعة ايام لا يجيبها ثم خرج الينا وقد وضع
كتابا ان الله تبارك وتعالى فى السماء دون الارض فقال له رجل وهو معكم
اينما كنتم قال هو كما تكتب الى الرجل انى معك وانت غائب عنه والمعنى بالسماء
فى حديث الجارية السوداء وقول ابى حنيفة الجهة السامية العالية فيشمل
العرش والسماء الدنيا اذ ينزل اليها وهو مستو على العرش بشانه انتهى اقول بتوفيق
الله تعالى وعونه ان استدلال المصنف بهذه القصة باطل لوجهين الاول ان
سند القصة عن الامام لا تصح لان راويها وهو ابو عصمة نوح بن ابى مريم
وضاع كذاب قد جرح اهل الحديث بوضعه وكذبه وايضا فهو بنفسه
انه كذب على الامام حسبما كما نقلناه فى المقدمة والثانى على التسليم انه قال
البيهقى لقد اصاب ابو حنيفة فيما نفى عن الله عز وجل من الكون فى
الارض وفيما ذكر من تاويل الآية وتبع مطلق السمع فى قوله

دو حیثیتون کے تغایر کو اس لئے کہ دعوے ہونے تمام متشابہات کا محمول اپنے ظاہر پر حقیقۃً تغایر حیثیتین کو دور کر دیتا ہے درمیان سے کہ جس [illegible] کہ مصنف نے اور کہا بیہقی نے کتاب الاسماء والصفات مین کہ ہم کو خبر دی ابو زکریا بن حارث فقیہ نے کہا کہ ہم کو خبر دی ابو محمد بن حیان یعنی ابو الشیخ حافظ نے کہ خبر دی ہم کو احمد بن جعفر بن نصر نے کہ بیان کیا ہم سے یحیی بن یعلی نے کہا سنا مین نے نعیم بن حماد سے وہ کہتے تھے کہ سنا مین نے نوح بن ابی مریم ابو عصمہ سے جو کہ مشہور ہین جامع کے نام سے بسبب جمع کرنے علوم کے وہ کہتے تھے کہ ہم ابو حنیفہ کے پاس تھے اون کے زمانہ شہرت کے آغاز مین کہ ناگہان ایک عورت اون کے پاس آئی جو کہ جہم کی صحبت یافتہ تھی پس کوفہ مین داخل ہوئی پس مین گمان کرتا ہون کہ کم از کم دس ہزار لوگون کو وہ اپنی رائے کی طرف دعوت کرتی تھی پھر اوس سے کہا گیا کہ یہان ایک معقولی مرد ہے جس کو لوگ ابو حنیفہ کہتے ہین پس وہ عورت اون کے پاس آئی اور کہا کہ تو ہی لوگون کو مسئلے سکھاتا ہے اور تو نے اپنے دین کو چھوڑ دیا ہے اور کہان ہے تیرا معبود کہ جس کو تو پوجتا ہے پس ابو حنیفہؒ ساکت ہو گئے اور سات دن تک جواب دینے مین توقف کیا پھر ہمارے پاس آئے اور ایک کتاب تصنیف کی کہ بیشک اللہ تبارک وتعالی آسمان مین ہے زمین مین نہین ہے پھر ایک شخص نے اون سے کہا کہ تم نے دیکھا ہے قول حق تعالی کا کہ (وہ تمہارے ساتھ ہی جہان تم ہو) کہا کہ اس کو ایسا سمجھو کہ جس طرح تم کسی کو لکھو کہ مین تیرے ساتھ ہون حالانکہ تم اوس سے دور ہو اور مراد ساتھ

معنی جاریہ سوداء کی حدیث اور ابو حنیفہ کے قول مین جہت علو کے ہین پس شامل ہے عرش و آسمان دنیا کو اس لئے کہ حق تعالی نزول فرماتا ہے آسمان دنیا کی طرف حالانکہ وہ اپنی شان سے عرش پر مستوی ہے انتہی مین کہتا ہون خدا کی توفیق و مدد سے کہ مصنف کا دلیل لانا اس قصہ سے باطل ہے دو وجہ سے اول یہہ کہ یہ قصہ امام کی طرف سے صحیح نہین ہے اس لئے کہ اس کا راوی اور وہ ابو عصمہ نوح بن ابی مریم ہے وضاع حدیث و کذاب ہے کہ جسکی وضع حدیث و کذب پر محدثین نے تصریح کر دی ہے اور نیز اوس نے خود بھی اس امر کا اقرار کیا ہے کہ مین نے امام ابو حنیفہ پر بغرض ثواب جھوٹ بولا ہے جیسا کہ ہم نے مقدمہ مین اس کو نقل کیا ہے اور دوم برتقدیر تسلیم صحت یہہ کہ بیہقی نے کہا ہے کہ بیشک ابو حنیفہؒ نے حق بیان کیا ہے اس امر مین کہ نفی کی حق تعالی کے زمین مین ہونے کی اور آیت کی تاویل مین پیروی کی مطلق نقل کی اپنے اس قولین

ان الله عزوجل فی السماء ومراده من ذلک والله اعلم ان صحت الحکایة عنه
ما ذکرنا فی معنی قوله اء منتم من فی السماء وقد روی عنه ابو عصمة انه ذکر
مذهب اهل السنة وذکر فی جملة ذلک ان لایتکلم فی الله بشیٔ وهو نظیر
ما روینا عن سفیان بن عیینة ما وصف الله به نفسه فتفسیره قرائته لیس
لاحد ان یفسره الا الله تبارک وتعالی او رسله صلوات الله علیهم انتهی قال
المفتی العلامه بعد نقله فی التنبیه قلت فی قول البیهقی وتبع مطلق السمع
اشارة الی ان الامام تبع بما ورد فی الخبر من الصفة غیر متجاوز عنه بان
یثبت لله جهة ویحده علی السماء فی قوله ما ذکرنا فی معنی قوله اء منتم
اشارة الی ما نقل عنه فی معناه علی معنی نفی الحد عنه وانه لیس ما یحویه
طبق او یحیط به قط ثم بروایة ابی عصمة عنه فی ذکر مذهب
اهل السنة وتنظیر روایة سفیان ایضاح فی انه لایجوز تفسیره وتاویله ای
بالقطع) وقوله ان صحت الحکایة عنه اشارة الی عدم صحة هذه الحکایة
عن الامام فان فیها ابا عصمة وقد صرح اهل الحدیث بکذبه ووضعه
وحینئذ فاستدلال المخالف بهذه الروایة باطل بوجهین الاول انه لا تصح
هذه الحکایة عن الامام والثانی علی تقدیر التسلیم فهو من الصفات توقف السلف فی
معناه وفوض الی الله ورسوله فلا یجوز تفسیره والله اعلم انتهی کلام المفتی العلامه فعلم
من هذا ان قول المصنف المعنی بالسماء فی حدیث الجاریة السوداء وقول ابی حنیفة الجهة
العالیة السامیة الخ مخالف لمذهب اهل الحق ومذهب امام الاعظم وتوجیه
للحدیث وقول الامام بما لا یرضی به المحققون وموافق للحشویة الذین
هم الضالون المضلون والله تعالی یحق الحق ویهدی السبیل الی الصدق (قال)

کہ حق تعالیٰ آسمان میں ہے اور مراد امام کی اس قول سے واللہ اعلم اگر یہ قصہ اون کی طرف سے صحیح ہے وہ ہے کہ
جس کو ہم نے ذکر کیا ہے تفسیر میں حق تعالیٰ کے قول (ءامنتم من فی السماء) کی اور تحقیق روایت کی امام سے ابو عصمہ
نے یہہ کہ ذکر کیا اونہون نے مذہب اہل سنت کا اور منجملہ اوس کے یہہ ذکر کیا کہ خدا کے باب مین کچھ کلام نہ کیا جاے
اور یہ قول نظیر ہے اوس کی کہ جو ہم کو سفیان بن عیینہ سے روایت پہونچی ہے کہ جن الفاظ سے حق تعالیٰ نے اپنے کو موصوف
کیا ہے اون کی تفسیر یہی ہے کہ وہ پڑھے جاویں کسی کو حق نہین ہے کہ اون کی تفسیر بیان کرے سوا
خدا تعالیٰ اور اوس کے رسول کے کہ جن پر نازل ہوئی ہون خدا کی اون پر سلام ہو اونہی پر انتہی ملا علی قاری نے اس کو تنبیہ میں
نقل کرنے کے بعد کہا ہے (مین کہتا ہون کہ بیہقی کے اس قول مین کہ مطلق نقل کی پیروی کی ہے اشارہ اس طرف
کہ امام نے پیروی کی اوس صفت کی جو خبر مین وارد ہوئی ہے اور نہین تجاوز کیا اوس سے با این طور کہ ثابت کرے
اوس کے لئے جہت کو اور اوس کو محدود کر دیتے آسمان پر اور اوس کے اس قول مین کہ جس کو ہم نے ءامنتم من فی السماء
کے معنے مین بیان کیا ہے اشارہ ہے اوس امر کی طرف کہ جو بیہقی سے منقول ہے اس کے معنے مین حق تعالیٰ
سے حد کی نفی اور یہہ کہ اوس کو نہ کوئی طبق حاوی ہے اور نہ کوئی قطر اوس کو گھیرے ہوئے ہے پھر ابو عصمہ کی روایت
مین امام سے مذہب اہل سنت کے ذکر کرنے مین اور سفیان کی روایت سے نظیر بیان کرنے مین اعلان اس
امر کا کہ اوس کی تفسیر و تاویل یعنے قطعی طور پر جائز نہین ہے اور اوس کا یہہ قول کہ اگر یہہ قصہ صحیح ہو
امام سے اشارہ ہے امام سے اس قصہ کے صحیح نہ ہونے کی طرف اس لئے کہ اس قصہ کی سند مین
ابو عصمہ ہے اور محدثین نے اوس کے وضع حدیث اور جھوٹا ہونیکی تصریح کی ہے اور اوس وقت مخالف کا دلیل لانا اس روایت
باطل ہے دو وجہ سے اول یہہ کہ یہہ قصہ امام کی طرف سے صحیح نہین ہے اور دوم بر تقدیر تسلیم پس یہہ صفات متشابہات
مین سے ہی کہ جن کے معنی مین سلف نے توقف کیا ہے اور خدا و رسول کی طرف اوس کو سونپ دیا ہے پس اوسکی
تفسیر ناجائز ہے واللہ اعلم انتہی ۔ پس اس سے معلوم ہو گیا کہ مصنف کا یہ قول کہ معنی سماء کے جاریہ سودا کی حدیث اور قول ابو حنیفہ
مین جہت عالیہ سامیہ ہے تا آخر مخالف ہی مذہب اہل حق و مذہب امام اعظم سے اور حدیث جاریہ و قول امام اعظم کی ایسی وجہ بیان کرتا ہے
کہ جس سے محققین راضی نہین ہین اور موافق ہی حشویہ کے جو کہ خود گمراہ ہین اور دوسرونکو گمراہ کرنیوالے ہین اور حق تعالیٰ ہی امر حق کو ثابت کرتا ہے اور سچائی کی طرف رہنمائی

وقال اسحق بن ابراهيم قال ابو حنيفة اتانا من المشرق رأيان خبيثان جهم معطل ومقاتل
مشبه وقال محمد بن سماعة عن ابي يوسف عن ابي حنيفة افرط جهم في النفي حتى قال انه
ليس بشيء وافرط مقاتل في اثبات حتى جعل الله تعالى مثل خلقه وقال الحسين بن
اشكاب عن ابي يوسف بخراسان صنفان ما على الارض ابغض الي منهم المقاتلية والجهمية
اثبتها الحفاظ المزي والذهبي والعسقلاني في التهذيب والتذهيب والتهذيب
التهذيب وقال الذهبي وغيره قصة ابي يوسف صاحب ابي حنيفة مشهورة في
استتابة بشر المريسي لما انكر ان يكون الله تعالى فوق العرش وانكر الصفات واظهر
قول جهم رواها ابن حاتم وغيره واسند اللالكائي في كتاب السنة وغيره عن محمد بن
الحسن قال اتفق الفقهاء كلهم من المشرق الى المغرب على الايمان بالقرآن والاحاديث
التي جاء بها الثقات عن رسول الله صلى الله عليه وسلم في صفة الرب عز وجل من
غير تشبيه ولا وصف ولا تفسير فمن فسر اليوم شيئا منها وقال بقول جهم فقد خرج عما كان
عليه النبي صلى الله عليه وآله وسلم واصحابه وفارق الجماعة لانه وصف الرب
بصفة لا شيء اقول وبالله الثقة ان هذه النقول كالنصوص على خواتم العقول في
ان جهما افرط في النفي حيث انكر الظاهر والباطن كليهما ومقاتلا افرط في الاثبات حيث
سلم الظاهر والباطن كليهما وهما باطلان مخالفان للتنزيل والاحاديث واجماع الامة
فان الاول يفضي الى التعطيل والثاني يفضي الى التشبيه وكلاهما من الاباطيل وما
عليه اجماع اهل الحق من الصحابة والتابعين والائمة والمجتهدين والفقهاء والمحدثين
والصوفية والمتكلمين هو التاويل عن الظاهر لئلا يلزم التشبيه لان الله تعالى ليس
كمثله شيء والتسليم للباطن لئلا يلزم التعطيل مع ترك التفسير على القطع و
الترجمة بلغة آخر لئلا يوهم ارادة الظاهر مع احتمال الوقوع في الزيغ فما زعمه المصنف

(کہا مصنف نے) اور کہا اسحٰق ابن ابراہیم نے کہ کہا ابو حنیفہ نے کہ ہمارے پاس مشرق سے دو خبیث رائے آئے ہین
ایک جہم معطل دوسرا مقاتل مشبہ اور کہا محمد بن سماعہ نے ابو یوسف کی روایت سے اونہون نے روایت کی ابو حنیفہ سے
کہ زیادتی کی جہم نے نفی صفات مین یہانتک کہ اوسکا قول ہے کہ خدا شئے نہین ہے اور زیادتی کی مقاتل نے صفات کے
ثابت کرنیمین یہانتک کہ بنا دیا حقتعالی کو مثل اوسکی مخلوق کے اور روایت کی حسین بن اشکاب نے ابو یوسف سے کہ خراسان مین
دو قسمین ہین کہ روئے زمین مین سبسے بدتر نزدیک میرے ہین ایک مقاتل کی جماعت اور دوسری جہم کی جماعت ثابت کیا اس روایت کو
حفاظ مزی و ذہبی و عسقلانی نے تہذیب و تذہیب و تہذیب التہذیب مین اور کہا ذہبی وغیرہ نے کہ قصہ ابو یوسف ابو حنیفہ کا مشہور ہے
اونکے توبہ طلب کرنیکے باب مین بشر مریسی سے جبکہ اوس نے انکار کیا خدا کے عرش پر ہونے سے اور انکار کیا صفات الٰہی سے
اور ظاہر کیا قول جہم کا روایت کیا اس قصہ کو ابن ابی حاتم وغیرہ اور بسند روایت بیان کی لالکائی نے کتاب السنہ وغیرہ
محمد بن حسن سے کہ کہا اونہون نے کہ تمام فقہا مشرق سے لیکر مغرب تک متفق ہین قرآن اور اون حدیثون پر ایمان
لانے مین کہ جنکو ثقہ لوگون نے رسول خدا صلعم سے نقل کیا ہے حقتعالی کی صفت مین بدون تشبیہ کے اور بدون
بیان کرنیکے اور بغیر تفسیر کے پس جس نے بیان کیا آجکے دن کسی صفت کو اونمین سے اور جہم کے قول کا قائل ہوا
پس بیشک وہ خارج ہو گیا اوس عقیدہ سے کہ جس پر تھے نبی صلعم اور اون کے اصحاب اور جدا ہو گیا جماعت اہلسنت سے
ذلك ومن اخذ تم هذا المذهب عنه فان قلتم كفرناهم لانهم مشركون
بالله لانه سبحانه قال ان الله لا يغفر ان يشرك به الآية وما في معناها
من الآيات وان اهل العلم قد عدوا في المكفرات من اشرك بالله
قلنا الآيات حق وكلام اهل العلم حق ولكن اهل العلم قالوا في تفسير اشرك
بالله اي ادعى ان لله شريكا كقول المشركين هؤلاء شركاؤنا وقوله
تعالى وما نرى معكم شفعاءكم الذين زعمتم انهم فيكم شركاء واذا قيل لهم
لا اله الا الله يستكبرون اجعل الآلهة الها واحدا الى غير ذلك مما ذكره الله في
كتابه ورسوله واهل العلم ولكن هذه التفاصيل التي تفصلون من عندكم
ان من فعل كذا فهو مشرك وتخرجونه من الاسلام من اين لكم هذا التفصيل
استنبطتم ذلك بمفاهيمكم فقد تقدم لكم من اجماع الامة انه لا يجوز
لمثلكم الاستنباط الكم في ذلك قدوة من اجماع او تقليد من يجوز تقليده
مع انه لا يجوز للمقلد ان يكفر ان لم يجمع الامة على قول متبوعه فبينوا
لنا من اين اخذتم مذهبكم هذا ولكم علينا عهد الله وميثاقه ان بينتم
لنا مقتضيا المصير اليه لنتبع الحق انشاء الله تعالى انتهى وقال فيه
في صفحة ٣٨ فصل قال ابن القيم في شرح المنازل اهل السنة متفقون على
ان الشخص الواحد يكون فيه ولاية لله وعداوة له من وجهين
مختلفين ويكون محبوبا لله ومبغوضا من وجهين بل يكون فيه ايمان
ونفاق وايمان وكفر ويكون الى احدهما اقرب من الآخر فيكون الى
اهله كما قال تعالى هم للكفر يومئذ اقرب منهم للايمان وقال وما يؤمن
اكثرهم بالله الا وهم مشركون فاثبت لهم تبارك وتعالى الايمان مع

اور کس سے تمنے اس مذہب کو لیا ہے پس اگر تم کہو کہ ہم نے اس لئے اون کی تکفیر کی ہے کہ یہہ لوگ مشرک ہین اور
حق سبحانہ کا قول ہے کہ حقتعالی شرک کو نہ بخشیگا آخر آیت تک اور اس کے ہم معنی اور بہی آیتین ہین اور علما نے
مشرک کو کفار مین شمار کیا ہے ہم کہینگے کہ آیتین حق ہے اور علمار کا کلام حق ہے اور لیکن علمار نے مشرک کی
تفسیر مین کہا ہے کہ خدا کے لئے دوسرے شریک کا دعوی کرے جیسا کہ مشرکون نے بتون کو کہا تہا کہ یہہ لوگ
ہمارے شریک ہین اور مثل قول حق تعالی کے اور ہم نہین دیکہتے تمہارے ساتہہ تمہارے شرکار کو کہ جنکو تمنے
اعتقاد کیا تہا کہ وے تمہارے باب مین شریک ہین اور جبکہ اون سے کہا جاتا کہ کوئی معبود نہین ہے بجز خدا کے
تو تکبر کرتے ہین کیا بنا دیا چند معبودون کو ایک معبود اس کے غیر اور اقوال ہین کہ خدا نے اپنی کتاب مین اور اوسکے
رسول اور علما نے اونکو بیان کیا ہے اور لیکن یہہ تفصیل مسئلے کہ جنکو تمنے اپنے ذہن مین ثابت کیا ہے کہ جو
ایسا کرے مشرک ہے اور اوسکو تم اسلام سے خارج کر دیتے ہو یہہ مسئلے تمہارے تراشیدہ ہین کہ انکو کہان سے لئے
ہین اسلئے کہ تمہارے لئے اجماع امت منقول ہو چکا ہے اس پر کہ تمہارے ایسے لوگون کو اجتہاد کرنا درست
نہین ہے کیا تمہارے لئے اس باب مین کوئی اجماع یا تقلید اوس کی کہ جسکی تقلید درست ہیشوا ہے یا آپکے مقلد کو
جائز نہین ہے کہ اپنے پیشوا کے قول پر چلے اگر امت کا اوس قول کے خلاف پر اجماع ہو پس ہمکو بتا دو کہ تم نے
اپنا یہہ مذہب کہان سے اخذ کیا ہے اور تمہارے لئے ہم اپنے اوپر خدا سے عہد و پیمان کرتے ہین کہ اگر ہمکو امر حق کہ
جسکی اتباع واجب ہو جاتی ہے بتا دوگے تو انشاء اللہ تعالی ہم اوس امر حق کی اتباع کرینگے انتہی اور نیز اوسی
کتاب کے صفحہ ۳۵ مین کہا ہے (فصل) ابن قیم نے شرح منازل مین کہا ہے کہ اہل سنت متفق ہین اسپر کہ
ایک ہی شخص مین خدا کی محبت و عداوت دو جہت مختلف سے ہو سکتی ہے اور وہ خدا کا محبوب اور مبغوض
دو وجہہ سے ہو جاتا ہے بلکہ اسمین ایمان و نفاق اور ایمان و کفر جمع ہو سکتا ہے اور وہ ایک کے دوسرے سے
زیادہ قریب ہوتا ہے پس اوس کے اہل سے قریب تر ہوتا ہے جیسا کہ حق تعالی نے فرمایا ہے کہ
وے آجکے دن کفر کے زیادہ قریب ہین ایمان سے اور فرمایا (اور نہین ایمان لاتے اکثر
اونکے خدا پر مگر اس حال مین کہ وہ مشرک ہین پس حق تبارک و تعالی نے اونکے ثابت کیا ہے

مقارنة الشرك فان كان مع هذا الشرك تكذيب لرسله لم ينفعهم ما معهم
من الايمان وان كان تصديق برسله وهم يرتكبون الانواع من الشرك
لا يخرجهم عن الايمان بالرسل واليوم الاخر فهم مستحقون للوعيد
اعظم من استحقاق اهل الكبائر وبهذا الاصل اثبت اهل السنة
دخول اهل الكبائر النار ثم خروجهم منها ودخولهم الجنة لما قام
بهم من السببين قال وقال ابن عباس في قوله تعالى ومن لم يحكم بما انزل الله
فاولئك هم الكافرون ليس بكفر ينقل عن الملة اذا فعله فهو به كفر
وليس كمن كفر بالله واليوم الاخر وكذلك قال طاؤس وعطاء
انتهى كلامه وقال الشيخ تقي الدين كان الصحابة والسلف يقولون انه
يكون في العبد ايمان ونفاق وهذا يدل عليه قوله عز وجل هم للكفر يومئذ
اقرب منهم للايمان وهذا كثير في كلام السلف يبينون ان القلب يكون
فيه ايمان ونفاق والكتاب والسنة يدل على ذلك ولهذا قال النبي
صلى الله عليه وسلم يخرج من النار من كان في قلبه مثقال ذرة
من ايمان فعلم انه من كان معه من الايمان اقل قليل لم يخلد في النار
وان كان معه كثير من النفاق فهذا يعذب في النار على قدر ما
معه ثم يخرج انتهى الى ان قال فتامل هذا الفصل وانظر حكايتهم
الاجماع من السلف ولا تظن ان هذا في المخطي فان ذلك مرفوع عنه
خطائه كما تقدم مرارا عديدة فانتم الان تكفرون باقل القليل من الكفر
بل تكفرون بما تظنون انتم انا كفر بل تكفرون بصريح الاسلام فان
عندكم ان من توقف عن تكفير من كفرتموه خائفا من الله تعالى

ایمان کفر کے ساتھہ پس اگر اس شرک کی ساتھہ رسولونکی تکذیب بہی اون مین ہے تو یہ ایمان اونکو نفع نہ دیگا اور اگر رسولون کی تصدیق اونکو ہے اور وے انواع شرک کے مرتکب ہین تو وہ شرک اون کو ایمان رسل ولیوم جزا سے خارج نہ کریگا پس وے مستحق ہین زیادہ وعید کے اہل کبائر سے اور اسی دلیل سے اہل سنت نے ثابت کیا ہے اہل کبائر کا داخل ہونا آگ مین پہر اون کا آگ سے نکلکر جنت مین جانا بسبب قائم ہونے دونون سببکے اون مین کہا ابن قیم نے اور کہا ابن عباس نے حق تعالی کے قول (اور جو کہ نہ حکم کرے مطابق خدا کے بہیجے ہوئے کے پس وہ لوگ کفار ہین) کی تفسیر مین کہ اس سے مراد وہ کفر نہین ہے کہ جس کے کرنے سے ملت اسلام سے نکلجائے پس اسکی وجہ سے وہ کافر تو ہوگیا پر ایسا کافر نہین ہوا کہ جو خدا اور روز جزا کے انکار سے کافر ہوتا ہے اور ایسا ہی کہا ہے طاوس و عطا نے انتہی۔ اور کہا شیخ تقی الدین نے کہ صحابہ و سلف کا قول ہے کہ بندہ مین ایمان اور نفاق جمع ہوجاتے ہین اور اسپر دلیل ہے یہ قول حق تعالی کا وے آجکے دن کفر کے زیادہ قریب ہین ایمان سے اور یہ امر کلام سلف مین بکثرت منقول ہے اون کا بیان ہے کہ قلب مین ایمان و نفاق جمع ہوتے ہین اور کتاب و سنت اس پر دلالت کرتی ہے اور اسی وجہ سے نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ آگ سے نکلیگا جسکے دل مین ذرہ برابر ایمان ہوگا پس معلوم ہوگیا کہ جو شخص اقل قلیل ایمان رکہتا ہے ہمیشہ آگ مین نہ رہیگا اگرچہ بہت سا نفاق رکہتا ہو پس اوس کو آگ کا عذاب ہوگا بقدر اوس کے نفاق کے پہر آگ سے نکالا جائیگا انتہی یہانتک کہ کہا پس تامل کر تو اس فصل کو اور نظر کر اون کے اجماع سلف کی حکایت کو اور یہہ گمان مت کر کہ یہہ حکم خطا کرنے والے مین ہے اس لئے کہ خطا کا گناہ تو پہلے سے معاف ہے جیسا کہ چند بار پیشتر گذر چکا ہے پس اب تم کافر کہدیتے ہو خدا سے کفر کے وجہ سے بلکہ کافر بنا دیتے ہو اپنے خیالی کفر کے وجہ سے بلکہ کافر کہدیتے ہو صریح اسلام پر بہی اس لئے کہ تمہارے نزدیک جو شخص توقف کرے کافر کہنے سے اوس کو کہ جس کو تم کافر جانتے ہو خدا سے ڈرکر

فی تکفیر من رائی علیہ علامات الاسلام فهو عند کم کافر نسئل الله العظیم ان یخرجکم من الظلمات الی النور وان یهدینا وایاکم الصراط المستقیم صراط الذین انعم علیهم من النبیین والصدیقین والشهداء والصالحین انتهی وقال فیه فی صفحہ ۱۲ فان قلت علی نفسہ قتل الغالیۃ بل حرقهم بالنار وهم مجتهدون والصحابۃ قاتلوا اهل الردۃ قلت هذا الحق فاما الغالیۃ فهم مشرکون زنادقۃ اظهروا الاسلام تلبیسا حتی اظهروا الکفر ظهورا جلیا لا لبس فیه علی احد وذلک ان علیا رضی الله عنه لما خرج علیهم من باب کندۃ سجدوا له فقال لهم ما هذا قالوا انت الله فقال لهم انا عبد من عباد الله قالوا بل انت هو الله فاستتابهم وعرضهم علی السیف وابوان یتوبوا فامر بخد الاخادید فی الارض واضرم فیها النار وعرضهم علیها وقال لهم ان لم تتوبوا قذفتکم فیها قالوا الآن تحققنا انک انت الله لان ما یعذب بالنار الا الله فهذه قصۃ الزنادقۃ الذین حرقهم علی رضی الله عنه ذکرها العلماء فی کتبهم فان رأیتم من یقول لمخلوق هذا هو الله فحرقوه والا فاتقوا الله ولا تلبسوا الحق بالباطل ولا تقیسوا المسلمین علی الکافرین بارائکم الفاسدۃ ومفاهیمکم الواهیۃ انتهی (قلت) قوله رحمه الله فحرقوه علی سبیل التنزل والا فقد حققنا فی مقدمتنا ان الاحراق بالنار لا یجوز لاحد سوی الله تعالی ولهذا رجع عنه علی رضی الله تعالی عنه لما بلغه قول عبد الله بن عباس رضی الله عنهما فی هذا الباب فالاستدلال بهذه القصۃ بعد ما ثبت الرجوع عنها لیس من دأب العلماء وقد علم مما نقلناه فی رد قوله هذا انه لیس من اهل الاجتهاد ولا یصلح لتجدید دین الله بای العباد

اوس شخص کی تکفیر ہین کہ جس مین علامتین اسلام کی دیکہی جاتی ہین پس وہ بہی تمہارے نزدیک کافر ہے
ہم خدائے بزرگ سے دعا کرتے ہین کہ تم کو اندہیرون سے اوجالے کے طرف نکال دے اور
ہمکو اور تم کو راہ راست کی ہدایت فرمائے راہ اون لوگون کا کہ جن پر اوس نے انعام فرمایا
ہے یعنے انبیا و صدیقین و شہدا و صالحین انتہی۔ اور کہا اوس نے صفحہ (۱۲) مین پس اگر کہے تو
کہ خود علیؓ نے فرقۂ غالیہ کو قتل کیا بلکہ اون کو آگ مین جلادیا اور وہ مجتہد تہے اور صحابہ
نے مرتدون سے جہاد کیا مین کہونگا یہہ سب حق ہے لیکن غالیہ پس وہ تو مشرک زندیق تہے
انہون نے کفر سے اسلام کو ظاہر کیا تہا یہانتک کہ آخر کار کفر کو بالکل ظاہر کردیا کہ جس مین کسیکو
شبہ نہین رہا اور اس کا بیان یہ ہے کہ علیؓ نے جبکہ کندہ کے دروازے سے اونپر گذرے
تو اون لوگون نے اونکو سجدہ کیا پس حضرت امیر نے اون سے کہا کہ یہہ کیا حرکت ہے اونہون
نے کہا کہ تو خدا ہے پس آپ نے فرمایا کہ مین تو خدا کے بندون مین سے ایک بندہ ہون اونہون
نے کہا بلکہ توہی خدا ہے پس آپ نے اون سے توبہ طلب کی اور تلوار اون کو دکہائی اونہون نے
توبہ سے انکار کیا پس آپ نے خندقین کہودنے کا حکم دیا اور اون مین آگ گرم کرائی اور اونکو اوسپر
لاکر کہا کہ تم اگر توبہ نکروگے تو مین تمکو ان خندقون مین ڈالدونگا اونہون نے کہا کہ ابتو ہمکو ثابت ہوگیا کہ توہی
خدا ہے اسلئے کہ آگ سے خدا ہی عذاب دیتا ہے پس یہ قصہ ہے اون بدینون کا کہ جنکو حضرت علیؓ نے جلایا تہا
اسکو ذکر کیا ہے علما نے اپنی کتابون مین پس اگر تم دیکہو کسیکو کہ مخلوق کے حق مین ایسا کہتا ہے تو اوسکو جلادو ورنہ
ڈرو خدا سے اور حق کو باطل سے نہ ملاؤ اور مسلمانون کو کافرون پر قیاس مت کرو اپنے فاسد آرا سے اور واہی
خیالات سے انتہی مین کہتا ہون کہ قول اوس کا پس تم اوس کو جلادو بطور تنزل کے ہے ورنہ ہمنے مقدمہ مین
ثابت کردیا ہے کہ آگ جلانا بجز خدا کے کسیکو جائز نہین ہے اور اسیوجہ سے علیؓ نے اس سے رجوع کیا ہی جبکہ اونکو
عبداللہ بن عباسؓ کا قول معلوم ہوا اس باب مین پس اس قصے سے دلیل لانا رجوع ثابت ہونیکے بعد علما کی عادت سے
خارج ہے اور ہمارے اس بیان سے معلوم ہوگیا کہ مصنف اہل اجتہاد سے نہین ہے اور نہ دین کی تجدید کی صلاحیت رکہتا

بل لا يخلو رايه عن الفساد بل يفضى فى مواضع الى الزندقة والالحاد والله
الهادى الى سبيل الرشاد (قال لا يستطيع احد من الانام ان يرى الله تعالى
فى دار الدنيا الا فى المنام او فى القلب بحقيقة الايمان بالرب قال ذو الجلال المتعال
ولما جاء موسى لميقاتنا وكلمه ربه قال رب ارنى انظر اليك قال لن ترانى الاية) اقول
ومن الله التوفيق قد تمسك فى هذا الباب بالاية وبقول الحسين بن على رضى الله تعالى
عنهما فى قنوت الوتر اللهم انك ترى ولا ترى وانت بالمنظر الاعلى الحديث وبقول الحسن
بن على رضى الله تعالى عنهما رايت البارحة فى منامى عجبا رايت الرب تعالى فوق عرشه
الحديث موميا بنحو هذين الاثرين الى كونه تعالى فى الجهة الفائقة وهذا ايضا
باطل مخالف لما عليه المحققون كما قال الامام النووى رح فى شرح مسلم اعلم ان مذهب اهل
السنة باجماعهم ان روية الله تعالى ممكنة غير مستحيلة عقلا فبطل قوله (لا يستطيع
احد من الانام ان يرى الله تعالى فى دار الدنيا) لان سلب الاستطاعة
يتبادر منه سلب الامكان وهو مخالف للاجماع والاية التى تمسك بها ايضا
يرشد الى الامكان لان موسى عليه السلام طلب الروية منه تعالى فلو كانت
مستحيلة لما طلب لان طلب المحال سفاهة واجاب تعالى عن سواله عليه السلام
بانك لن ترانى ولو كانت مستحيلة لاجاب بانك لن تستطيع ان ترانى) ثم
قال الامام النووى رح بعد ذلك القول (واجمعوا ايضا على وقوعها فى الاخرة
وان المومنين يرون الله تعالى دون الكافرين ثم مذهب اهل الحق ان
الروية قوة يجعلها الله تعالى فى خلقه ولا يشترط فيها اتصال الاشعة
ولا مقابلة المرئى ولا غير ذلك لكن جرت العادة فى رويته بعضنا بعضا
بوجود ذلك على جهة الاتفاق لا على سبيل الاشتراط وقد قرر ائمتنا المتكلمون

اس لئے کہ مصنف کی رائے فساد سے خالی نہین ہے بلکہ بہت سے مقامات مین زندقہ والحاد کے طرف
مفضی ہے اور خدا ہی رہنما ہے راہ حق کا (کہا مصنف نے) نہین طاقت رکہتا ہے کوئی شخص مخلوق مین سے
کہ دیکہے حقتعالی کو دنیا مین بجز خواب کے یا دل مین ایمان پروردگار کی حقیقت سے فرمایا حقتعالی نے اور جبکہ آیا موسیٰ ہمارا
وقت معینہ پر اور کلام کیا اوس سے اوسکے رب نے کہا اے پروردگار مجہکو نظر آ کہ مین دیکہون تجہکو فرمایا کہ تو مجہکو ہرگز نہ دیکہیگا
آخر آیت تک انتہی مین کہتا ہون اور توفیق خدا ہی کے طرف سے ہے کہ مصنف نے دستاویز بنایا ہے اس باب مین آیت
مذکورہ کو اور قول حسین بن علی رضی اللہ عنہ کو کہ تحقیق وارد ہے (انہ) ابیشک وہ دیکہتا ہے اور نہین دیکہا جاتا ہے اور وہ نظر گاہ
بلند مین ہے آخر حدیث تک اور قول حسن بن علی رضی اللہ عنہ کو کہ دیکہا مینے کل کی رات اپنے خواب مین امر عجیب کو دیکہا مینے حقتعالی کو
اوسکے عرش پر آخر حدیث تک ان دونون اثر کے مضمون سے مصنف نے اشارہ کیا ہے حقتعالی کے جہت فوق مین
ہونے کے طرف اور یہہ بہی باطل ہے مخالف ہے مذہب محققین کے چنانچہ امام نووی نے مسلم کی شرح مین فرمایا ہے۔
(جاننا چاہیئے کہ تمام اہلسنت کا مذہب بالاجماع یہ ہے کہ عقلاً حقتعالی کو دیکہنا ممکن ہے کچہہ اسمین استحالہ نہین ہے پس اس سے
باطل ہوگیا مصنف کا یہہ کہنا کہ نہین دیکہہ سکتا ہے کوئی شخص مخلوق سے حقتعالی کو دنیا مین)
اس لئے کہ سلب استطاعت سے متبادر سلب امکان ہے اور وہ مخالف اجماع امت ہے اور جس
آیت کو مصنف نے دستاویز بنایا ہے وہ بہی امکان رویت کے طرف رہنمائی کرتی ہے اس لئے
کہ موسیٰ نے حقتعالی سے دیکہنے کو طلب کیا پس اگر رویت الہی محال ہوتی تو موسیٰ طلب نہ کرتے
اس لئے کہ محال کو طلب کرنا بے عقلی ہے اور اونکے سوال کا جواب حق تعالے نے فرمایا کہ تم ہرگز نہ
دیکہو گے اور اگر محال ہوتی تو یون جواب دیتا کہ تم ہرگز نہ دیکہہ سکوگے پہر امام نووی نے قول مذکور کے بعد
فرمایا اور نیز اہلسنت نے اجماع کیا ہے رویت الہی کے واقع ہونے پر اور اسپر کہ مومن خدا کو دیکہینگے کافر نہ دیکہینگے
پہر اہل حق کا مذہب یہ ہے کہ دیکہنا ایک قوت ہے کہ جسکو حقتعالے اپنی مخلوق مین پیدا کرتا ہے اور اوسمین شعاعون کا
ملنا اور شئے مرئی کا مقابلہ وغیرہ شرط نہین ہے لیکن ہمارے آپسمین دیکہنے کے واسطے عادت جاری ہوگئی
ہے ان امور کے ہونے پر اتفاقی طور سے نہ کہ شرط ہونے کے طریق سے اور اوسکو ہمارے ائمہ متکلمین نے

ذلك بدلالة الجليه ولا يلزم من رويته الله تعالى اثبات جهة تعالى عن ذلك
بل يراه المومنون لا فى جهة كما يعلمونه لا فى جهة انتهى ملخصا وكما قال
الامام الحافظ ابو زرعة العراقى فى الغيث الهامع شرح جمع الجوامع رويته
المومنين لربهم فى الدنيا والآخرة متفق عليها بين اهل السنة وقد تواترت
به الاحاديث عن النبى صلى الله عليه وسلم ودل عليها قوله تعالى وجوه
يومئذ ناضرة الى ربها ناظرة وقوله تعالى كلا انهم عن ربهم يومئذ لمحجوبون
فانه لما حجبهم فى الغضب دل على انهم يرونه فى الرضى وقوله تعالى للذين
احسنوا الحسنى وزيادة هى النظر الى وجه الله الكريم كما بين
فى الصحيح وحديث صهيب رضى الله تعالى عنه والمخالف فى ذلك المعتزلة
فانكروا الروية لاعتقادهم ان شرط المرئى ان يكون فى جهة واتصال
الشعاع بالمرئى فالرب تعالى منزه عن الجهات ومذهب المتكلمين من اهل السنة
انه علم يخلقه الله تعالى فى نفس الرائى مقارنا للروية ولا يشترط فى ذلك
اتصال الاشعة بينهما وقد ثبت له رويته من غير شعاع فى قوله عليه الصلوة والسلام
انى اراكم من وراء ظهرى كما اراكم من امامى وقد وافق المعتزلة على انه تعالى
يرى عباده فهذا راء ليس فى جهته ووافق الجمهور على ان الرب تعالى
يرى نفسه فهذا مرئى ليس فى جهته وقال الشيخ عز الدين بن عبد السلام
فى بعض فتاويه اما روية الرب فى الآخرة فانه يرى بالنور الذى يخلقه الله تعالى
فى الاعين زائدا على نور الاعين فان الروية تكشف ما لا تكشف به العلم
ولو اراد الرب تعالى ان يخلق فى القلب نورا مثل نور الاعين لما اعجزه ذلك
بل لو اراد ان يخلق نور الاعين فى الايدى والارجل لامكن ذلك انتهى

روشن دلیلون سے قریب الفہم کر دیا ہے اور حقتعالی کو دیکھنے سے حق تعالی کے لئے جہت کا اثبات لازم نہین آتا ہے بلکہ مومن اوسکو بلا جہت کے دیکھینگے جیسا کہ بلا جہت اوسکو جانتے ہین انتہی۔ اور جیسا کہ امام حافظ ابو زرعہ عراقی نے جامع شرح جمع الجوامع مین کہا ہے کہ رویت پروردگار کی دنیا و آخرت مین اہل سنت کے مذہب مین متفق علیہ ہے اور احادیث نبویہ سے بتواتر ثابت ہے اور قول حق تعالے کا (بہت سے لوگ اوس دن اپنے رب کو دیکھینگے) اور قول حق تعالے کا (بیشک کفار اوس دن اپنے رب سے محجوب ہونگے) اس پر دلالت کرتا ہے اس لئے کہ جبکہ بندون کو حق تعالے نے غضب کے وجہ سے محجوب رکہا تو معلوم ہوگیا اون کو دیدار الٰہی خوشنودی حق کے وجہ سے حاصل ہوگا اور حق تعالے کے قول (واسطے اون لوگون کے کہ جنہون نے نیکی کی ہے اور زیادہ ہے) مین زیادہ سے مراد دیکہنا ہے خدائے تعالی کی وجہ کریم کو جیسا کہ بیان کیا گیا ہے صحیح حدیث مین اور حدیث صحیحہ مین اور اسباب مین المعتزلہ مخالف ہین پس اونہون نے رویت کا انکار کیا ہے اس لئے کہ اونکے اعتقاد مین شرط یہ ہے کہ مرئی جہت مین ہو اور شعاع مرئی سے جا ملے پس حقتعالی جہات سے منزہ ہے اور متکلمین اہل سنت کے نزدیک رویت ایک علم ہے کہ جسکو حقتعالی دیکھنے والے مین پیدا کرتا ہے دیکھنے کے متصل اور اوسمین شعاع کا ملنا شرط نہین ہے اور حضرت کے لئے بغیر شعاع کے دیکہنا ثابت ہے حضرت صلعم کے اس قول مین (مین تمکو دیکہتا ہون اپنی پشت کے طرف سے جیسا کہ تم کو دیکہتا ہون اپنے سامنے سے) اور معتزلہ نے اتفاق کیا ہے اسپر کہ حقتعالی اپنے بندونکو دیکہتا ہے پس وہ ایسا دیکھنے والا ہے کہ جہت مین نہین ہے اور جمہور موافق ہین اسپر کہ پروردگار اپنے نفس کو دیکہتا ہے پس وہ مرئی ہے غیر جہت مین اور کہا شیخ عزالدین بن عبد السلام نے اپنے فتاوی مین کہ دیکہنا پروردگار کو آخرت مین پس وہ دیکہا جائیگا ایسے نور سے کہ جسکو حقتعالی پیدا کریگا آنکہون مین علاوہ آنکہون کی روشنی کے اسلئے کہ رویت کہولدیتی ہے اوسکو کہ جو علم سے نہین کہلتا ہے اور اگر چاہے حقتعالی کہ پیدا کرے دل مین یا کف رجل یا آنکھونکے نور کے تو یہ اوسکی قدرت سے باہر نہین ہے بلکہ اگر چاہے کہ آنکہون کا نور ہاتہون یا پیرون مین پیدا کرے تو کر سکتا ہے انتہی

قال ابو القاسم القشيري في الرسالة بسنده عن سهل بن عبد الله التستري يقول
ينظر اليه المؤمنون بالابصار من غير احاطة ولا ادراك نهاية قال
الشيخ زكريا الانصاري رحمه الله في شرحه وعليه حمل قوله تعالى
لا تدركه الابصار اي ادراك احاطة ونهاية لان ذلك انما يكون في
محدود ومحصور وهذه صفة الاجسام وهو تعالى منزه عن ذلك انتهى
كذا في التنبيه وفي التحفة عقيده بست ودوم آنكه حق تعالى را توان ديد ومومنين
در آخرت بديدار او مشرف شوند وكافران ومنافقان ازين نعمت محروم مانند وهيئت مذهب
اهلسنت وجميع فرق شيعه غير ازمجسمه كه اجماع دارند برانكار رويت ويقولون لا يستطيع
الى اخره صفحه ٣٢٥ فعلم من هذه النقول من اكابر العلماء الفحول ان استدلال
المصنف بالاية والاثرين المذكورين على ابطال الروية صراحة وعلى اثبات الجهة
اشارة باطل غير قابل للاعتبار ولا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم ثم لما فرغ
من الايمان بالله تعالى واسمائه وصفاته شرع في بيان الايمان بملئكة الرحمن
واستدل عليه بعدة آيات واحاديث وآثار يطول الكلام فيها بما لا طائل تحته
ولهذا اصفحنا عن ذكرها بتفاصيلها وهذا الباب ايضا لا يخلو عن الافراط والتفريط
اما الافراط فلانه قد حكم في آخر الباب بتكفير من اول الملئكة بالقوى حيث
قال يتحتم على العلماء تكفيرهم وعلى الامراء تعذيرهم واستتابتهم فان تابوا والا
يجب على اولى الامر قتلهم آخر الامر والتوفيق من الله انتهى وقد حققنا
فيما مضى ان تكفير اهل القبلة ما داموا يشهدون بالتوحيد والرسالة وقاموا
باركان الاسلام الخمسة ليس من مذهب اهل السنة والجماعة وانما هو من خصائص
المبتدعة واهل الشناعة والا فالمصنف وشيوخه واتباعه الذين قالوا بالجهة لله تعالى

کہا ابو القاسم قشیری نے اپنے رسالہ قشیریہ مین اپنے سند سے سہل بن عبد اللہ تستری کہتے ہیں کہ
حقتعالی کو مومن دیکہین گے آنکہون سے بغیر احاطہ کے اور بدون پانے جہت کے کہا شیخ زکریا انصاری رح
نے اوسکی شرح مین اور اسپر محمول ہے اور حقتعالی کا یہہ قول نہین ادراک کرتی بینائیان یعنے ادراک
کرنا احاطہ و جہت کا اسلئے کہ یہہ ادراک شئے محدود و محصور مین ہوتا ہے اور یہہ اجسام کی صفت
ہے اور حقتعالی اس سے پاک ہے انتہی جیسا کہ تنبیہ مین مذکور ہے اور تحفہ کے صفحہ ۳۲۵ مین
مذکور ہے کہ (بائیسوان عقیدہ یہہ ہے کہ حقتعالی کو دیکہنا ممکن ہے اور مومن آخرت مین اوس کے
دیدار سے مشرف ہونگے اور کافر و منافق اسی نعمت سے محروم رہین گے اور یہی مذہب ہے اہلسنت کا
اور شیعون کے تمام فرقون کا بجز مجسمہ کے کہ رویت کے انکار پر اون کا اجماع ہے اور کہتے ہین کہ نہین
دیکھہ سکتا ہے آخر تک پس اکابر علماے محول کے ان نقول سے معلوم ہوگیا کہ مصنف کا دلیل لانا آیت اور
دونون اثر مذکور سے ابطال رویت پر بصراحت اور اثبات جہت پر باشارت باطل ہے کہ اعتبار کے
قابل نہین ہے اور نہین حول و قوۃ مگر خدا کے علی و عظیم کی توفیق سے پہر جبکہ فارغ ہوا مصنف باب
ایمان باللہ و اسما و صفات سے شروع کیا ایمان بالنبیین اور ملائکہ رحمان پر اور اوسپر دلیل لایا چند
آیات و احادیث و آثار سے کہ جنہین کلام کرنا طوالت بیفائدہ ہے اور اسیوجہ سے ہمنے اونکی تفصیلی فکر
سے درگذر کیا اور یہہ باب بہی افراط و تفریط سے خالی نہین ہے افراط اس وجہ سے کہ مصنف نے اس باب کے
آخر مین کفر کا فتوی دیا ہے اون لوگون پر کہ جو ملائکہ کو قوتون سے تاویل کرتے ہین جیسا کہ
کہا ہے مصنف نے (واجب ہے عالمون پر اون کو کافر کہنا اور حکام پر اون کو ڈرانا اور اونسے
توبہ کرانا پس توبہ کرین تو خیر ورنہ حکام پر آخر کار اون کا قتل کرنا واجب ہے اور توفیق
خدا کے طرف سے ہے اور ہمنے ثابت کر دیا ہے سابق مین کہ اہل قبلہ کو کافر کہنا جب تک کہ
وہ توحید و رسالت کے مقر ہین اور اسلام کے پانچون رکنون کو قایم رکہتے ہین اہل سنت کا مذہب
نہین ہے بلکہ وہ خاصہ ہے بدعتیون اور اہل شناعت کا ورنہ مصنف اور اوسکے شیوخ و شاگردان کہ جو اسکے قایل ہین

فحملوا المتشابهات على ظواهرها اولى بالتكفير والاستتابة ممن اولوا الملئكة على خلاف
مقتضى الايات والاحاديث لان تنزيه الله تعالى عما لا يليق به اولى وارفع من تنزيه
الملئكة عما لا يليق بها ونحن لا نكفر هؤلاء ولا هؤلاء بل نقول كلهم على الضلالة وعزل
عن الهدايت صانهم الله تعالى عن الضلال وشفاهم من الداء العضال واما التفريط فانه
ادخل قصة الزهرا وبين ذكر الملئكة وما درى ان هذه القصة تشين الملئكة وتقبح
امرهم وقد عدها المحققون من اباطيل الاسرائيليات وصرح المتقنون بانها من الموضوعات
ونحن ننقل عبارة المصنف التي فيها ذكر هذه القصة اولا ثم ناتي بما قال المحققون
فيها ثانيا والله الموفق والمعين واياه نعبد ونستعين قال المصنف في صفحة ١٨ وعن علي
في قوله تعالى وما انزل على الملكين ببابل هاروت وماروت قال هما ملكان من ملئكة
السماء اخرجه ابن ابي حاتم قال السيوطي في الاتقان وقد اوردت في قصتهما جزء
وعن عمير بن سعيد قال سمعت عليا يخبر القوم ان هذه الزهرة تسميها العرب الزهرة
وتسميها العجم اناهيذ وكان الملكان يحكمان بين الناس فاتتهما فارادها كل واحد منهما
عن غير علم صاحبه فقال احدهما لصاحبه يا اخي ان في نفسي بعض الامر اريد ان اذكره
لك قال اذكره يا اخي لعل الذي في نفسي مثل الذي في نفسك فاتفقا على امر في
ذلك فقالت لهما المرأة الا تخبراني بما تصعدان به الى السماء وبما تهبطان به الى
الارض فقال باسم الله الاعظم نهبط وبه نصعد فقالت ما انا بمواتيتكما الذي تريدان
حتى تعلمانيه فقال احدهما لصاحبه علمها اياه قال فكيف لنا بشدة عذاب الله
فقال الآخر انا نرجو سعة رحمة الله فعلمها اياه فتكلمت به فطارت الى السماء
ففزع ملك في السماء لصعودها فطأطأ راسه فلم يجلس بعد ومسخها الله فكانت
كوكبا اخرجه اسحق وعبد بن حميد وابن ابي الدنيا في العقوبات وابن جرير وابو الشيخ

اور متشابہات کو اونکی ظاہری معانی پر حمل کرتے ہین بکفیر اور توبہ کرانے کے زیادہ لایق ہین اون لوگون کی نسبت کہ جنہون نے
ملائکہ کی تاویل کی ہے برخلاف مقتضی آیات واحادیث کے اس لئے کہ حق تعالی کو پاک جاننا اون صفات سے جو اوسکے
لایق نہین ہین بہتر اور بڑھکر ہے فرشتون کو پاک جاننے سے اون صفات سے جو اونکے لایق نہین ہین اور ہم انکو کافر کہتے
تہے انکو ملحد ہم کہتے ہین کہ یہ لوگ بسبب کجی کے گمراہی پر ہین اور ہدایت سے علیحدہ ہین انکو خدا بچاوے گمراہی سے اور شفا بخشے علل امراض
عارضہ سے اور تفسیر یہ اسوجہ سے کہ مصنف نے زہرہ قصہ ملائکہ کے ذکر مین داخل کردیا اور یہ سمجہا کہ یہ قصہ ملائکہ پر عیب لگاتا ہے
اور اون کے امر کو ذلیل کرتا ہے اور محققین نے اس قصہ کو اسرائیلیات کی اباطیل سے شمار کیا ہے اور جانچنے والے علماء نے
اسکے موضوع ہونیکی تصریح کی ہے اور ہم پہلے مصنف کی عبارت کو جسمین اس قصہ کا ذکر ہے نقل کرتے ہین اوسکے بعد
اس قصہ کے متعلق محققین کے اقوال کو ذکر کرینگے اور خدا ہی ہمارا توفیق دینے والا اور مددگار ہے اور اوسی کی ہم عبادت کرتے
ہین اور اوسی سے مدد طلب کرتے ہین کہا مصنف نے صفحہ (١٠٥) مین (اور علی سے مروی ہے حق تعالی کے قول) اور جو کچھ اوتارا
گیا بابل مین ہاروت و ماروت دو فرشتون پر) کی تفسیر مین کہا اونہون نے کہ وہ دو فرشتے ہین آسمانکے فرشتون مین سے روایت کیا
اسکو ابن ابی حاتم نے کہا سیوطی نے اتقان مین کہ مین نے جدا بیان کیا ہے ان دونو کا قصہ ایک جزو مین اور مجملاً یہ ہے کہ مروی ہے
علی رضی سے کہ وہ ایک گروہ سے بیان کرتے تہے کہ یہ زہرہ کہ جسکو عرب زہرہ کہتے ہین اور عجم اناہید کہتے ہین دو فرشتون کے پاس آئی
کہ جو فیصلہ کیا کرتے تہے لوگون کے معاملات کا پس اون مین سے ہر ایک نے بلا علم اپنے صاحب کے اس سے ارادہ کیا اور ایک نے دوسرے سے
کہا کہ اے بہائی میرے جی مین ایک بات ہے مین تمسے اوسکو بیان کیا چاہتا ہون اوس نے کہا کہ اے بہائی بیان کر شاید میرے جی مین بہی
وہی بات ہے کہ جو تیرے جی مین ہے پس اس بات مین دونون متفق ہوگئے پس اس عورت نے اون دونو سے کہا کہ تم دونون کہانتک بتاؤگے
مجہکو جس چیز سے کہ تم آسمانکی طرف آمد و رفت رکہتے ہو اونہون نے کہا کہ خدا کے اسم اعظم سے ہم اوترتے اور چڑہتے ہین پس عورت نے
کہا کہ مین تمہاری مراد پوری نہ کرونگی یہانتک کہ تم مجہکو اسم اعظم سکہا دو پس ایک نے دوسرے سے کہا کہ تو اسکو اسم اعظم سکہا دے اوس نے
کہا کہ پہر خدا کے سخت عذاب سے ہمارا کیا حال ہوگا دوسرے نے کہا کہ ہم خدا کی وسعت رحمت سے امید مغفرت رکہتے ہین پہر اوس نے عورت کو اسم اعظم سکہا دیا پس وہ آسمان
مین اوس کی چڑہنے سے گہبرایا اور اپنا سر جہکا لیا پس ابہی تک وہ بیٹہا ہے کہ اوس عورت کو خدا نے ستارہ کی صورت مین
مسخ کر دیا روایت کیا اس کو اسحق و عبد بن حمید نے اور ابن ابی الدنیا نے عقوبات مین اور ابن جریر نے اور ابو الشیخ نے

فی العظمة والحاکم وصححه و لا سحق بن عمرو ویہ عن علی قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم لعن اللہ الزھرۃ فانہا ھی التی فتنت الملکین ھاروت و ماروت انتھی
ہذہ الاثار کلہا منقول من تفسیر در المنثور فی جلد الاول من صفحہ ۹۶ الی صفحہ ۹۷
اقول بتوفیق اللہ تعالی و عونہ قال المفسر الفاضل والمحقق الکامل ابو محمد
عبد الحق الدہلوی فی مقدمۃ تفسیرہ الحقانی فی صفحہ ۹۰ ما نصہ بالہندیۃ ہکذا
اب علم تفسیر دو جز سے مرکب ہوا ایک جز اصلی تو وہی تفسیر حقیقی دوسرا جز حل لغات
و بیان محاورات و دفع اشکالات وغیرہا علوم جز اول کو نقل کہتے ہین یہہ آثار
سلف و اقوال قدما کی طرف مستند ہے جس کی ساخین معرفت ناسخ و منسوخ
و اسباب نزول و مقاصد آیات و شرح مجمل قرانی ہے اس فن کے ائمہ طبری
اور واقدی اور ثعالبی وغیرہ مصنفین ہین ان ابن جریر ابو جعفر طبری نے
کہ جنکا انتقال سن سو دس ہجری مین ہوا ہے اپنی کتاب مین کہ جسکو تفسیر
ابن جریر کہتے ہین ان منقولات کو جمع کر دیا ہے اور اسی طرح حافظ ابو بکر
عبد اللہ ابن ابی شیبۃ وغیرہ محدثین نے اپنی کتابون مین ان کو جمع کیا مگر
رطب و یابس صحیح و غلط ان مین سب کچہہ ہے کیونکہ اکثر روایات ایسی ہین
اہل کتاب سے منقول ہین اسلئے کہ جو اہل کتاب اسلام مین داخل ہوا اور یہود تھے
وہ صحیح و غلط باتین کہ جو ان کی کتابون مین بھری پڑی تہین نقل کین
لوگون نے اون کو متبرک سمجھہ کر روایت کیا پہر کسی نے اونکو رواج دینے کیلئے
جناب نبی صلعم کے طرف اور کسی نے حضرت عبد اللہ بن عباس کیطرف اور کسی نے
کعب احبار اور وہب بن منبہ کیطرف منسوب کر دیا جلال الدین سیوطی کی
تفسیر در منثور بہی اسی قسم کی ہے اور اس وقت مخالفین یہود و نصاری وہنود

عظمت مین اور حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے اور اسحاق بن مردویہ کی روایت علی سے ہے کہ کہا
اونہون نے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے لعنت کرے خدا زہرہ پر اس لیے کہ یہی ہے کہ جسنے ہاروت
و ماروت دو فرشتون کو فتنہ مین ڈالا ہے انتہی۔ مین کہتا ہون حق تعالی کی توفیق و مدد سے کہ
مفسر فاضل محقق کامل الحاج محمد عبد الحق دہلوی نے مقدمہ تفسیر حقانی کے صفحہ ۱۳۹ مین اردو عبارت
مین اس طرح بیان کیا ہے۔

اب علم تفسیر دو چیزسے مرکب ہوا ایک جزو اصلی تو وہی تفسیر حقیقی دوسرا جز وصل لغات و بیان
محاورات و دفع اشکالات وغیرہا علوم جزو اول کو نقلی کہتے ہین جو آثار سلف و اقوال قدما
طرف مستند ہے جس کی سا خین معرفت ناسخ و منسوخ و اسباب نزول و مقاصد آیات
و شرح مجمل قرانی ہے اس فن کے ائمہ طبری اور واقدی اور ثعالبی وغیرہ مفسرین ہین
ان ابن جریر ابو جعفر طبری نے کہ جنکا انتقال تین سو دس ہجری مین ہوا ہے اپنی کتاب مین کہ
جس کو تفسیر ابن جریر کہتے ہین ان منقولات کو جمع کر دیا ہے اور اسیطرح حافظ ابو بکر
عبد اللہ ابن ابی شیبہ وغیرہ محدثین نے اپنی کتابون مین ان کو جمع کیا مگر رطب و یابس
صحیح و غلط ان مین سب کچھ ہے کیونکہ اکثر روایات ان مین اہل کتاب سے منقول ہے
اس لیے کہ جو اہل کتاب اسلام مین داخل ہوے اور اونہون نے وہ صحیح و غلط باتین کہ جو
اون کی کتابون مین بہری پڑی تہین نقل کین لوگون نے اون کو متبرک سمجھکر روایت کیا۔
پہر کسی نے اون کو رواج دینے کے لئے جناب نبی صلعم کے طرف اور کسی نے حضرت
عبد اللہ بن عباس کے طرف اور کسی نے کعب احبار اور وہب بن منبہ کے طرف منسوب
کر دیا جلال الدین سیوطی کی تفسیر درمنثور بہی اس قسم کی ہے اور اسوقت مخالفین یہود و نصاریٰ

جو کچھ اعتراضات قرآن اور اسلام اور پیغمبر علیہ السلام پر کرتے ہین اون کی بنیاد انہین
لغو روایات پر کہ جن کا اسلام مین کچھ بھی اعتبار نہین اور قصہ زینب اور تلک
غرانیق العلی اور زمین و آسمان کی کائنات اور زمین کا سات طبقی ہونا اور
ہر طبقے مین اسی قسم کی کائنات اور زمین کا بیل کے سینگ پر ہونا اور بیل کا مچھلی
ہونا اور اوس کے ہلنے سے زلزلہ آنا اور یاجوج وماجوج کا ایک کان ایسا اور
ایک کان ایسا ہونا اور زہرہ کا قصہ وغیر ذلک من الاسرائیلیات سادہ
لوح محدثون کی خوش اعتقادی ہے اور بس ان علوم خمسہ مین اس قسم کی وہ غلط
اور لغو باتین ان راویون نے ملائی ہین کہ جن سے اصل مدعا قرآن بھی الٹ پلٹ
کر دیا خدا محققین کو جزائے خیر عطا کرے انہون نے کھرا کھوٹا پرا اور لغو اور بے اصل
باتون کو کتب تفاسیر سے خارج کیا انتہی ۔ بقدر الحاجۃ ومن شاء المزید فلیرجع
الیہا وایضا اقول ان ہذہ القصۃ ان ثبت لیثبت باخبار الاحاد وحکمہا
قد مر فی المقدمۃ بانہا لاتصلح للاستدلال بہا فی باب العقاید لانہا
لاتفید الا الظن والصالح لاثبات العقائد لیس الا مایفید الیقین
وہذا ما اتفق علیہ جمہور اہل السنہ والشیعۃ ومایفید الیقین
فہو ایضا انما یثبت بہ العقائد اما کان موافقا للعقل والنقل
من الکتاب والسنۃ المتواترۃ وہذہ القصۃ لیست کذلک
لانہا تنبئ عن احتیاج الملئکۃ الی الزواج ومیلہم الی السفاح
وخیانتہم فی امانۃ اللہ تعالی وغیرہا من الشنائع والقبائح التی
یہین بشان الملئکۃ ویناقض کلام اللہ تعالی ویفعلون ما یؤمرون
اعاذنا اللہ تعالی من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا واللہ الموفق

اور ہر طبقہ مین اسی قسم کی کائنات اور زمین کا بیل کے سینگ پر ہونا اور بیل کا مچھلی پر ہونا اور اوس کے ہلنے سے زلزلہ آنا اور یاجوج و ماجوج کا ایک کان ایسا اور ایک کان ایسا ہونا اور زہرہ کا قصہ وغیرہ ذلک از قسم اسرائیلیات سادہ لوح محدثون کی خوش اعتقادی سے ہے اور بس ان علوم خمسہ مین اس قسم کی وہ غلط اور لغو باتین ان راویون نے ملا دی ہین کہ جن سے اصل مدعائے قرآن کو بھی الٹ پلٹ کر دیا خدا محققین کو جزائے خیر عطا کرے انہون نے کھرا کھوٹا پرکھا اور لغو و بے اصل باتون کو کتب تفاسیر سے خارج کیا تمام ہوا بقدر حاجت اور جو زیادہ تحقیق چاہتا ہو تو چاہیے کہ مقدمہ مذکورہ کے طرف رجوع ہو اور تتمیم کہتے ہین کہ یہ قصہ اگر ثابت ہو تو اخبار احاد سے ثابت ہوگا اور اون کا حکم مقدمہ مین گذر چکا ہے۔ باین طور کہ اون مین صلاحیت دلیل ہونے کی نہین ہے عقاید کے لئے اس لئے کہ وہ مفید ظن ہین اور اثبات عقاید کے لئے وہ دلیل صلاحیت رکھتی ہے کہ جو مفید یقین ہو اور جمہور سنی و شیعہ کا اسی پر اتفاق ہے اور جو دلیل کہ مفید یقین ہے اوس سے ہی عقاید کا ثبوت جیسا ہوتا ہے کہ مطابق ہو عقل و کتاب و سنت متواترہ کے اور یہ دلیل ایسا نہین ہے اس لئے کہ اس سے ملائکہ کا محتاج ہونا زوجہ کے لئے اور اون کی خواہش طرف زنا کے اور اون کا خیانت کرنا حق تعالی کی امانت مین اور اس کے سوا دوسری برائیون اور قباحتون کا ثبوت ہوتا ہے کہ جن سے شان ملائکہ کی اہانت ہوتی ہے اور خدا کے اس کلام ذا اور وہ کرتے ہین جو کچھ اون کو حکم ہوتا ہے سے مخالفت لازم آتی ہے ہمکو خدا اپنا پناہ مین رکھے ہمارے نفسون کی بدیون سے اور ہمارے کامون کی برائیون سے اور خدا ہی توفیق دینے والا ہے۔

ثم لما فرغ عن بيان الايمان بملئكة الرحمن شرع فى بيان الايمان بكتب الرحمن و
استدل عليه بعدة آيات واحاديث وآثار لا يخلو اكثرها عن ضعف ولما كان
البحث فيها والكلام عليها يجري الى الاطالة ويقتضي الطوالة صفحنا
عن النظر فيها ولخصنا مجملتها ما كان مخالفا لعقيدة اهل السنة
والجماعة وموافقا لليهود والنصارى والشيعة واجباعنه بما هو حق عند
اهل السنة ارغاما لمن خالفهم مدعيا بانه منهم وناصر لمذهبهم ولو كان
كما زعم لما حكم فى هذا الكتاب خلاف ما هو الحق عندهم والصواب فنقول
بتوفيق الله تعالى دعونه قال المصنف فى هذا الباب فى صفحة ٢٠ من هذا الكتاب
وليعلم ان العبارات التى ينقلها رواة الاحاديث من التوراة والانجيل
يوجد بعضها الى الآن فى التوراة والزبور والانجيل وصحائف انبياء
بنى اسرائيل ويوجد بعض الفاظها متفرقة فى مواضع شتى وكثير منها
لا يوجد الآن فى هذه الكتاب الموجودة فيحتمل ان اليهود والنصارى
اسقطوها على وفق عادتهم المعروفة التى اقربها المفسرون من النصارى
ويحتمل ان تكون تلك العبارات منقولة من كتب احاديث موسى
على نبينا وعليه السلام واحاديث انبياء بنى اسرائيل فان اهل الكتاب
يطلقون لفظ التوراة على تلك الكتب ايضا انتهى بقدر الحاجة
اقول هذا القول منه مخالف لما عليه جمهور الامة من اهل السنة والجماعة
لانه يشعر ان سائر الكتب السماوية التى نزلت قبل القران موجودة فى هذا
الزمان وايضا لها مفسرون ولاحاديث من نزلت عليها من الانبياء السابقين
محدثون وهذا انما يتم اذا ثبت تواتر النقل وبقاء الاسناد فيهم كما هو ثابت فينا و

پہر جبکہ فارغ ہوا مصنف ایمان بملائکہ رحمان کے بیان سے شروع کیا بیان ایمان بکتب الرحمن کو اور اوس پر دلیل دلایا چند
آیات و احادیث و آثار سے کہ اکثر اون کے ضعف سے خالی نہین ہین اور جبکہ اون مین بحث کرنا اور اونپر کلام وارد کرنا باعث
اطالت و موجب طوالت تہا لہذا ہمنے اون مین نظر کرنے سے درگذر کیا اور اون مین سے ہمنے اون دلائل کو چن لیا کہ جو اہل سنت
کے عقیدہ کے مخالف تہے اور یہود و نصاری و شیعہ کے موافق تہے اور اون کا جواب جو اہل سنت کے نزدیک
حق تہا ہمنے دیدیا اون کے مخالف کو خاک مین ملانے کی غرض سے جو کہ دعوی کرتا ہے کہ مین اونہین سے ہون
اور اونکے مذہب کا مددگار ہون اور اگر وہ ہوتا جیسا کہ اوس کا دعوی ہے تو اس کتاب مین مذہب اہلسنت کے
خلاف کا حکم نہ کرتا پس ہم کہتے ہین حقتعالی کی توفیق و مدد سے کہا مصنف نے اس کتاب کے صفحہ ۲۰۲ مین اور جاننا
چاہیے کہ ان عبارتون کو روایت احادیث توراۃ و انجیل سے نقل کرتے ہین بعض اون مین سے اب تک توراۃ
و زبور و انجیل و صحائف انبیائی بنی اسرائیل مین موجود ہین اور بعض کے الفاظ متفرق طور پر مختلف مقامات مین
پائے جاتے ہین اور بہت اون مین سے اب ان کتب موجودہ مین نہین پائے جاتے ہین احتمال ہے اس کا
یہود و نصاری نے اون کو ساقط کر دیا ہے اپنی عادت مشہورہ کے موافق کہ جس کا نصاری کے مفسرین نے
اقرار کیا ہے اور یہہ بہی احتمال ہے کہ وہ عبارتین موسی و انبیائے بنی اسرائیل کی حدیثون کی کتابون سے
منقول ہون اس لئے کہ اہل کتاب توراۃ کا لفظ اون کتابون پر بہی اطلاق کرتے ہین تمام ہوا کلام مصنف کا
بقدر حاجت کے مین کہتا ہون کہ مصنف کا یہہ قول مخالف ہے مذہب جمہور امت و اہل سنت والجماعت کے
اس لئے کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ تمام آسمانی کتابین کہ جن کا نزول قرآن کے پہلے ہوا ہے اس زمانہ
مین موجود ہون۔ اور نیز اون کے لئے تفسیر کرنے والے ہین اور جن انبیا پر وہ نازل ہوئی ہین اون کی
حدیثون کیلئے محدثین ہین اور یہہ قول جبہی روا ہو سکتا ہے کہ جب تواتر نقل و بقائے اسناد اونکی ثابت ہو جائے جیسا کہ ہم مین

ليس الامر كذلك وتبجح ذلك مما نص عليه صاحب قوت القلوب حيث
قال فيه في صفحة ۱۳ ومما فضل الله تعالى به هذه الامة على سائر الامم وصفهاته
ثلاثة اشياء بتبقية الاسناد فيهم يأثره خلف ان سلف متصلا الى نبينا صلى الله
عليه وسلم الى من خلا من علمائنا وانما كانوا قبلهم يستنسخون الصحف كلما
اختلقت صحيفة جددت فكان ذلك اثر العلم فيهم والثانية حفظ كتاب
الله المنزل عن ظهر غيب وانما كانوا يقرأون كتبهم نظرا ولم يحفظ
جميع كتاب انزله الله تعالى قط غير كتابنا هذا الا ما الهمه الله تعالى
عزيرا من التوراة بعد ان كان بختنصر احرق جميعها عند احراق بيت
المقدس فلذلك قال سبط من اليهود انه ابن الله عز عن ذلك
علوا كبيرا لما خصه به وافرده من حفظ جميع التوراة والثالث كل مؤمن
من هذه الامة يسئل عن علم الايمان ويسمع قوله ويوخذ من رأيه وعلمه
مع حداثة سنه ولم يكونوا فيما مضى يسمعون العلم الا من الاحبار
والقسيسين والرهبان لا غير من الناس انتهى فعلم ان الاسناد من خصائص
هذه الامة وكيف يصح الحكم بكون كتبهم السماوية وكتب احاديثهم النبوية
موجودة في هذه الزمان ان هذا الا زعم فاسد ورأى كاسد نشأ من قلب
جاحد او حاسد ثم قال المصنف في صفحة ۲ من كتابه هذا او فرقة اخرى يدعون
ان التوراة والزبور والانجيل وغيرها فقدت من الدنيا وليس في هذه الكتب منها
حرف واحد فهم يشنعون في رسائلهم تشنيعا عظيما على آيات هذه الكتب
الموجودة لانها في زعمهم من تصنيفات اليهود والنصارى فتارة
يعمدون الى الآيات المتشابهات ويبتغون منها الفتنة ويقولون يلزم منه

ثابت ہے اور حالانکہ ایسا نہین ہے اور یہہ ظاہر ہوتا ہے اوس بیان سے کہ جسپر مفسر نے تصریح فرمائی ہے صاحب قوت القلوب نے چنانچہ اوس نے صفحہ ۲۳۱ مین کہا ہے (اور منجملہ اون امور کے کہ جنکی وجہ سے حقتعالی نے اوس امت کو اور امتون پر بزرگی بخشی ہے اور اسی امت کو اون کے ساتھہ خصوصیت عطا کی ہے تین چیزین ہین باقی رکہنا اسناد کا اس امت مین کہ نقل کرتا ہے خلف سلف سے تا بہ نبی صلعم اور ہمارے دیگر علما تک اور اگلی امتون مین صحیفون کو لکہہ لیتے تہے جب ایک صحیفہ پرانا ہو جاتا پہر اوس کی نقل لیکر نیا کر لیا جاتا پس اونہین ہی علم کا نشان تہا دوسری فضیلت اس امت کی برزبان کرنا ہے کتاب اللہ کا اور اگلی امتون مین ناظرہ پڑہتے تہے اپنے کتب سماویہ کو اور کبہی اون مین کوئی کتاب سماوی برزبان نہین کی گئی بجز ہماری اس کتاب مجید کے مگر جس قدر توراۃ کا الہام کیا تہا حقتعالی نے عزیر علیہ السلام کو بعد اس کے کہ بخت نصر نے اوسکے کل نسخون کو جلا دیا تہا بیت المقدس کے جلانیکے وقت مین پس اسی وجہ سے یہود کی ایک جماعت نے کہا ہے کہ عزیر خدا کا بیٹا ہے پاک ہے اس سے حقتعالی بہت پاک ہونا اس سبب سے کہ حقتعالی نے تمام توراۃ کو یاد کرنیکے ساتہہ اون کو خصوصیت بخشی اور منفرد کیا اور تیسرا امر یہہ ہے کہ ہر مومن اس امت کا سوال کیا جاتا ہے ایمان کے علم سے اور اوسکا قول سنا جاتا ہے اور اوسکی رائے علم پر عمل کیا جاتا ہے اگرچہ وہ کمسن ہو اور اگلی علم کا مسئلہ اخبار و حسن ذرہیان ہی سے سنتے تہے نہ دوسرے لوگون سے انتہی پس معلوم ہوا کہ اسناد اس امت کے خصائص مین سے ہے پس جبکہ اگلی امتون مین اسناد انتہی پہر اون کا حال کیونکر اس امت کے حال پر قیاس کیا جاوے اور کسطرح درست ہو حکم کرنا اون کی کتب سماویہ و کتب احادیث کے موجود ہونے کا اس زمانہ مین یہہ تو زعم فاسد و رائے کاسد ہے کہ منکر یا حاسد کے قلب سے پیدا ہوئی ہے پہر کہا مصنف نے اپنی اس کتاب کے صفحہ ۲۰۶ مین (اور دوسری جماعت دعوی کرتی ہے کہ توراۃ و زبور و انجیل وغیرہ دنیا سے ناپید ہو گئے ہین اور اون موجودہ کتابون مین اونکا ایک حرف بہی نہین ہے پس یہہ لوگ اپنی کتابون مین بہت بڑی تشنیع کرتے ہین ان کتب موجودہ کی آیتون مین اس لئے کہ اونکے زعم مین یہہ کتابین یہود و نصاری کی تصانیف سے ہین پس کبہی تو قصد کرتے ہین آیات متشابہات کیطرف اور اون سے فتنہ کو تلاش کرتے ہین اور کہتے ہین کہ اس سے ایسا لازم آتا ہے ۔۔

كذا وكذا ولا يطلبون لها تاويلا صحيحا مع علمهم بان المثال هذه المتشابهات موجودة فى القران العظيم تارة يعهدون الى الآيات المحكمات ويحرفون معانيها الى غير مقاصدها ومع وضوح معانيها ثم يشنعون عليها تشنيعا عظيما وتارة يدعون التناقض فى آيات ليس فيها مظنة للتناقض فهم يدعون التناقض جهلا وعنادا وتارة يشنعون على امثال ضربها الله تعالى لتفهيم عباده ويقولون اى ركاكة عند الله مثال غير هذا وقد قال الله تعالى ان الله لا يستحى ان يضرب مثلا ما بعوضة فما فوقها والاشياء التى هى محرمة فى شريعتنا اذا وجدوها غير محرمة فى شريعة سابقة يشنعون تشنيعا عظيما على هذه الكتب الالهية مع علمهم بان كثيرا من الاشياء التى هى محرمة فى شريعتنا لم تكن محرمة فى الشرائع السابقة فهؤلاء يخالفون القواعد الشرعية ويتكلمون فى شان الكتب المنزلة بكلمات تقشعر منها جلود المومنين فان احتاطوا احتاطوا فى تكفيرهم لاقرارهم باصل هذه الكتب وزعمهم فقدانها فلا شك انهم مبتدعون بدعة عظيمة قاربوا بها الكفر اعاذنا الله من شرورهم انتهى بقدر الحاجة

اقول بتوفيق الله تعالى وعونه ما قال المصنف فى هذا القول فهو حكم منه قد فرعه على ما قال فى القول السابق من ان الكتب السماوية السابقة موجودة فى هذا الزمان وقد ابدع فى هذا الحكم حيث قرنه بما هو ممنوع ومحرم جدا عند اهل السنة ولم يقل به صريحا ولم يفرعه مجردا على محض انكار وجودها الآن وهذا النوع من الحكم يجرى على جل الاحكام الشرعية و جملة الامور الاصلية والفرعية مثلا نقول الصلوة حرام فى حال السكر والزكوة حرام من مال الغير وتلاوة القرآن حرام فى حال الجنابة والسجدة حرام لغير الله تعالى والايمان حرام بالطاغوت والنكاح

اور اونکی صحیح تاویل کو طلب نہین کرتے باوجود اونکے جاننے کے اس امر کو کہ اس قسم کی متشابہات قرآن مجید مین بہی موجود ہین اور کبہی قصد کرتے آیات محکمات کی طرف اور اونکے معانی مین خلاف مقصود تحریف کرتے ہین یا آنکہ اونکے معانی کہلے کہلے ہین پہر اون پر تشنیع عظیم کرتے ہین اور کبہی تناقض کا دعوے کرتے ہین اون آیتون مین کہ جنمین تناقض کا شائبہ نہین ہے پس یہ لوگ نادانی وعناد سے دعوے تناقض کرتے ہین اور کبہی تشنیع کرتے ہین اون مثلون پر کہ جنکو حقتعالی نے اپنے بندون کو سمجہانے کے واسطے بیان کیا ہے اور کہتے ہین کہ کیا انکے سوا خدا کے پاس کوئی مثل نہ تہی حالانکہ حقتعالی نے فرمایا ہے کہ بیشک اللہ نہین شرماتا ہے اس سے کہ مثل بیان کرے کوئی مثل ہو مچہر ہو یا اوس سے اوپر کی چیز اور جو چیزین کہ ہماری شریعت مین حرام ہین جب اونکو یہ لوگ پہلی کسی شریعت مین حلال پاتے ہین تو اون کتب الہیہ پر بڑی تشنیع کرتے ہین حالانکہ ان کو معلوم ہے کہ بہت سی چیزین ہماری شریعت مین حرام کیگئی ہین پہلی شریعتون مین حرام نہ تہی پس یہ لوگ قواعد شرعیہ کے خلاف کرتے ہین اور کتب منزلہ کی شان مین ایسے کلمات بولتے ہین کہ جنکے سننے سے مومنونکے رونگٹے کہڑے ہوجاتے ہین پس اگر انکی تکفیر مین کوئی احتیاط کرے بسبب انکے اقرار کرنیکے ان کتابون کی اصل کا اور اعتقاد کرنیکے اونکے کم ہوجانے کا پس اسمین تو شک نہین ہے کہ یہ لوگ بدعتی ہین بہت بڑی بدعت کے کہ جسکی وجہ سے قریب ہو گئے ہین کفر کے ہمکو خدا پناہ دے انکے شرون سے انتہی بقدر حاجت مین کہتا ہون خدا کی توفیق اور مدد سے کہ مصنف نے اس قول مین جو کچہ کہا ہے یہہ ایک فتوی ہے اوس کا کہ جسکو نکالا ہے پہلے قول سے وہ یہ کہ کتب سابقہ اس زمانہ مین موجود ہین اور اس فتوی مین ایک نادر صنعت یہہ بہی کی ہے کہ اسکو متصل کیا ہے ایسے اقوال سے کہ جو اہل سنت کے نزدیک قطعا منع اور حرام ہین اور اس کو صاف طور پر اور جداگانہ سبب نہ کیا محض اتنی بات پر کہ ان لوگونکو اس وقت کتب سابقہ کے وجود کا انکار ہے اور اس طور کا فتوی دیا جا سکتا ہے بڑے بڑے احکام شرعیہ پر اور تمام امور اصلیہ و فرعیہ پر مثلاً ہم کہتے ہین کہ نماز حرام ہے حالت سکر مین اور زکوۃ دینا حرام ہے مال غیر سے اور تلاوت قرآن حرام ہے جنابت کی حالت مین اور سجدہ کرنا حرام غیر اللہ کو اور ایمان لانا حرام ہے شیطان پر اور نکاح

سواء عن منكوحة الغير التي زوجها هي وغير ذلك من الامثلة فنقول ان
هذا الحكم منه على منكري وجود الكتب السابقة الآن انما هو راجع الى
جمهور اهل السنة ومحققي هذه الامة ويتضح ذلك مما نص عليه المحقق المدقق
ابو محمد عبد الحق الدهلوي في مصنفه من مقدمة تفسير الحقاني حيث
قال بالهندية بعض ناانصاف عیسائی جو کسی غرض دنیاوی سے برگشتہ ہوگئے ہین
قرآن مجید پر یہہ اعتراض کرتے ہین کہ قرآن نے باوجودیکہ ان کتابون کی از حد
تصدیق کی پھران تحریفات کی باتون کو اعنی الوہیت وغیرہا کو بڑے زور سے رد
کیا اس سے قرآن کا کتاب الہی ہونا معلوم نہین ہوتا چنانچہ پادری صفدر علی
نے نیاز نامہ مین اسی بات پر بڑا زور دیکر عیسائیون مین سرخروئی حاصل کی ہے
مگر یہہ اعتراض کیونکر وارد ہوسکتا ہے حالانکہ قرآن شریف نے ان کتابون کی کہ
جنمین یہہ ناپاک مضامین مذکور ہین کس جگہ مدح فرمائی ذرا بیان تو کیجئے کیا لوگون کی
وہ تالیفات جو صدہا سال بعد موسی و عیسی علیہم السلام کے ہوئی ہین تورات وانجیل
ہوسکتی ہین حاشا وکلا انتہی وفی هذا الكلام تصريح بليغ على ان هذه الكتب
الموجودة التي في ايدي اليهود والنصارى في زماننا هذا ليست
هي التي صدقها القرآن العظيم بل هي مما الفها اليهود والنصارى بعد
قرون من زمن موسى وعيسى عليهما السلام فمنكر هذه الكتب الموجودة
كيف يكون مستحقا للحكم عليه بالكفر او البدعة العظيمة التي حكم
بها المصنف عليه اعاذنا الله من احكام الضالين وهفوات الجاهلين
ثم حقق كلامه المذكور ان ذلك المحقق هكذا امر ضروری یہ ہے
کہ تورات وہ کتاب ہے کہ جو خاص حضرت موسی پر نازل ہوئی تھی اور زبور وہ

حرام ہے غیر کی منکوحہ سے کہ جس کا شوہر زندہ ہے اسکے سوا اور بہت سی مثالین ہین پس ہم کہتے ہین کہ
مصنف کا یہہ فتوی منکرین وجوہ کتب سابقہ پر اس وقت مین درحقیقت راجع ہے جمہور اہل سنت کی طرف
اور محققین اس امت کی طرف اور یہہ امر واضح ہوتا ہے اوس کلام سے کہ جس کو بصراحت بیان کیا ہے
محقق مدقق ابو محمد عبد الحق دہلوی نے اپنی تفسیر حقانی کے مقدمہ کے صفحہ ۲۰۵ مین چنانچہ اردو زبان مین
کہا ہے (بعض ناانصاف عیسائی جو کسی غرض دنیاوی سے کرشٹین ہو گئے ہین قرآن مجید پر یہہ اعتراض
کرتے ہین کہ قرآن نے باوجودیکہ ان کتابون کی از حد تصدیق کی پھر ان نجات کی باتون کو یعنی الوہیت
وغیرہا کو بڑے زور سے رد کیا اس سے قرآن کا کتاب الہی ہونا معلوم نہین ہوتا چنانچہ پادری
صفدر علی نے نیاز نامہ مین اسی بات پر بڑا زور دیکر عیسائیون مین سرخروئی حاصل کی ہے مگر یہہ
اعتراض کیونکر وارد ہو سکتا ہے حالانکہ قرآن شریف نے ان کتابون کی کہ جنمین یہہ ناپاک مضامین ہین کو
ہین کس جگہ سچ فرمائی ذرا بیان تو کیجئے کیا لوگون کی وہ تالیفات جو صدہا سال بعد موسی و عیسی علیہم السلام
کے ہوئی ہین توراۃ و انجیل ہو سکتی ہین حاشا و کلا انتہی) اور اس کلام مین بہت بڑی تصریح ہے اسپر کہ
یہہ موجودہ کتابین جو اس زمانہ مین یہود و نصاری کے ہاتھون مین ہین وہ کتابین نہین ہین کہ
جنکی قرآن مجید نے تصدیق فرمائی ہے بلکہ یہہ تو یہود و نصاری کی تالیفات سے ہین موسی و عیسی
علیہم السلام کے بہت برسون بعد پس ان کتابون کا منکر کیونکر مستحق ہوگا کافر یا بدعتی کہے جانے کا
جیسا کہ مصنف نے فتوی دیا ہے ہمکو خدا پناہ مین رکھے گمراہون کے فتوون اور اہل بدعت کے
فضول باتون سے پھر اوسی محقق نے اپنے کلام مذکور کی تحقیق اس طرح پر بیان فرمائی (امر ضروری
یہ ہے کہ توراۃ وہ کتاب ہے کہ جو خاص حضرت موسی پر نازل ہوئی تھی اور زبور

وہ کتاب ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کو عطا ہوئی تہی اور انجیل وہ کتاب ہے کہ جو
حضرت عیسیٰ پر نازل ہوئی تہی اور کچھہ صحیفے حضرت ابراہیمؑ وغیرہ انبیا پر نازل ہوئی
تہی اس امر منصوص مین سنی شیعہ کل فرقے اسلام کے سلف سے لیکر خلف تک
متفق ہین پس یہ کتاب جو موسیٰ کے بعد مین تصنیف ہوئی اور کچھہ مضامین توراۃ
اصلی کے یادداشت کے طور پر اوس مین درج کرکے توراۃ نام رکھا قطعی وہ توراۃ
نہین کہ جس کا قرآن مین ذکر ہے اسیطرح وہ کتابین کہ جو حضرت عیسیٰ کے بعد لوگون نے
تصنیف کی ہین اور اون مین حضرت عیسیٰ کے حالات و اقوال کو صحیح و غلط طور پر جمع
کر دیا ہے کہ جس کو اب عیسائی انجیل متی و مرقس و لوقا و یوحنا کہتے ہین وہ انجیل نہین
کہ جسکا قرآن مین ذکر ہے چنانچہ امام قرطبی نے اپنی کتاب اعلام مین اسکی تصریح فرمائی ہے
اور امام رازی وغیرہ جمیع علماے اسلام اسکے قائل ہین بلکہ تمام امت محمدیہ مین یہ مسئلہ
متفق علیہا ہے بخوف تطویل اقوال نقل کرنا مناسب نہین جانتا پس اب جو اہل کتاب
اس توراۃ و انجیل کو لیئے پہرتے ہین اور اسکو اصل توراۃ و انجیل بتلاکر مسلمانون کو
ایمان لانے کے لئے مجبور کرتے ہین محض فریب ہے اس سے ہر ایماندار کو بچنا فرض ہے
انتہی وقال فی موضع آخر فی صفحہ ۱۲۸ منہا واضح ہو کہ یہہ بات ہمارے اور
عیسائیون کے نزدیک متفق علیہ ہے کہ یہہ چارون انجیلین نہ حضرت عیسیٰؑ کی تصنیف
ہین نہ اون کے عہد مین لکہی گئی ہین پس ہمکو تو بحث کو اسی جگہ تمام کر دینا چاہیئے تہا
کیونکہ جس انجیل کے اہل اسلام قائل ہین اور جس کا قرآن مین ذکر ہے وہ انجیل ہے
کہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر بذریعہ روح القدس نازل ہوئی ہے جس طرح کہ توراۃ و
زبور و دیگر صحف انبیا کا حال ہے مگر چونکہ عیسائی اس بات کے قائل ہین کہ گو یہہ مسیح کی
اناجیل نہین مگر یہہ بہی الہامی اور رسولون کی تصنیف ہین ہر چند اس بات کو بہی ہم نے مجلس کے

وہ کتاب ہے کہ حضرت داؤدؑ کو عطا ہوئی تھی اور انجیل وہ کتاب ہے کہ جو حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی اور کچھ صحیفے حضرت ابراہیمؑ وغیرہ انبیا پر نازل ہوئے تھے اس امر مخصوص میں سنی شیعہ کل فرقے اسلام کے سلف سے لیکر خلف تک متفق ہیں پس یہ کتاب جو موسیٰؑ کے بعد میں تصنیف ہوئی اور کچھ مضامین تورات اصلی کے یادداشت کے طور پر اوس میں درج کر کے تورات نام رکھا گیا قطعی وہ تورات نہیں کہ جس کا قرآن میں ذکر ہے اسی طرح وہ کتابیں کہ جو حضرت عیسیٰؑ کے بعد لوگوں نے تصنیف کی ہیں اور اون میں حضرت عیسیٰؑ کے حالات و اقوال کو صحیح و غلط طور پر جمع کر دیا ہے کہ جنکو اب عیسائی انجیل متی و مرقس و لوقا و یوحنا کہتے ہیں وہ انجیل نہیں کہ جس کا قرآن میں ذکر ہے چنانچہ امام قرطبی نے اپنی کتاب اعلام میں اس کی تصریح فرمائی ہے اور امام رازی وغیرہ جمیع علمائے اسلام اس کے قائل ہیں بلکہ تمام امت محمدیہ میں یہ مسئلہ متفق علیہا ہے بخوف تطویل اقوال نقل کرنا مناسب نہیں جانتا پس اب جو اہل کتاب اس تورات و انجیل کو لئے پھرتے ہیں اور اوس کو اصل تورات و انجیل بتلا کر مسلمانوں کو ایمان لانے کے لئے مجبور کرتے ہیں محض فریب ہے اس سے ہر ایماندار کو بچنا فرض ہے انتہی) اور دوسرے مقام میں اسی مقدمہ تفسیر حقانی کے صفحہ ۷۸ میں کہا ہے (واضح ہو کہ یہ بات ہمارے اور عیسائیوں کے نزدیک متفق علیہ ہے کہ یہ چاروں انجیلیں نہ حضرت عیسیٰؑ کی تصنیف ہیں نہ اون کے عہد میں لکھی گئی ہیں پس ہمکو تو بحث کو اسی جگہ تمام کر دینا چاہیئے تھا کیونکہ جس انجیل کے اہل اسلام قائل ہیں اور جس کا قرآن میں ذکر ہے وہ انجیل ہے کہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر بذریعہ روح القدس نازل ہوئی ہے جس طرح کہ تورات و زبور و دیگر صحف انبیا کا حال ہے مگر چونکہ عیسائی اس بات کے قائل ہیں کہ گو یہ مسیح کی اناجیل نہیں مگر یہ بھی الہامی اور رسولوں کی تصنیف ہیں اس جہت سے اس بات کو بھی ہم نے تجسس کر کے -

دیکھا مگر بہت سے وجوہات سے غلط پایا اور عیسائیون کے پاس سوائے خوش
اعتقادی کے اور کوئی دلیل نہ دیکھی ہان اس قدر ہم بھی مانتے ہین کہ انہین کچھ
مضامین الہامی بھی ماخوذ ہین اور یہہ بھی متفق علیہ ہے کہ انکے مضامین کے بعد ان مین
خواہ سہوًا خواہ عمدًا بیشمار جگہ غلطیان اور کمی و زیادتیان ہوئی ہین کہ جنکا شمار بقول علمائے
اہل کتاب ہزارہا تک پہونچتا ہے جنکی تفصیل اظہار الحق وغیرہ کتب مین ہے اور
جنکا اقرار پادری صاحب کو بھی ہے انتہی وقال فی موضع آخر فی صفحہ ۱۶۰
منہا واضح ہو کہ قرآن مجید مین اکثر جگہ توراۃ و انجیل و زبور و صحف ابراہیم علیہ السلام
وغیرہم کا ذکر آیا ہے اور انکی مدح اور تصدیق اور کتاب الہی ہونا بیان کیا ہے اور بعض
مضامین کا حوالہ انکی طرف دیا ہے اسلئے جمہور اہل اسلام کے نزدیک انپر ایمان لانا
ضرور ہے کیونکہ جمیع انبیا اور تمام کتب الہیہ کو بلا تفریق حق سمجھنا خاص اہل اسلام کا
ہی حصہ ہے اسلئے مجھکو ضرور ہوا کہ ان کتابون کا کسیقدر مختصر حال بیان کرون تاکہ
ہر شخص کو معلوم ہو جائے کہ اسوقت جو کتابین اس نام کی اہل کتاب کے پاس ہین
وہ اصل نہین ہین اس زمانہ مین عیسائیون کا بڑا زور ہے پادری گلی کوچون مین لوگونکو
بہکاتے پھرتے ہین کہین کالج مقرر کرکے لڑکون کو لالچ دیکر انجیل کی تعلیم دیتے اور کرسٹین
بناتے ہین بلکہ سینا پرونا سکہانیکے بہانہ سے شرفاء اہل اسلام کے گہرونمین مستورات
کے بہکانیکے لئے جوان شاطر میمون کو بھیجتے ہین اور وہ گہر کی نوجوانون سے نہایت
خوش خلاقی سے پیش آکر رجہاتین اور دین سے برگشتہ کراتی ہین اور کہتی ہین اول
تمہارے قرآن مین بھی توراۃ و انجیل و زبور پر ایمان لانیکی تاکید ہے یہ کتابین ہمارے
پاس ہین انپر ایمان لاؤ انمین جو کچھہ لکہا ہے اوسکو مانو مسیح خدا کا بیٹا اور دنیا کا
کفارہ ہے جب سادہ لوح اس دام مین آئے تب اونکو اور کچھہ سنایا کہ تمہارے

دیکہا اگر بہت سے وجوہات سے غلط پایا اور عیسائیون کے پاس سوائی خوش اعتقادی کے اور بہی
کوئی دلیل نہ دیکہی ہان اس قدر ہم بہی مانتے ہین کہ انہین کچہہ مضامین الہامی بہی ماخوذ ہین اور یہ بہی
متفق علیہ ہے کہ انکے مضامین کے بعد ان مین خواہ سہوًا خواہ عمدًا بے شمار جگہہ غلطیان اور کمی و
زیادتیان ہوئی ہین کہ جن کا شمار (بقول علماے اہل کتاب ہزارہا تک پہونچتا ہے جنکی تفصیل اظہار الحق
